
# مزاراتِ اولیاء اور توسّل





مصنف: علامہ سید شاہ تراب الحق قادری دامت برکاتہم العالیہ



ناشر: بزمِ رضا (حلقہ کھارادر)
المسلم ویلفیئر سوسائٹی نزد بسم اللہ مسجد کھارادر۔ کراچی (پاکستان)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یک زمانہ صحبت با اولیاء
بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

یہ جان لے اللہ کے بندے کہ اللہ والے وہ ہیں جو اللہ سے ملا دیتے ہیں

# برائے ایصالِ ثواب

پیر طریقت ولی نعمت مرشدی مولائی آقائی سیدی و سندی فضیلۃ الشیخ الاستاذ العلماء حضرت علامہ الحافظ القاری محمد مصلح الدین صدیقی قادری رضوی نور اللہ مرقدہ کے سالانہ عرس کے متبرک، مقدس اور پُر سعادت موقع پر بزم رضا (حلقہ کھارادر) کی جانب سے اہل محبت کے لئے پُر خلوص تحفہ۔

بسلسلہ ایصالِ ثواب سرکارِ مدینہ حبیب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم و کل محبوبین الٰہی نور اللہ مرقدہ و خصوصاً صاحب عرس حضرت علامہ قاری محمد مصلح الدین صدیقی قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ۔

نوٹ: جن حضرات نے اس نیک کام میں تعاون فرمایا۔ اللہ تعالیٰ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے و طفیل ان کے اس تعاون کو قبول فرمائے اور انہیں دین و دنیا میں خیر و برکت عطا فرمائے (آمین)


بزم رضا (حلقہ کھارادر)

المسلم ویلفیئر سوسائٹی نزد بسم اللہ مسجد
کھارادر کراچی

فون: 2313232-2313233
موبائل نمبر: 0303-6202233

رابطے کے لیئے ہمارا واحد پتہ



marfat.com

Marfat.com

# مزاراتِ اولیاء اور توسّل

مصنف:

## علامہ سید شاہ تراب الحق قادری

دامت برکاتہم العالیہ

ناشر: بزم رضا (حلقہ کھارادر)

المسلم ویلفیئر سوسائٹی نزد بسم اللہ مسجد کھارادر۔ کراچی (پاکستان)

marfat.com

Marfat.com

نام کتاب : مزاراتِ اولیاء اور توسل

نام مصنف : پیر طریقت علامہ سید شاہ تراب الحق قادری الجیلانی

مرتب : انجینئر حافظ محمد آصف قادری

پروف ریڈنگ : انجینئر حافظ محمد عارف قادری

معاونین : کنور فرحان (لاہور)، محمد افضل قادری (فیصل آباد)

محمد عمران قادری (اسلام آباد)، محمد رئیس قادری (کراچی)

طباعت دوئم: شعبان المعظم ۱۴۲۲ھ/ اکتوبر ۲۰۰۱ء

ناشر : بزمِ رضا (حلقہ کھارادر) المسلم ویلفیئر سوسائٹی نزد بسم اللہ مسجد کھارادر کراچی (پاکستان)

ہدیہ :

☆☆☆ ملنے کے پتے ☆☆☆

☆ مکتبہ افکارِ اسلامی، جامع مسجد کنز الایمان، آئی ٹن ون، اسلام آباد

☆ مصلح الدین لائبریری، میمن مسجد مصلح الدین گارڈن کراچی

☆ حنفیہ پاک پبلی کیشنز، نزد بسم اللہ مسجد کھارادر، کراچی

☆ مکتبہ رضویہ، گاڑی کھاتہ، آرام باغ، کراچی

☆ جامعہ قادریہ رضویہ، سرگودھا روڈ، مصطفیٰ آباد، فیصل آباد

☆ مکتبہ قادریہ، نزد سستا ہوٹل، داتا دربار، لاہور

☆ قادریہ پبلیشرز کارا بھائی کریم جی روڈ نیا آباد کراچی

marfat.com
Marfat.com

# فہرست


| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| پیش لفظ | 6 |
| باب اول : زیارتِ قبور | 13 |
| زیارتِ قبور، قرآن کی روشنی میں | 13 |
| زیارتِ قبور، حدیث کی روشنی میں | 13 |
| زیارت قبور کے فوائد | 17 |
| باب دوم : روضۂ انور پر حاضری | 18 |
| حاضری، قرآن کی روشنی میں | 18 |
| حاضری، احادیث کی روشنی میں | 20 |
| حاضری کے آداب | 21 |
| ریاض الجنت | 25 |
| باب سوم : صالحین کی برکتیں | 28 |
| محبوبانِ خدا کے آستانے | 28 |
| انبیاء واولیاء کی برکتیں | 29 |
| یوسف علیہ السلام کے مزار کی برکت | 31 |
| صالحین کے قریب دفن ہونا | 32 |
| بیت المقدس کی برکتیں | 33 |
| تبرکات صالحین کی برکت | 35 |
| باب چہارم : وسیلہ کیا ہے؟ | 38 |
| وسیلہ اور توسل | 38 |
| تشریف آوری سے قبل توسل | 39 |
| آپ کی حیاتِ طیبہ میں توسل | 40 |
| تبرکاتِ نبوی سے توسل | 42 |
| صحابہ واولیاء سے توسل | 49 |
| وصال کے بعد توسل | 52 |
| روضۂ اقدس سے توسل | 57 |
| ندائے یارسول اللہ ﷺ | 60 |
| باب پنجم : حیات النبی ﷺ | 66 |
| حیاتِ انبیاء کرام | 66 |
| عقیدہ حاضر وناظر، قرآن میں | 68 |
| حیات النبی ﷺ، احادیث میں | 69 |
| حیات النبی ﷺ اور صحابہ کرام | 73 |
| سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کا عقیدہ | 73 |
| سیدنا ابوایوب رضی اللہ عنہ کا عقیدہ | 73 |
| سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا عقیدہ | 74 |
| سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہ کا عقیدہ | 74 |
| حیات النبی ﷺ اور اولیاء کرام | 74 |
| غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ | 74 |
| خواجہ اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ | 75 |
| سید احمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ | 75 |
| شیخ عبدالحق محدث رحمۃ اللہ کی گواہی | 76 |


marfat.com

Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی گواہی | 76 |
| اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ | 76 |
| حیاتِ انبیاء اور محدثینِ کرام | 77 |
| امام ابوبکر احمد بیہقی رحمۃ اللہ علیہ | 77 |
| امام تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ | 78 |
| امام احمد قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ | 78 |
| امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ | 78 |
| شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ | 79 |
| امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ | 79 |
| باب ششم: حیاتِ شہداء و مومنین | 80 |
| حیاتِ برزخی | 80 |
| سماعِ موتی پر اعتراض کا جواب | 82 |
| مومن ارواح کی شان | 84 |
| حیاتِ شہداء | 88 |
| بعد شہادت صحابی کی وصیت | 91 |
| باب ہفتم: حیاتِ اولیاء بعد از وصال | 92 |
| حیاتِ اولیاء کرام | 92 |
| بیسویں صدی کا ایمان افروز واقعہ | 93 |
| ایمان افروز واقعات | 95 |
| تابعی نے موت کے بعد کلام کیا | 95 |
| ایک تابعی موت کے بعد ہنسے | 96 |
| قبر میں سے کلام کرنا | 96 |
| اولیاء موت کے بعد زندہ | 97 |
| ہر محبِ الٰہی قبر میں زندہ | 97 |
| صالحہ کا جنازہ پڑھنے سے بخشش | 98 |
| باب ہشتم: مزارات پر حاضری | 99 |
| شعائر اللہ | 99 |
| مزارات کی تعظیم | 101 |
| مزاراتِ اولیاء پر حاضری | 103 |
| باب نہم: آدابِ مزارات | 107 |
| 1- پختہ قبر بنانا | 107 |
| 2- قبر پر عمارت بنانا | 108 |
| 3- مزارات کے قریب مساجد | 111 |
| 4- مزار پر چادر چڑھانا | 113 |
| 5- مزار پر پھول ڈالنا | 114 |
| 6- مزار پر چراغ جلانا | 116 |
| 7- سجدہ تعظیمی اور مزار کا بوسہ | 118 |
| 8- عورتوں کا قبور پر جانا | 119 |
| 9- مزار پر کھانا کھلانا | 120 |
| 10- اعراسِ اولیاء کرام | 122 |
| دعوتِ فکر و عمل | 125 |
| باب دہم: اولیاء سے استعانت | 127 |


marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|---|
| استعانت اور قرآن | 127 | 14- غریب نواز رحمہ اللہ کا تصرف | 148 |
| اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ | 129 | 15- داتا گنج بخش رحمہ اللہ کا تصرف | 148 |
| استعانت بعد از وصال | 130 | ہیں کواکب کچھ | 149 |
| استعانت، اولیاء کی کرامت | 132 | نظر آتے ہیں کچھ | 155 |
| باب یازدہم: تصرفاتِ اولیاء | 135 | باب دوازدہم: مزارات کی برکتیں | 159 |
| تصرفات، قرآن کی روشنی میں | 135 | اربابِ بصیرت کی گواہی | 159 |
| تصرفات، حدیث کی روشنی میں | 136 | ۱- حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ کا مزار | 161 |
| اکابر اولیاء کے تصرفات | 138 | ۲- حضرت اُمّ حرام رضی اللہ عنہا کا مزار | 162 |
| 1- حضرت علی رضی اللہ عنہ کا تصرف | 138 | ۳- امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مزار | 162 |
| 2- حیدر کرار و غوث پاک کا تصرف | 139 | ۴- امام شافعی رحمہ اللہ کا مزار | 163 |
| 3- حضرت علی رضی اللہ عنہ کا تصرف | 140 | ۵- امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کا مزار | 164 |
| 4- غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا تصرف | 141 | ۶- امام موسیٰ کاظم رحمہ اللہ کا مزار | 164 |
| 5- خواجہ بختیار کاکی رحمہ اللہ کا تصرف | 141 | ۷- امام علی رضا رحمہ اللہ کا مزار | 165 |
| 6- ام المومنین رضی اللہ عنہا کا تصرف | 142 | ۸- معروف کرخی رحمہ اللہ کا مزار | 165 |
| 7- غوث اعظم و خواجہ نقشبند کا تصرف | 143 | ۹- امام بخاری رحمہ اللہ کا مزار | 166 |
| 8- خواجہ بختیار کاکی رحمہ اللہ کا تصرف | 144 | ۱۰- ابو العباس قاسم رحمہ اللہ کا مزار | 166 |
| 9- امام ابن حنبل رضی اللہ عنہ کا تصرف | 145 | ۱۱- شیخ جزولی رحمہ اللہ کا مزار | 167 |
| 10- معروف کرخی رحمہ اللہ کا تصرف | 145 | ۱۲- داتا گنج بخش رحمہ اللہ کا مزار | 168 |
| 11- شمس الدین رحمہ اللہ کا تصرف | 145 | مزار پر دعا کا طریقہ | 169 |
| 12- شمس الدین رحمہ اللہ کا تصرف | 146 | اہلِ بدعت کا فتنہ | 172 |
| 13- شیخ سعدی رحمہ اللہ کا تصرف | 147 | حرفِ آخر | 175 |


marfat.com
Marfat.com

# پیش لفظ

نثر الحمد یا اللہ والصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

اسلام دینِ فطرت ہے۔ سرکار دوعالم ﷺ انسانیت کی فلاح ونجات کے لیے جو دین لائے وہ نہ صرف انسانی زندگی کے ہر شعبہ اور ہر جہت میں راہنما ہے بلکہ وہ موت کے بعد کی زندگی اور آخرت کے مختلف پہلوؤں پر بھی کماحقہ شعور اور آگہی عطا کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسان کے انتقال کے بعد اس کا تعلق اسکے لواحقین سے بالکل منقطع نہیں ہو جاتا بلکہ اس کے صدقاتِ جاریہ اور اسکی اولاد کی نیکیوں کا ثواب تو اسے ملتا ہی ہے علاوہ ازیں جو مسلمان اسکے لیے مالی وبدنی عبادات کا ایصال ثواب کرتے ہیں ان سے بھی وہ نفع پاتا ہے۔

ہم اپنے والدین اور دیگر عزیز واقارب کو انکے انتقال کے بعد فراموش نہ کردیں، اسی لیے آقا ومولیٰ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم انکی قبروں کی زیارت کے لیے جایا کریں اور انکے لیے دعائے مغفرت کیا کریں۔ اللہ تعالیٰ کے خلیل ابراہیم علیہ السلام نے یہ دعا فرمائی، ''اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو جس دن حساب ہوگا''۔(ابراھیم :۴۱)

اگر غور وفکر کریں تو یہی بات سمجھ میں آتی ہے کہ مرحومین سے نسبت قائم رہنی چاہیے اسی لیے ہمیں زیارتِ قبور اور ایصال ثواب کی تلقین کی گئی۔ ہمیں قبر کی تعظیم کا حکم بھی دیا گیا کیونکہ ہر قبر کو صاحبِ قبر کے جسم سے نسبت ہے۔ ''نسبت'' کوئی معمولی چیز نہیں ہے بلکہ یہ ایک ایسی عظیم الشان حقیقت ہے جس کا انکار ممکن

marfat.com
Marfat.com

نہیں۔ قرآن کریم نے بارہا نسبتوں کی عظمتیں بیان فرمائیں ہیں :-

☆ پتھروں سے بنے ہوئے گھر تو دنیا میں بیشمار ہیں لیکن جس گھر کو اللہ تعالیٰ کے نبیوں نے بنایا وہ برکتوں والا ہے اور اسکا حج فرض ہے۔ (ال عمران : ۹۶)

☆ پہاڑیاں تو دنیا کے ہر خطے میں موجود ہیں لیکن جن پہاڑیوں کی نسبت اللہ تعالیٰ کی نیک بندی حضرت ہاجرہ علیہا السلام سے ہو گئی انہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی نشانیاں قرار دیکر انکے درمیان سعی کرنے کا حکم دیا۔ (البقرۃ : ۱۵۸)

☆ پتھر تو ہر جگہ پائے جاتے ہیں لیکن وہ پتھر جس پر کھڑے ہو کر ابراہیم علیہ السلام نے خانۂ کعبہ کی تعمیر فرمائی تھی، وہ آپکے پاؤں مبارک لگ جانے کے باعث اتنا مقدس و معظم ہو گیا کہ رب کریم نے اسے نماز کی جگہ بنانے کا حکم دیا اور اسے اپنی کھلی نشانیوں میں سے ایک نشانی قرار دیا۔ (البقرۃ : ۱۲۵، ال عمران : ۹۷)

☆ سیدنا موسیٰ و ہارون علیہما السلام کا لباس مبارک اور استعمال کی چیزیں ایک صندوق میں تھیں۔ جس جنگ میں یہ بنی اسرائیل کے ساتھ ہوتا، اسکی برکت سے وہ فتح پاتے۔ اس صندوق کو فرشتے اٹھا کر لائے۔ (البقرۃ : ۲۴۸)

☆ قمیص تو سب لوگ ہی پہنتے ہیں لیکن وہ قمیص جو سیدنا یوسف علیہ السلام کے جسم مبارک سے لگی، اسکی برکت سے بے نور آنکھیں روشن ہو گئیں۔ (یوسف : ۹۳)

☆ دن تو سب برابر ہیں لیکن جن دنوں کی نسبت اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں سے ہو جائے وہ "ایام اللہ" قرار پاتے ہیں اور محترم و مکرم ہو جاتے ہیں۔ (ابراہیم : ۵)

☆ دنیا میں روزانہ بیشمار جانور ذبح ہوتے ہیں لیکن وہ جانور جو راہِ خدا میں اسکے حکم سے قربان کیے جاتے ہیں، قرآن انہیں اللہ کی نشانیاں قرار دیتا ہے۔ (الحج : ۳۶)

marfat.com
Marfat.com

خلاصہ یہ ہے کہ جس شے کو اور جس ہستی کو اللہ تعالیٰ سے نسبت ہو جائے، اسکا ادب واحترام ہم پر لازم ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے، "اور جو اللہ کے نشانوں کی تعظیم کرے تو یہ دلوں کی پرہیزگاری سے ہے"۔ (الحج: ۳۲، کنزالایمان)

قرآن کریم نہ صرف اللہ تعالیٰ سے نسبت رکھنے والی ہستیوں اور چیزوں کی تعظیم کا حکم دیتا ہے بلکہ وہ ایسی عظیم نسبت والی چیزوں اور ہستیوں کی بے ادبی سے باز رہنے کی تلقین بھی کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو ناقۃ اللہ قرار دیکر اسکی بے ادبی سے باز رہنے کا حکم دیا مگر قومِ ثمود نے اسکی پرواہ نہ کی۔ ارشاد ہوا، "تو انہوں نے اسے جھٹلایا پھر ناقہ کی کوچیں کاٹ دیں تو ان پر ان کے رب نے ان کے گناہ کے سبب تباہی ڈال کر وہ بستی برابر کردی"۔ (الشمس: ۱۴)

غور فرمائیے کہ جب اللہ تعالیٰ کے نزدیک اپنے محبوب بندے سے نسبت رکھنے والی اونٹنی کی اتنی عظمت ہے تو اسکے انبیاء واولیاء کرام کس قدر وجاہت وعظمت والے ہونگے؟ اسی لیے ربِ ذوالجلال کا فرمانِ عالیشان ہے، "جس نے میرے ولی سے عداوت کی اسکے خلاف میرا اعلانِ جنگ ہے"۔ (بخاری)

صحیح بخاری جلد سوم میں مروی ہے کہ "حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما خارجیوں کو تمام مخلوق میں بدترین مخلوق سمجھتے تھے کیونکہ جو آیتیں بتوں اور مشرکوں کے متعلق نازل ہوئیں، خارجی انہیں مسلمانوں پر چسپاں کرتے تھے"۔ دورِ جدید کے مفسر اور تفسیر بالرائے کے علمبردار مودودی صاحب نے اپنی تفسیر میں جابجا یہی فریضہ انجام دیا ہے کہ وہ مشرکوں سے متعلق آیات سنی مسلمانوں پر چسپاں کرتے ہیں اور جہاں بتوں کا ذکر ہے وہاں انبیاء واولیاء مراد لیتے ہیں۔ العیاذ باللہ تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

ارشاد باری تعالیٰ ہوا، "اور اللہ کے سوا جن کو پوجتے ہیں وہ کسی چیز کو بھی پیدا نہیں کر سکتے بلکہ خود بنائے ہوئے ہیں۔ وہ مردے ہیں زندہ نہیں، اور انہیں خبر نہیں کہ لوگ کب اٹھائے جائیں گے"۔ (النحل : ۲۰،۲۱)

وہ اس آیت کے تحت لکھتے ہیں، "یہ الفاظ صاف بتا رہے ہیں کہ یہاں خاص طور پر جن بناوٹی معبودوں کی تردید کی جارہی ہے وہ فرشتے یا جن یا شیاطین یا لکڑی پتھر کی مورتیاں نہیں بلکہ اصحابِ قبور ہیں اسلیے کہ فرشتے اور شیاطین تو زندہ ہیں ان پر "اموات غیر احیاء" کے الفاظ کا اطلاق نہیں ہو سکتا اور لکڑی پتھر کی مورتیوں کے معاملہ میں بعث بعد الموت (موت کے بعد زندگی) کا کوئی سوال نہیں ہے اسلیے "مایشعرون ایان یبعثون" کے الفاظ انہیں بھی خارج از بحث کر دیتے ہیں۔

اب لامحالہ اس آیت میں "الذین یدعون من دون اللہ" سے مراد وہ انبیاء، اولیاء، شہداء، صالحین اور دوسرے غیر معمولی انسان ہی ہیں جن کو غالی معتقدین داتا، مشکل کشا، فریادرس، غریب نواز، گنج بخش اور نہ معلوم کیا کیا قرار دیکر اپنی حاجت روائی کے لیے پکارنا شروع کر دیتے ہیں"۔ (تفہیم القرآن ج ۲ ص ۵۳۳)

یہ محض رائے سے کی گئی غلط تفسیر ہے جس کی رو سے تمام سنی مسلمان مشرک قرار پاتے ہیں۔ اب جلیل القدر مفسرین کرام کی تفاسیر ملاحظہ فرمائیں۔

سید المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں، "یہاں بت مراد ہیں جو کوئی چیز بھی پیدا نہیں کر سکتے بلکہ وہ خود بنائے اور تراشے جاتے ہیں، وہ بے جان ہیں زندہ نہیں۔ وہ کافر جانتے ہی نہیں کہ ہم کب قیامت میں قبروں سے اٹھائے جائیں گے اور کب حساب ہوگا"۔ (تفسیر تنویر المقیاس زیر آیت ھذا)

marfat.com
Marfat.com

امام رازی رحمہ اللہ (م ۶۰۶ھ) کے نزدیک بھی ان آیات میں "من دون اللہ" سے مراد بت ہیں۔ جن الفاظ کی بنا پر مودودی صاحب نے بتوں کو خارج از بحث کرنے کی سعیٔ نامراد کی ہے، انکی تفسیر میں امام رازی فرماتے ہیں، "مایشعرون میں جو ضمیر ہے وہ بتوں کی طرف لوٹ رہی ہے یعنی ان بتوں کو معلوم نہیں لیکن یبعثون کی ضمیر میں دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ یہ ضمیر بت پوجنے والوں کی طرف لوٹ رہی ہے یعنی یہ بت نہیں جانتے کہ انہیں پوجنے والے کب زندہ کیے جائیں گے۔ اس سے مشرکوں کو شرم دلانی مقصود ہے کہ تمہارے معبود تو یہ بھی جانتے پھر وہ عبادت کے مستحق کیونکر ہو سکتے ہیں۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ ضمیر بتوں کی طرف لوٹ رہی ہے یعنی ان بتوں کو تو یہ بھی معلوم نہیں کہ انہیں کب زندہ کیا جائے گا۔ اس پر دلیل یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا، اللہ تعالیٰ بتوں کو زندہ کرے گا، انہیں روحیں عطا کی جائیں گی، انکے ساتھ شیاطین بھی ہونگے اور انہیں جہنم میں جانے کا حکم دیا جائے گا۔ (تفسیر کبیر زیرِ آیت ھذا)

اسکی تائید اس آیت سے بھی ہوتی ہے جس میں مشرکوں سے فرمایا گیا، "بیشک تم اور جو کچھ اللہ کے سوا تم پوجتے ہو، سب جہنم کے ایندھن ہو"۔ (الانبیاء : ۹۸)

امام قرطبی رحمہ اللہ (م ۶۶۸ھ) فرماتے ہیں، "یعنی جن معبودوں کا ذکر کیا جارہا ہے ان سے مراد بت ہیں جن میں روح نہیں اور نہ ہی وہ دیکھ سکتے ہیں کیونکہ وہ پتھر کی مورتیاں ہیں۔ تم انکی عبادت کیوں کرتے ہو حالانکہ تم ان سے افضل ہو کیونکہ تمہیں تو زندگی حاصل ہے اور وہ حیات سے محروم ہیں"۔ (الجامع لاحکام القرآن)

تفسیر جلالین، تفسیر مدارک التنزیل، تفسیر روح المعانی، تفسیر ابن کثیر اور تفسیر

marfat.com
Marfat.com

روح البیان میں بھی یدعون کی تفسیر یعبدون سے کی گئی ہے اور من دون اللہ سے بت مراد لیے ہیں۔ان تمام معتبر و مستند تفاسیر سے یہ بات ثابت ہو گئی کہ ان آیات کی تفسیر میں بتوں کی نفی کرنا اور انکی بجائے انبیاء و اولیاء مراد لینا قطعاً غلط ہے۔

پھر ستم بالائے ستم یہ کہ اہلِ سنت کو محبوبانِ خدا کے مزارات پر جانے کی وجہ سے مشرک اور قبر پرست سمجھنا کیا یہ خارجیوں کی علامت نہیں ؟الحمد للہ !اہلِ سنت کسی نبی یا ولی کو اللہ تعالیٰ کا شریک نہیں سمجھتے اور نہ ہی انہیں معبود سمجھ کر پکارتے ہیں۔اللہ کے محبوب بندے اسکی عطا سے غوث، داتا، مددگار اور مشکل کشا ہو سکتے ہیں۔ارشادِ ربانی ہے، "بیشک تمہارے مددگار اللہ اور اسکا رسول اور وہ مسلمان ہیں جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور رکوع کرتے ہیں"۔(المائدہ : ۵۵)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ رسول کریم ﷺ اور اولیاء کرام کی مدد، مشکل کشائی اور فریاد رسی، غیر خدا کی مدد نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ ہی کی مدد کی ایک صورت ہے۔

مختارِ کُل ختم الرسل ﷺ کا ارشاد ہے، "اللہ عطا فرماتا ہے اور میں اسکی نعمتیں تقسیم کرتا ہوں"۔(بخاری، مسلم)

اسی لیے صحابہ کرام آقا و مولیٰ ﷺ کی بارگاہ میں اپنی حاجات پیش کیا کرتے اور انکی مشکل کشائی کی جاتی۔حضور ﷺ سے توسل و استعانت کے لیے "یا محمد ﷺ" پکارنا ایک نابینا صحابی سے جس حدیث میں مذکور ہے وہ ترمذی، نسائی، حاکم، ابن ماجہ، طبرانی کے حوالوں سے اس کتاب میں بھی منقول ہے۔خارجی فکر کے علمبردار، نور محمد کارخانہ تجارت کتب اور مطبع مجتبائی سے طبع شدہ جامع ترمذی میں یہ حدیث تو موجود ہے مگر اس میں سے "یا محمد ﷺ" کے الفاظ نکال دیے گئے ہیں۔کیا

marfat.com
Marfat.com

احادیث میں یہ تحریف خود شارع بننے کی جسارت نہیں؟العیاذ باللہ تعالیٰ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ "اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے ہیں جن کو اس نے لوگوں کی حاجت روائی کا منصب عطا فرمایا ہے۔ لوگ اپنی حاجت روائی کے لیے ان کی طرف رجوع کرتے ہیں"۔(الجامع الصغیر ج ۱ ص ۹۳)

اسکی شرح میں محدث عبدالروف مناوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، "اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی مخلوق میں اپنا نائب بنایا ہے اور انکو دینی و دنیاوی خزانے بنایا ہے تا کہ وہ یہ خزانے محتاجوں پر صرف کریں"۔(فیض القدیر ج ۲ ص ۴۷۷)

المہند (عقائد علمائے دیوبند) میں ہے، "مشائخ کی روحانیت سے استفادہ اور انکے سینوں اور قبروں سے باطنی فیوض کا پہنچنا بیشک صحیح ہے"۔(ص ۱۸) حاجی امداد اللہ نے فرمایا، ایک جولاہا میرے حضرت کا مرید تھا۔ اس نے مزار پر محتاجی کا گلہ کیا تو اسے حکم ہوا، تمہیں ہمارے مزار سے دو آنے ملا کریں گے۔ وہ مجھے ملا تو اس نے کہا، مجھے مقررہ وظیفہ قبر کے پائینتی سے روز ملا کرتا ہے"۔(سوانح میاں جیو ص ۷۹)

اگر علماء دیوبند اپنے "بزرگوں" سے باطنی بلکہ مالی فیوض پہنچنے کے بھی قائل ہیں تو انہیں اتحادِ امت کی خاطر اولیاء کے تصرفات اور مزارات کے فیوض و برکات بھی صدق دل سے تسلیم کر لینے چاہئیں۔ پیر طریقت علامہ سید شاہ تراب الحق قادری الجیلانی دامت برکاتہم العالیہ کی یہ کتاب انشاء اللہ اہلِ حق وانصاف کی ہدایت و استقامت کا وسیلہ ہوگی۔ ربِ کریم اس کتاب کو مقبولِ عام بنائے اور حضرت شاہ صاحب مدظلہ کو بہترین جزا عطا فرمائے۔ آمین بحرمۃ سید المرسلین ﷺ

محمد آصف قادری غفر لہ ولوالدیہ

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# باب اول : زیارتِ قبور

## زیارتِ قبور، قرآن کی روشنی میں :

اللہ تبارک وتعالیٰ کا اِرشاد ہے، ”اور ان میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا، بے شک (وہ) اللہ اور اس کے رسول سے منکر ہوئے اور فسق (کفر) ہی میں مر گئے“۔ (التوبہ : ۸۴، کنزالایمان)

☆ اِس آیت سے ثابت ہوا کہ مومن کی نمازِ جنازہ پڑھنی چاہیے کیونکہ کافر و منافق کی نمازِ جنازہ پڑھنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ اسی طرح یہ بھی ثابت ہوا کہ مومن کی قبر کی زیارت کرنی چاہیے کیونکہ اس آیت میں کافر و منافق کی قبر پر جانے سے منع فرمادیا گیا ہے۔

## زیارتِ قبور، احادیث کی روشنی میں :

1- آقا و مولیٰ ﷺ کا ارشاد ہے، ”میں نے تمہیں قبروں کی زیارت سے منع کیا تھا، اب قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ دنیا سے بے رغبتی اور آخرت کی فکر پیدا کرتی ہیں“۔ (ابنِ ماجہ، مشکوٰۃ باب زیارۃ القبور)

☆ ابتدائے اسلام میں نبی کریم ﷺ نے مسلمانوں کو قبروں کی زیارت سے منع فرمایا تھا کیونکہ لوگ نئے نئے دینِ اسلام میں داخل ہوئے تھے اس لیے خدشہ تھا کہ بت پرستی کے عادی ہونے کے باعث وہ قبر پرستی نہ شروع کر دیں۔ جب ان کے دلوں میں اسلام اور اسلامی طور طریقے راسخ ہو گئے تو آپ ﷺ نے قبروں کی زیارت کرنے کی اجازت عطا فرمادی۔

marfat.com

Marfat.com

2- حضور اکرم ﷺ کا ایک اور ارشاد گرامی ہے، "قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ موت یاد دلاتی ہیں"۔ (مسلم، مشکوٰۃ باب زیارۃ القبور)

☆ قبروں کی زیارت کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ مسلمان کو اپنی موت یاد آتی ہے جس سے آخرت کی فکر پیدا ہوتی ہے اور وہ برائیوں کو چھوڑ کر نیکیوں کی طرف راغب ہونے لگتا ہے۔ اگر فکر آخرت کے ساتھ بار بار قبروں کی زیارت کی جائے تو یقیناً اس کے اثرات انسانی زندگی پر ظاہر ہوتے ہیں اور وہ رفتہ رفتہ دنیا سے بے رغبت ہو کر راہِ حق پر گامزن ہو جاتا ہے۔

3- رسول معظم ﷺ نے فرمایا، "میں نے زیارتِ قبور سے منع کیا تھا اب تم قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ دل کو نرم کرتی ہیں اور آنکھوں میں آنسو لاتی ہیں"۔

(شرح الصدور ص ۲۸، بحوالہ حاکم)

4- نور مجسم ﷺ کا اِرشاد ہے، "میں نے تمہیں زیارتِ قبور سے منع فرمایا تھا اب انکی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ عبرت حاصل کرنے کا ذریعہ ہیں"۔ (ایضاً)

☆ اِن احادیثِ مبارکہ سے زیارتِ قبور کی ایک حکمت تو یہ معلوم ہوئی کہ اس سے موت کی یاد اور آخرت کی فکر نصیب ہوتی ہے اور قبول حق کے لیے دل نرم ہو جاتے ہیں نیز یہ عبرت و نصیحت حاصل کرنے کا مؤثر ذریعہ ہے۔

☆ زیارتِ قبور کی دوسری حکمت احادیثِ کریمہ میں یہ بیان ہوئی ہے کہ زائر سے میت کو سکون ملتا ہے۔

5- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آقا و مولیٰ ﷺ نے فرمایا، "جب کوئی شخص اپنے مسلمان بھائی کی قبر کی زیارت کے لیے جاتا ہے اور اس کے پاس بیٹھتا ہے

marfat.com
Marfat.com

تو قبر والے کو اس سے سکون و آرام ملتا ہے اور اِس شخص کے اٹھ کر جانے تک یہی کیفیت رہتی ہے"۔ (حیات الموات ص ۴۷، بحوالہ ابنِ ابی الدنیا)

6- حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے حالتِ نزع میں اپنے بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا، "جب مجھے دفن کر چکو تو میری قبر پر آہستہ آہستہ مٹی ڈالنا پھر میری قبر کے پاس اتنی دیر ٹھہرنا جتنی دیر میں ایک اونٹ ذبح کر کے اسکا گوشت تقسیم کیا جاتا ہے تاکہ میں تم سے سکون و آرام حاصل کروں اور جان لوں کہ میں نے اپنے رب کے قاصدوں یعنی فرشتوں کو کیا جواب دینا ہے"۔

(صحیح مسلم، مشکوٰۃ باب دفن المیت)

☆ زیارت قبور کی تیسری حکمت یہ ہے کہ میت کو زائرین کے ایصالِ ثواب سے نفع پہنچتا ہے۔

7- آقائے دو جہاں ﷺ نے فرمایا، "قبر میں میت کسی ڈوبتے ہوئے فریادی کی طرح ہوتی ہے اور اپنے دوست یا رشتہ دار کی دعائے خیر پہنچنے کی منتظر رہتی ہے پھر جب اسے دعا پہنچ جاتی ہے تو یہ دعا اسے دنیا اور دنیا کی تمام نعمتوں سے زیادہ پیاری ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ زندوں کی طرف سے ہدیہ کیا ہوا ثواب پہاڑوں کی مانند عطا فرماتا ہے۔ بے شک مردوں کے لیے زندوں کا تحفہ دعائے مغفرت ہے۔

(مشکوٰۃ باب الاستغفار والتوبہ)

8- حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے، "اپنے مردوں پر سورہ یٰس پڑھو"۔

(ابو داؤد، ابن ماجہ، مشکوٰۃ کتاب الجنائز)

علماء فرماتے ہیں کہ یہ حدیث مطلق ہے خواہ نزع کے وقت سورہ یٰس سنائیں یا

marfat.com
Marfat.com

وفات کے بعد۔ دونوں صورتیں اس حدیث کے تحت آتی ہیں۔

امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، "جب تم قبرستان جاؤ تو سورۃ الفاتحہ، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کر ثواب قبر والوں کو پہنچاؤ کیونکہ انہیں ثواب پہنچتا ہے۔...... جب انصارِ مدینہ میں سے کوئی شخص فوت ہو جاتا تو وہ اسکی قبر پر جاکر قرآنِ پاک تلاوت کرتے تھے"۔ (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۴ ص ۸۱)

9- رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا، "جس نے قبرستان جاکر سورہ فاتحہ پڑھی پھر سورہ اخلاص اور سورہ التکاثر پڑھ کر یہ کہا، "جو میں نے تلاوت کی ہے اسکا ثواب میں قبرستان کے مومن مرد اور عورتوں کو پہنچاتا ہوں"، تو وہ تمام لوگ (جنہیں یہ ثواب پہنچائے گا) بارگاہِ الٰہی میں اسکی شفاعت کریں گے"۔ (ایضاً)

امام نووی رحمہ اللہ شرح صحیح مسلم جلد اول میں فرماتے ہیں، "میت کو تمام عبادات کا ثواب پہنچتا ہے خواہ نماز ہو یا روزہ، تلاوتِ قرآن ہو یا اسکے علاوہ کوئی اور عبادت"۔

☆ زیارتِ قبور کی چوتھی حکمت یہ ہے کہ زائر کو اہلِ قبور کو سلام کرنے کا ثواب ملتا ہے اور قبر والے بھی اسکے سلام کا جواب دیتے ہیں۔

10- نبی کریم ﷺ جب مدینہ منورہ کے قبرستان سے گزرے تو آپ نے فرمایا،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ وَاَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ

"اے قبر والو! تم پر سلام ہو۔ اللہ تعالیٰ ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائے تم ہم سے پہلے گزر گئے اور ہم تمہارے بعد آنے والے ہیں"۔

(ترمذی، مشکوٰۃ باب زیارۃ القبور)

marfat.com
Marfat.com

11- سرکار دو عالم ﷺ کا اِرشاد ہے، "جب کوئی مسلمان کسی قبر والے کو سلام کرتا ہے تو وہ اسکا جواب دیتا ہے اور اگر وہ اسے دنیا میں پہچانتا تھا تو اب بھی وہ قبر والا اسے پہچان لیتا ہے"۔(بیہقی فی شعب الایمان، ابن ابی الدنیا)

ایک اور حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ قبرستان کے مُردوں کی تعداد کے برابر فرشتے بھی سلام کا جواب دیتے ہیں۔(مرقاۃ باب زیارۃ القبور) گویا زائر کو اہلِ قبور اور اتنی ہی تعداد میں فرشتوں کی طرف سے سلامتی کی دعائیں حاصل ہوتی ہیں۔

## زیارتِ قبور کے فوائد :

- اس سے موت یاد آتی ہے اور آخرت کی فکر پیدا ہوتی ہے۔
- اس سے قبول حق کے لیے دل نرم ہو جاتے ہیں۔
- یہ عبرت و نصیحت حاصل کرنے کا مؤثر ذریعہ ہے۔
- زائر سے میت کو سکون و آرام ملتا ہے۔
- زائر کے ایصال ثواب سے میت کو نفع ہوتا ہے۔
- زائر کو اہلِ قبور کو سلام کرنے کا اجر ملتا ہے۔
- اہلِ قبور اور اسی قدر فرشتے سلام کا جواب دیتے ہیں۔
- ایصال ثواب کے لیے تلاوتِ قرآن پر کثیر اجر و ثواب ملتا ہے۔
- ایصال ثواب کرنے والے زائر کے لیے اہلِ قبور شفاعت کریں گے۔

پس خلاصہ یہ ہے کہ زیارتِ قبور سنت سے ثابت ہے، اس سے قبر والوں کو بھی فائدہ پہنچتا ہے اور زیارت کرنے والے بھی نفع پاتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

# باب دوم : روضۂ رسول ﷺ پر حاضری

## روضۂ انور پر حاضری، قرآن کی روشنی میں :

اِرشادباری تعالیٰ ہے، "اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب (ﷺ) تمہارے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول بھی انکی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں"۔

(النساء : ۶۴، کنزالایمان)

اس آیتِ کریمہ میں مغفرت کے حصول کے لیے تین امور بیان ہوئے ہیں۔

۱۔ آقاو مولیٰ ﷺ کی بارگاہ میں حاضری دی جائے۔

۲۔وہاں اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی دعا کی جائے۔

۳۔رسول کریم ﷺ بھی شفاعت فرمائیں۔

جب یہ تینوں باتیں پوری ہو جائیں گی تو اللہ تعالیٰ توبہ قبول فرمائے گا۔

مغفرت کی پہلی شرط "جَآءُوكَ" یعنی مصطفےٰ کریم ﷺ کے دربار گُہر بار میں حاضری ہے۔ علماء فرماتے ہیں ،اگر کوئی مغفرت چاہے تو اسے چاہیے کہ روضۂ اقدس پر حاضری دے۔ اگر وہاں جسمانی حاضری ممکن نہ ہو تو آقا کریم ﷺ کی طرف توجہ کرے اور انکی خدمتِ اقدس میں درود و سلام کا ہدیہ بھیج کر انکے وسیلے سے دعامانگے کیونکہ یہ آقاو مولیٰ ﷺ کی بارگاہ میں روحانی حاضری ہے۔

بعض کم فہم یہ کہتے ہیں کہ اس آیت کا حکم صرف حضور ﷺ کی حیاتِ ظاہری کے لیے ہی مخصوص تھا جبکہ یہ بات بالکل غلط ہے۔ بنیادی اصول یہ ہے کہ عمومِ الفاظ کا اعتبار کیا جاتا ہے اور ان سے راہنمائی حاصل کی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ متعدد

marfat.com
Marfat.com

آیاتِ قرآنی خاص مواقع پر مخصوص افراد کے حوالے سے نازل ہوئیں اسکے باوجود صحابہ کرام اور تابعین عظام نے ان آیاتِ قرآنی کے عموم الفاظ کو حجت بنایا۔ اسی طرح مذکورہ آیت کریمہ کا حکم بھی عام ہے۔

مفسرین اور ائمہ کرام نے اس آیت کے عموم میں سرکار دو عالم ﷺ کی ظاہری حیات اور حیات بعد از وصال دونوں کو شامل کیا ہے، اسی لیے اسے مستحب فرمایا ہے کہ جو بھی روضۂ اقدس پر حاضر ہو وہ اس آیت کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگے کیونکہ آقا و مولیٰ ﷺ وصال کے بعد بھی زندہ ہیں اور اپنی گنہگار امت کے لیے مغفرت طلب فرماتے ہیں۔

غیب بتانے والے آقا و مولیٰ ﷺ کا یہ فرمان عالیشان امام احمد بن عمرو بزار رحمۃ اللہ علیہ (م: ۲۹۲ھ) نے صحیح سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا،

"میری زندگی تمہارے حق میں بہتر ہے۔ تم مجھ سے پوچھتے ہو میں تمہیں احکام سناتا ہوں اور میرا وصال بھی تمہارے حق میں بہتر ہے۔ تمہارے اعمال میرے سامنے پیش ہوا کریں گے۔ میں تمہارے اچھے اعمال دیکھ کر اللہ کا شکر ادا کروں گا اور تمہارے برے اعمال دیکھ کر تمہارے لیے مغفرت کی دعا کیا کروں گا"۔

(البدایہ و النہایہ ج ۵ ص ۲۷۵)

نبی کریم ﷺ کی حیات بعد از وصال پر تفصیلی گفتگو آئندہ صفحات میں کی جائے گی اسی طرح روضۂ اقدس سے توسل کے متعلق صحابہ کرام اور تابعینِ عظام رحمہم اللہ تعالیٰ کے واقعات "توسل" کے تحت تحریر کیے جائیں گے۔

marfat.com
Marfat.com

## روضۂ انور پر حاضری، احادیث کی روشنی میں :

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (م: ۱۰۵۲ھ) روضۂ اقدس پر حاضری کے متعلق فرماتے ہیں، "احادیث سے زیارتِ قبور کے بارے میں سنت ہونا ثابت ہے چونکہ سید الانبیاء ﷺ کا مزار اقدس "سید القبور" ہے اسلیے اس کی زیارت بالاتفاق بہترین سنت اور مؤکد ترین مستحبات میں سے ہے۔ بعض علمائے کرام اسکے وجوب کے قائل ہیں"۔ (جذب القلوب ص ۲۲۴)

صدر الشریعہ علامہ مولانا امجد علی قادری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "زیارتِ اقدس واجب کے قریب ہے"۔ (بہار شریعت ج ۱ حصہ ششم ص ۱۳۹)

روضۂ رسول ﷺ کی زیارت سے متعلق متعدد احادیثِ کریمہ امام تقی الدین سبکی رحمہ اللہ (م: ۷۵۶ھ) نے "شفاء السقام فی زیارت قبر خیر الانام" میں، علامہ نور الدین علی بن احمد سمہودی رحمہ اللہ (م: ۹۱۱ھ) نے "وفاء الوفا" اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ نے "جذب القلوب الی دیار المحبوب" میں تحریر فرمائی ہیں۔ ان میں سے چند احادیث درج ذیل ہیں۔

۱۔ "جس نے میری قبر کی زیارت کی اسکے لیے میری شفاعت واجب ہو گئی"۔ (دار قطنی، بیہقی، ابن خزیمہ)

۲۔ "جس نے میری قبر کی زیارت کی اسکے لیے میری شفاعت لازم ہو گئی"۔ (دار قطنی، بزاز)

۳۔ "جو زائر اس طرح آیا کہ میری زیارت کے سوا کوئی اور چیز نہ لائی تو اسکا مجھ پر حق ہے کہ میں قیامت میں اسکی شفاعت کروں"۔ (طبرانی فی الکبیر)

marfat.com
Marfat.com

۴۔ "جس نے خانہ کعبہ کا حج کیا اور میری زیارت نہ کی اس نے مجھ پر ظلم کیا"۔(ابن عدی فی الکامل)

۵۔ "جس نے مدینہ منورہ آ کر میری زیارت کی، میں اس کا گواہ اور شفیع ہوں گا"۔(سنن دار قطنی، بیہقی)

۶۔ "جس نے میری حیاتِ ظاہری کے بعد حج کیا اور پھر میری زیارت کی گویا اس نے میری حیات ظاہری میں میری زیارت کی"۔(دار قطنی، بیہقی، مشکوٰۃ)

۷۔ "جو سفر کر کے میری زیارت کو آیا، وہ قیامت میں میرا پڑوسی ہو گا اور جو مدینہ میں قیام کے دوران یہاں کی مشکلات پر صبر کرے گا، میں قیامت میں اس کا شفیع اور گواہ ہوں گا"۔(بیہقی، مشکوٰۃ)

۸۔ "جس نے حج کیا پھر میری مسجد آ کر میری زیارت کی اسکے لیے دو مقبول حج لکھ دیے گئے"۔(مسند الفردوس)

۹۔ "جس نے میری زیارت کا ارادہ کیا اور پھر میری زیارت کو آیا، وہ قیامت کے دن میری پناہ میں ہو گا"۔(ابو جعفر عقیلی)

۱۰۔ "جس نے میرے وصال کے بعد میری زیارت کی گویا اس نے میری حیاتِ ظاہری میں میری زیارت کی"۔(طبرانی فی الصغیر والاوسط، مجمع الزوائد)

## حاضری کے آداب:

امام مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، یہ کہنا مکروہ ہے کہ ہم نے حضور ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کی بلکہ بارگاہِ خیر الانام میں حاضری دینے والوں کو یہ کہنا چاہیے کہ "ہم نے بارگاہِ نبوی کی زیارت کی"۔ (جیسا کہ حدیث نمبر ۶ اور حدیث نمبر ۱۰ میں

marfat.com
Marfat.com

فرمان عالیشان موجود ہے)

اسکی تشریح میں علماء فرماتے ہیں، آقائے دو جہاں ﷺ کے ادب واحترام کا تقاضا یہ ہے کہ وہاں حاضری کو بارگاہِ نبوی میں حاضری کہا جائے کیونکہ زائر اس مقدس ذاتِ گرامی ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہے جو اسے دیکھتے ہیں، اسکا کلام سنتے ہیں، اسکے سلام کا جواب دیتے ہیں اور اسے خوب جانتے پہچانتے ہیں۔

زیارت کے وقت مندرجہ ذیل آداب کا خیال رکھنا چاہیے۔

☆ حاضری کے وقت خالص زیارتِ اقدس کی نیت کریں یہانتک کہ مسجد شریف کی نیت بھی شریک نہ کریں۔

☆ راستے بھر درود وسلام کی کثرت کریں اور جس قدر مدینہ طیبہ قریب آتا جائے، ذوق وشوق زیادہ ہوتا جائے۔

☆ جب حرمِ مدینہ نظر آئے تو بہتر یہ ہے کہ پیدل ہو جائیں، سر جھکائے آنکھیں نیچی کیے درود وسلام کی کثرت کریں اور ہو سکے تو ننگے پاؤں چلیں۔

☆ حاضری سے قبل تمام ضروریات سے جلد فارغ ہو جائیں تاکہ بوقت حاضری دل انکے خیال میں نہ الجھے۔ مسواک اور وضو کریں اور غسل کر سکیں تو بہتر ہے۔ پھر بہترین سفید کپڑے پہنیں، سرمہ اور خوشبو بھی لگائیں۔

☆ پہلے مسجد نبوی شریف میں داخل ہو کر دو رکعت تحیۃ المسجد اور پھر دو رکعت ادائے شکر کے لیے پڑھیں کہ ربِ کریم نے اپنے حبیبِ لبیب ﷺ کے در اقدس پر پہنچادیا۔

☆ آنکھ کان زبان ہاتھ پاؤں دل سب خیال غیر سے پاک کر کے خشوع وخضوع

marfat.com
Marfat.com

کے ساتھ بارگاہِ اقدس کی طرف چلیں۔ کمال ادب میں ڈوبے ہوئے، گردن جھکائے، آنکھیں نیچی کیے، لرزتے کانپتے، گناہوں کی ندامت سے پسینہ پسینہ ہوتے حضور پُر نور ﷺ کے عفو و کرم کی امید رکھتے، حضور ﷺ کے پاؤں مبارک کی سمت سے یعنی بابِ بقیع سے مواجہہ اقدس میں حاضر ہوں۔ چونکہ حضور اکرم ﷺ مزار پُر انوار میں رُو بقبلہ جلوہ فرما ہیں اس لیے اس سمت سے حاضر ہو گے تو حضور ﷺ کی نگاہِ بیکس پناہ تمہاری طرف ہو گی اور یہ بات تمہارے لیے دونوں جہاں میں کافی ہے۔

☆ سنہری جالی مبارک میں چہرہ انور کے مقابل ایک چاندی کی کیل لگی ہوئی ہے اسکے سامنے کم از کم چار ہاتھ کے فاصلے پر قبلہ کو پیٹھ اور مزار پُر انوار کو منہ کر کے نماز کی طرح ہاتھ باندھے کھڑے ہوں۔ پھر نہایت ادب و خشوع سے آقا و مولیٰ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں سلام عرض کریں اور اگر کسی نے بارگاہِ نبوی میں سلام عرض کرنے کو کہا ہے تو اسکی طرف سے بھی سلام عرض کریں۔ پھر اپنے لیے، اپنے والدین، اولاد، عزیزوں، دوستوں اور سب مسلمانوں کے لیے حضور ﷺ سے شفاعت مانگیں۔

أَسْئَلُكَ الشَّفَاعَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ۔

"میرے آقا ﷺ! میں آپ سے شفاعت کا طلبگار ہوں"۔

☆ پھر اپنے دائیں طرف ایک ہاتھ ہٹ کر حضرت سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں سلام عرض کریں پھر مزید ایک ہاتھ دائیں طرف ہٹ کر حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں سلام عرض کریں۔ پھر بالشت بھر بائیں

marfat.com
Marfat.com

طرف ہٹ کر سیدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے درمیان کھڑے ہو کر دونوں پر سلام عرض کریں اور شفاعت کی درخواست کریں۔

☆ پھر دوبارہ سرکار دو عالم ﷺ کے چہرہ اقدس کے سامنے کھڑے ہو کر درود و سلام عرض کریں اور خوب دعائیں مانگیں۔

(بہار شریعت حصہ ششم، ملخصاً)

☆ اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے آداب زیارت میں یہ بھی تحریر فرمایا، "خبردار! جالی شریف کو بوسہ دینے یا ہاتھ لگانے سے بچو کہ یہ خلافِ ادب ہے بلکہ چار ہاتھ فاصلے سے زیادہ قریب نہ جاؤ"۔ (انوار البشارۃ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ جب بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوتے تو ایسے انہماک سے مؤدب کھڑے ہوتے کہ دیکھنے والوں کو شبہ ہو جاتا، کہ شاید وہ نماز پڑھ رہے ہیں۔ (کتاب الشفا جلد دوم) حضرت ایوب سختیانی رضی اللہ عنہ جب روضہ اقدس کے قریب پہنچے تو قبلہ کی طرف پیٹھ کر کے منہ سرکار دو عالم ﷺ کی طرف کر لیا اور زار و قطار روئے۔ (وفاء الوفا جزء ۲ ص ۴۲۰)

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ حکومتی ذمہ داریوں کے باعث ملک شام میں مصروف ہوتے مگر باقاعدگی سے ایک قاصد مدینہ منورہ بھیجتے تاکہ وہ ان کی طرف سے بارگاہ رسالت میں سلام عرض کرے۔ (کتاب الشفا جلد دوم)

علامہ شہاب الدین خفاجی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۶۹ھ) فرماتے ہیں، "اسلاف کا یہ معمول تھا کہ وہ بارگاہ نبوی میں جانے والوں کے ذریعے سلام کا تحفہ بھیجا کرتے"۔

(نسیم الریاض ج ۳ ص ۵۱۶)

marfat.com
Marfat.com

رسول کریم ﷺ کے روضہ اقدس پر حاضری کی عظمت کا اندازہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد سے کیجیے کہ : :

"روزانہ ستر ہزار فرشتے صبح روضہ اقدس پر حاضری دیتے ہیں اور درودو سلام عرض کرتے ہیں جب شام ہوتی ہے تو واپس چلے جاتے ہیں اور مزید ستر ہزار فرشتے حاضر ہو کر درودو سلام پیش کرتے ہیں۔ یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا یہاں تک کہ جب حضور ﷺ روضہ انور سے باہر تشریف لائیں گے تو ستر ہزار فرشتے بازو پھیلائے ہوئے آپ ﷺ کے ساتھ ہونگے"۔ (مشکوۃ باب الکرامات)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

ستر ہزار صبح ہیں ستر ہزار شام　　یوں بندگیٔ زلف و رخ آٹھوں پہر کی ہے
جو ایک بار آئے دوبارہ نہ آئیں گے　　رخصت ہی بارگاہ سے بس اِسقدر کی ہے
معصوموں کو ہے عمر میں صرف ایک بار بار　　عاصی پڑے رہیں تو صلا عمر بھر کی ہے

## رِیَاضُ الْجَنَّۃ :

آقا و مولیٰ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے، "میری قبر اور میرے منبر کی درمیانی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے"۔ (بخاری مسلم)

حضور ﷺ کی قبر مبارک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ مبارک میں ہے۔ اس حجرہ مبارکہ اور مسجد نبوی میں جہاں سرکار ابد قرار ﷺ کا مصلےٰ مبارک و منبر شریف ہے، انکی درمیانی جگہ کو جنت کا باغ کہا گیا۔ غور فرمایئے کہ وہ کیا سبب ہے کہ جس کے باعث اس جگہ کو جنت کا باغ کہا گیا۔

قرآن و حدیث کا مطالعہ کرنے والے خوب جانتے ہیں کہ جس چیز کو حبیب کبریا

marfat.com
Marfat.com

ﷺ سے نسبت ہو جائے وہ عظمت و برکت والی بن جاتی ہے۔آثار نبوی ﷺ سے توسل کے عنوان کے تحت ہم اس بارے میں تفصیلی گفتگو کریں گے۔

اِرشادِ باری تعالیٰ ہوا،

لَاۤ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ "مجھے اس شہر کی قسم"۔(البلد :۱)

ربِ کریم نے شہر مکہ کی قسم کیوں ارشاد فرمائی؟

کیا اس لیے کہ یہاں خانہ کعبہ ہے؟ نہیں۔کیا اس لیے کہ یہاں چاہِ زمزم ہے؟ نہیں۔ کیا اس لیے کہ یہاں صفاو مروہ ہیں؟ نہیں۔ کیا اس لیے کہ یہاں مقامِ ابراہیم ہے؟ نہیں۔ کیا اس لیے کہ یہاں حجر اسود ہے؟ نہیں۔

اگرچہ یہ تمام جگہیں محبوبانِ خدا سے نسبت رکھنے کے باعث عظمت و برکت والی ہیں لیکن ربِ کریم نے شہر مکہ کی قسم اس لیے ارشاد فرمائی کہ :

اَنْتَ حِل "بِهٰذَا الْبَلَدِ

"کہ اے محبوب تم اس شہر میں تشریف فرما ہو"۔(البلد :۲)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

کھائی قرآں نے خاکِ گزر کی قسم
اُس کفِ پا کی حرمت پہ لاکھوں سلام

گویا سرکارِ دو عالم ﷺ مکہ مکرمہ کی سرزمین پر چلتے رہے تو آپ کے مبارک قدموں سے لگنے کے باعث ربِ کریم نے مکہ مکرمہ کی قسم ارشاد فرمائی۔

جب آقا کریم ﷺ نے مدینہ منورہ کی سرزمین پر قدم رکھا تو آپکے پاؤں مبارک چومنے کے باعث یہ سرزمین یثرب سے مدینہ طیبہ بن گئی۔

marfat.com
Marfat.com

جب آپ ﷺ نے مسجد نبوی کی تعمیر میں دستِ مبارک لگایا اور اسے اپنے قدم مبارک چومنے کا شرف بخشا تو وہاں ایک نماز کا ثواب پچاس ہزار نمازوں کے برابر قرار پایا۔ اسی طرح آقا و مولیٰ ﷺ اپنے حجرہ مبارک سے نکلتے اور مصلےٰ شریف پر نماز پڑھاتے پھر حجرہ مبارک تشریف لے آتے اور روزانہ متعدد بار حجرہ مبارک سے مسجد شریف آتے جاتے۔

غور کریں تو یہی بات سمجھ میں آتی ہے کہ پوری زمین میں صرف یہی وہ مقام ہے جس پر سرکار دو عالم ﷺ سب سے زیادہ چلے ہیں۔ گویا یہ خطہ بار بار آقائے دو جہاں ﷺ کے قدم چومتا رہا اور "ریاض الجنت" بن گیا۔

اِس طرف روضہ کا نور اُس سمت منبر کی بہار
بیچ میں جنت کی پیاری پیاری کیاری واہ واہ

یہی وجہ ہے کہ علمائے محققین کے نزدیک قبر اطہر اور زمین کا وہ حصہ جو سرکار دو عالم ﷺ کے جسمِ اقدس لگا ہوا ہے وہ تمام زمین و آسمان حتیٰ کہ کعبہ و عرش و کرسی سے بھی افضل ہے۔ علامہ علاؤالدین رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۸۸ھ) فرماتے ہیں،

"زمین کا جو حصہ حضور ﷺ کے اعضائے شریفہ سے متصل ہے وہ مطلقاً تمام کائنات سے افضل ہے۔ یہاں تک کہ کعبہ سے اور کرسی سے اور رحمٰن کے عرش سے بھی افضل ہے"۔ (در مختار علی ہامش الرد ج ۲ ص ۳۵۲)

☆☆☆☆☆

marfat.com
Marfat.com

# باب سوم : صالحین کی برکتیں

## محبوبانِ خدا کے آستانے :

☆ قرآن کریم میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ارشاد مذکور ہے، "اور اس (اللہ) نے مجھے بابرکت کیا خواہ میں کہیں بھی ہوں"۔(مریم :۳۱)
یعنی اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے زمین کے اوپر موجود ہوں یا وصال فرما چکے ہوں وہ برکت والے ہوتے ہیں۔

☆ سورہ آل عمران میں ہے کہ حضرت زکریا علیہ السلام جب حضرت مریم علیہا السلام کے پاس آتے تو وہاں بے موسم کے تازہ پھل پاتے۔ ان پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و کرم دیکھ کر آپ نے انکے پاس بیٹے کی دعا فرمائی۔
ارشاد باری تعالیٰ ہے، "یہاں پکارا زکریا نے اپنے رب کو، بولا اے میرے رب! مجھے اپنے پاس سے دے ستھری اولاد، بے شک تو ہی دعا سننے والا ہے"۔

(آل عمران : ۳۸، کنزالایمان)
انکی دعا فوراً قبول ہوئی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے انھیں حضرت یحییٰ علیہ السلام کی بشارت ہوئی۔ اسکی تفسیر میں ہے، "معلوم ہوا کہ ولی کے پاس دعا مانگنا نبی کی سنت ہے اور وہ دعا زیادہ قبول ہوتی ہے خواہ زندہ ولی کے پاس دعا کرے یا ان کی قبروں کے پاس"۔(نورالعرفان)

☆ غیب جاننے والے آقا و مولیٰ ﷺ نے فرمایا، بنی اسرائیل میں ایک شخص نے ننانوے قتل کیے پھر وہ ایک راہب کے پاس گیا اور اس سے پوچھا، کیا میری توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ راہب نے کہا، نہیں۔ اس نے راہب کو بھی قتل کر دیا۔ پھر اس

marfat.com
Marfat.com

نے کسی عالم سے پوچھا، اب کیا کروں ؟ اس عالم نے کہا، تم فلاں جگہ چلے جاؤ وہاں کچھ لوگ اللہ کی عبادت کرنے والے ہیں۔ وہ شخص روانہ ہوا لیکن اسے راستے میں موت آگئی۔ اسکے متعلق رحمت اور عذاب کے فرشتوں میں اختلاف ہو گیا۔ دونوں اسے اپنے ساتھ لے جانے پر مصر تھے۔

اللہ تعالیٰ نے نیکوں والی بستی کو حکم دیا کہ اس شخص کے قریب ہو جا۔ اور دوسری بستی سے کہا، اس سے دور ہو جا۔ پھر فرشتوں کو حکم دیا اب ان دونوں جگہوں سے فاصلے کی پیائش کرو۔ وہ جس جگہ کے زیادہ قریب ہو گا اسکے مطابق اس کا انجام ہو گا۔ جب انہوں نے فاصلہ ناپا تو وہ صالحین کی بستی کے ایک بالشت زیادہ قریب تھا اس بنا پر اسے بخش دیا گیا۔ (بخاری مسلم)

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کے آستانے اور مزارات رحمتوں اور برکتوں کا مرکز ہوتے ہیں۔ قبول توبہ اور حاجت روائی کے لیے انکے آستانوں پر حاضری دینا بالکل جائز ہے۔

## انبیاء و اولیاء کی برکتیں :

☆ حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ نے بارگاہِ نبوی میں عرض کی، یارسول اللہ ﷺ ! آپ میرے گھر تشریف لائیں اور وہاں کسی جگہ نماز پڑھیں تاکہ میں اس جگہ کو نماز کی جگہ بنالوں۔ آقا و مولیٰ ﷺ انکے گھر تشریف لے گئے اور فرمایا، میں کس جگہ نماز پڑھوں ؟ انہوں نے ایک جگہ کی طرف اشارہ کیا تو حضور ﷺ نے وہاں نماز ادا فرمائی۔ (بخاری، مسلم)

امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اس سے ثابت ہوا کہ جو چیز صالحین کے اجسام

marfat.com

Marfat.com

سے چھو جائے اس سے برکت حاصل کرنی چاہیے"۔

(ارشاد الساری شرح بخاری ج ا ص ۲۸۱)

☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، حضور اکرم ﷺ کے منبر شریف پر بیٹھنے کی جگہ اپنے ہاتھ پھیرتے اور پھر اپنے چہرے پر مل لیتے۔ محدث علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، صحابہ کرام کا یہ معمول تھا کہ وہ مسجد نبوی میں آتے تو منبر رسول ﷺ کے اس حصہ کو جو روضہ اقدس سے متصل ہے، ہاتھوں سے پکڑ لیتے اور قبلہ رُخ ہو کر دُعائیں مانگا کرتے۔ (کتاب الشفا جلد دوم، شرح شفا)

☆ حضرت ابن منکدر رضی اللہ عنہ (تبع تابعی) مسجد نبوی کے صحن میں ایک خاص جگہ پر لیٹتے اور لوٹتے۔ کسی نے وجہ پوچھی تو فرمایا، "میں نے خواب میں اس جگہ رسول کریم ﷺ کو دیکھا ہے"۔ (وفاء الوفا جز ثانی ص ۴۴۵)

☆ امام تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ کے احوال میں یہ بات معروف ہے کہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کے بعد جب اس دارالحدیث میں امام سبکی آئے تو فرمایا، "میں یہاں ہر جگہ سجدہ کروں گا تاکہ میری پیشانی اس جگہ لگ جائے جہاں امام نووی کے قدم لگے ہوں"۔

غور فرمایئے جب امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کے آثار ایسے بابرکت ہیں کہ ائمہ حدیث انکے پاؤں لگنے کی جگہ اپنی پیشانی رکھنا برکت و سعادت کا باعث سمجھتے ہیں تو آقا و مولیٰ ﷺ کے آثار کس قدر بابرکت ہونگے؟

امام احمد المقری رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۴۱ھ) فرماتے ہیں، "بے شمار ائمہ و مشائخ کو دیکھا کہ وہ حضور ﷺ کے نعلین شریف کے نقش مبارک سے تبرک حاصل کرتے اور اس

marfat.com
Marfat.com

سے شفا کے لئے توسل کرتے تھے۔(فتح المتعال فی مدح النعال ص ۲۵۳)

خلاصہ یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں سے نسبت اور تعلق رکھنے والی چیزوں میں اتنی برکت ہے تو وہ جگہیں کس قدر بابرکت ہونگی جہاں وہ نیک بندے آرام فرماہیں، معلوم ہوا کہ محبوبانِ خدا کے مزارات بھی برکت والے ہوتے ہیں۔

## سیدنا یوسف علیہ السلام کے مزار کی برکت :

حضرت یوسف علیہ السلام کے وصال کے بعد مصری لوگوں میں تنازع ہو گیا۔ ہر محلے کے لوگ یہ چاہتے تھے کہ آپ کو ان کے محلے میں دفن کیا جائے تاکہ وہ آپ سے برکت حاصل کر سکیں۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پہلے آپ کو دریا کے دائیں جانب دفن کیا گیا تو اس طرف کا علاقہ سرسبز ہو گیا اور دوسری طرف زمین خشک رہی۔ اس پر دوسری طرف کے لوگ کہنے لگے کہ انہیں ہماری طرف دفن کیا جائے۔ چنانچہ انہیں دریا کے بائیں جانب دفن کیا گیا۔ اب اس طرف کا علاقہ سرسبز و شاداب ہو گیا اور دوسری طرف کا علاقہ خشک رہنے لگا۔ اس پر لوگوں میں جھگڑا ہو گیا۔ دونوں طرف کے لوگ یہ چاہتے تھے کہ آپ کو انکے علاقے میں دفن کیا جائے۔

آخرکار یہ فیصلہ ہوا کہ آپ کو سنگِ مرمر کے صندوق میں لِٹا کر دریائے نیل کے اُس مقام پر دفن کیا جائے جہاں سے پانی مختلف علاقوں میں تقسیم ہوتا ہے تاکہ دریا کے پانی سے سب لوگ یکساں برکت حاصل کر سکیں۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ اسطرح تمام علاقوں کو آپ کی برکت سے خوشحالی و شادابی حاصل ہو گئی۔

(تفسیر مدارک التنزیل، حاشیہ تفسیر جلالین سورہ یوسف زیر آیت ۱۰۱)

marfat.com
Marfat.com

ثابت ہوا کہ اس دور میں بھی ایمان والوں کا یہی عقیدہ تھا کہ جس طرح ظاہری حیات میں نبی سے برکتیں حاصل کی جاتی ہیں اسی طرح بعد وصال بھی نبی کے مزار اقدس سے برکتیں حاصل ہوتی ہیں۔

## صالحین کے قریب دفن ہونا :

اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں کے قرب وجوار میں دفن ہونے کی تمنا کرنا محبوبان خدا کا طریقہ رہا ہے۔

☆ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ (م ۶۰۶ ھ) فرماتے ہیں، حضرت یعقوب علیہ السلام نے وفات سے قبل وصیت فرمائی کہ مجھے ملک شام میں اللہ تعالیٰ کے نبی اور میرے والد حضرت اسحاق علیہ السلام کے پہلو میں دفن کیا جائے۔ جب آپ کا وصال ہو گیا تو حضرت یوسف علیہ السلام آپ کا جسم مبارک لیکر مصر سے شام گئے اور وہاں حضرت اسحاق علیہ السلام کے قریب آپ کو دفن کیا۔ (تفسیر کبیر)

☆ اسی طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وصال سے قبل اپنے بیٹے سے فرمایا، تم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاکر میرا اسلام کہو اور اجازت مانگو کہ وہ مجھے میرے آقا کریم علیہ السلام اور میرے دوست صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ساتھ دفن کیے جانے کی اجازت دے دیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، یہ جگہ میں نے اپنے لئے رکھی ہوئی تھی لیکن آج میں عمر رضی اللہ عنہ کو اپنی ذات پر ترجیح دیتی ہوں۔ جب عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے واپس جاکر یہ خوشخبری سنائی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میرے نزدیک اس آرام گاہ سے بڑھ کر کوئی چیز اہم نہیں ہے۔ (بخاری جلد اول کتاب الجنائز)

marfat.com
Marfat.com

معلوم ہوا کہ جیسے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آقا و مولیٰ ﷺ کے قریب دفن ہونا چاہتے تھے اسی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی بھی یہی خواہش تھی کہ انہیں حضور ﷺ کے قریب دفن کیا جائے تاکہ انہیں محبوبِ کبریا ﷺ کے قرب کی برکتیں حاصل ہوں۔

## بیت المقدس کی برکتیں :

☆ رسول کریم ﷺ نے فرمایا، جب حضرت عزرائیل علیہ السلام روح قبض کرنے کے لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں آئے تو موسیٰ علیہ السلام نے انہیں تھپڑ مارا جس سے انکی آنکھ ضائع ہوگئی۔ ملک الموت واپس بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہوئے اور عرض کی، الٰہی! مجھے ایسے بندے کے پاس بھیجا جو مرنا ہی نہیں چاہتا۔ اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کو پھر آنکھ عطا فرمائی اور فرمایا، جاؤ اور میرے بندے سے کہو کہ وہ اپنا ہاتھ بیل کی پشت پر رکھے، ہاتھ کے نیچے جتنے بال آئیں گے میں اتنے سال اسکی عمر بڑھا دوں گا۔

جب ملک الموت نے یہ پیغام پہنچایا تو موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی، الٰہی پھر کیا ہوگا؟ فرمایا، پھر موت آجائے گی۔ تو آپ نے عرض کی، جب موت آنی ہی ہے تو ابھی آجائے۔ اے اللہ! مجھے بیت المقدس کی سرزمین پر پہنچا دینا۔

(بخاری کتاب الجنائز، مسلم باب فضائلِ موسیٰ)

اسکی شرح میں امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، ”حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بیت المقدس میں دفن ہونے کی خواہش صرف اسلیے کی کہ وہ بیشمار انبیاء کرام کا مدفن ہونے کے باعث متبرک ہے۔ آپ کی دعا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

کے محبوب بندوں کے قرب وجوار میں دفن ہونا مستحب ہے"۔(شرح صحیح مسلم)

☆ بیت المقدس کے بابرکت ہونے کے متعلق قرآن کریم میں ارشاد ہوا،
""مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ یعنی بیت المقدس تک جس کے گرداگرد ہم نے برکتیں رکھی ہیں"۔(بنی اسرائیل :۱)

اس آیت کی تفسیر میں مولوی شبیر احمد عثمانی دیوبندی لکھتے ہیں، "روحانی اعتبار سے دیکھا جائے تو وہ مقام کتنے انبیاء اور رُسل کا مسکن ومدفن اور ان کے فیوض وانوار کا سرچشمہ رہا ہے"۔(موضح القرآن)

مولوی اشرفعلی دیوبندی نے بھی اس آیت کے تحت یہی لکھا ہے، "دینی برکت یہ کہ وہاں بکثرت انبیاء مدفون ہیں"۔(بیان القرآن)

پس قرآن کریم سے ثابت ہوا کہ انبیاء کرام کے مزارات برکتوں والے ہیں۔

☆ آقا و مولیٰ ﷺ کا فرمان عالیشان ہے، "جس سے ہو سکے وہ مدینے میں مرے، جو مدینے میں مرے گا میں اس کی شفاعت کروں گا"۔(ترمذی)

معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کی برکت سے مدینہ منورہ میں موت آنا اتنی سعادت و برکت کا باعث ہو گیا کہ سرکار ابد قرار ﷺ وہاں فوت ہونے والوں کو شفاعت کا مژدۂ جانفزا سناتے ہیں اور اسی لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں موت آنے کی دعا مانگا کرتے تھے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب فرمایا،

طیبہ میں مر کے ٹھنڈے چلے جاؤ آنکھیں بند
سیدھی سڑک یہ شہر شفاعت نگر کی ہے

marfat.com
Marfat.com

## تبرکاتِ صالحین کی برکت :

یہ ایک حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں سے نسبت رکھنے والی چیزیں باعثِ برکت و نجات ہوتی ہیں اور اِن کے صدقے اور وسیلے سے مصیبتیں دور ہوتی ہیں۔

☆ بنی اسرائیل کے پاس ایک صندوق تھا جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا مبارک، لباس مبارک اور نعلین شریف نیز حضرت ہارون علیہ السلام کا عمامہ مبارک اور توریت کی تختیاں تھیں۔ جس میدان جنگ میں وہ یہ صندوق لے کر جاتے تو انہیں دشمن پر فتح حاصل ہوتی اسلیے وہ اس صندوق کو "تابوتِ سکینہ" کہنے لگے۔ ایک بار وہ تابوت ان سے کسی قوم نے چھین لیا اس کی عدم موجودگی کی وجہ سے بنی اسرائیل کے حوصلے پست ہو گئے تو ان سے اللہ تعالیٰ کے نبی نے فرمایا، تم جہاد کے لئے تیار ہو جاؤ تمھارا صندوق فرشتے اٹھا کر لائیں گے اس اس بات کا ذکر قرآن کریم میں یوں موجود ہے،

"اور اُن سے ان کے نبی نے فرمایا، اس کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ آئے تمارے پاس تابوت جس میں تمھارے رب کی طرف سے دلوں کا چین ہے اور کچھ بچی ہوئی چیزیں معزز موسیٰ اور معزز ہارون کے ترکہ کی، اٹھاتے لائیں گے اسے فرشتے، بیشک اس میں بڑی نشانی ہے تمہارے لیے اگر ایمان رکھتے ہو"۔

(البقرہ : ۲۴۸، کنزالایمان)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں کے آثار و تبرکات سے توسل اور حصولِ برکت جائز ہے۔ نیز آثار و تبرکات کا بابرکت ہونا ایمان والوں کے لیے نشانی

marfat.com
Marfat.com

## تبرکاتِ صالحین کی برکت :

یہ ایک حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں سے نسبت رکھنے والی چیزیں باعثِ برکت و نجات ہوتی ہیں اور اِن کے صدقے اور وسیلے سے مصیبتیں دور ہوتی ہیں۔

☆ بنی اسرائیل کے پاس ایک صندوق تھا جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا مبارک ، لباس مبارک اور نعلین شریف نیز حضرت ہارون علیہ السلام کا عمامہ مبارک اور توریت کی تختیاں تھیں۔جس میدان جنگ میں وہ یہ صندوق لے کر جاتے توانہیں دشمن پر فتح حاصل ہوتی اسلیے وہ اس صندوق کو"تابوتِ سکینہ" کہنے لگے۔ایک باروہ تابوت ان سے کسی قوم نے چھین لیااس کی عدم موجودگی کی وجہ سے بنی اسرائیل کے حوصلے پست ہوگئے توان سے اللہ تعالیٰ کے نبی نے فرمایا، تم جہاد کے لئے تیار ہو جاؤ تمھارا صندوق فرشتے اٹھا کر لائیں گے اس اس بات کا ذکر قرآن کریم میں یوں موجود ہے،

"اور اُن سے ان کے نبی نے فرمایا،اس کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ آئے تمارے پاس تابوت جس میں تمھارے رب کی طرف سے دلوں کا چین ہے اور کچھ بچی ہوئی چیزیں معزز موسیٰ اور معزز ہارون کے ترکہ کی،اٹھاتے لائیں گے اسے فرشتے، بیشک اس میں بڑی نشانی ہے تمہارے لیے اگر ایمان رکھتے ہو"۔

(البقرہ : ۲۴۸، کنزالایمان)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں کے آثار و تبرکات سے توسل اور حصولِ برکت جائز ہے۔ نیز آثار و تبرکات کا بابرکت ہونا ایمان والوں کے لیے نشانی

marfat.com
Marfat.com

قرار دیا گیا ہے۔ یہ بھی ثابت ہوا کہ حضرت موسیٰ وہارون علیہ السلام کے آثار و تبرکات کو بنی اسرائیل بارگاہِ الٰہی میں وسیلہ بنایا کرتے تھے اور ان کی برکت سے فتح و نصرت پاتے تھے۔

اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے عطائے الٰہی سے خود بھی اپنے بابرکت ہونے کا علم رکھتے ہیں اسلیے وہ اپنی برکتیں دوسروں کو عطا فرماتے ہیں۔

☆ قرآن کریم میں مذکور ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی میں زیادہ رونے سے حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی جاتی رہی۔

جب حضرت یوسف علیہ السلام کو یہ خبر ملی تو انھوں نے اپنا کرتا مبارک اتار کر اپنے بھائیوں کو دیا اور فرمایا، "میرا یہ کرتا لیجاؤ اور اسے میرے والد کے منہ پر ڈالو، ان کی بینائی لوٹ آئے گی"۔ (یوسف: ۹۳)

چنانچہ حضرت یوسف علیہ السلام کے جسم اقدس سے چھو جانے کی برکت سے وہ کرتا ایسا بابرکت ہو گیا کہ اسے آنکھوں پر لگانے سے حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی لوٹ آئی۔ (یوسف: ۹۶)

☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول معظم ﷺ جب صحابہ کرام کے ساتھ قومِ ثمود کی بستی سے گزرے تو صحابہ کرام نے وہاں سے پانی لیا اور اس سے آٹا گوندھ لیا اس پر رسولِ کریم ﷺ نے حکم دیا کہ وہ آٹا جانوروں کو کھلا دو اور یہاں سے جلدی نکلو کیونکہ یہ ایسی بستی ہے جس پر عذاب نازل ہوا تھا۔ "پھر آپ ﷺ نے صحابہ کرام کو حکم دیا کہ اس کنوئیں سے پانی لیں جس سے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی پانی پیا کرتی تھی"۔ (مسلم کتاب الزہد والرقاق)

marfat.com
Marfat.com

اتنا عرصہ گزرنے کے باوجود وہ کنواں اب تک متبرک تھا۔اسلیے حضور ﷺ نے اس کا پانی پی کر برکت حاصل کرنے کا حکم دیا۔اسی طرح قوم ثمود کی نحوست سے بچنے کے لیے وہاں سے جلدی نکلنے کا حکم دیا۔

اس سے معلوم ہوا کہ جو شے اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں سے نسبت حاصل کرلے، وہ ہمیشہ کے لیے متبرک ہو جاتی ہے، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے آثار و تبرکات سے برکت حاصل کرنا رسول اللہ ﷺ کی تعلیم اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کی سنت ہے، اسے توسل بھی کہتے ہیں۔

چونکہ مزاراتِ اولیاء کرام کو فیوض وبرکات کے حصول کے لیے وسیلہ بنایا جاتا ہے اسلیے مزاراتِ اولیاء کے آداب اور فیوض وبرکات پر گفتگو کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ ہم پہلے یہ سمجھ لیں کہ وسیلہ کیا ہے؟

بزرگانِ دین کی زندگی میں اور ان کے وصال کے بعد ان سے توسل کرنا قرآن و حدیث کی روشنی میں کیا حیثیت رکھتا ہے؟

کیا غیر نبی یعنی اولیاء کرام سے توسل جائز ہے؟

توسل کے حوالے سے اکابرینِ امت کا کیا طریقہ رہا ہے؟

ان سوالوں کی روشنی میں ہم آئندہ صفحات میں تفصیلی گفتگو کریں گے۔

☆☆☆☆

marfat.com

Marfat.com

# باب چہارم : وسیلہ کیا ہے؟

## وسیلہ اور توسل :

اہلِ لغت نے وسیلہ کی تعریف یوں کی ہے، اَلْوَسِیْلَۃُ مَا یَتَقَرَّبُ بِہٖ اِلَی الْغَیْرِ۔(لسان العرب ج ۱۱ص ۷۲۵)

جس کے ذریعے کسی دوسری چیز کا قرب حاصل کیا جائے، اسے "وسیلہ" کہتے ہیں جبکہ کسی شے کو کسی مقصد کے حصول کا ذریعہ بنانا "توسل" ہے۔ شرعی اصلاح میں توسل یہ ہے کہ "اللہ تعالیٰ کا قرب اور خوشنودی حاصل کرنے کے لئے کسی ایسی ہستی یا عمل یا شے کو ذریعہ بنایا جائے جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب اور پسندیدہ ہو۔"

ارشادِ باری تعالیٰ ہے، "اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو"۔(المائدہ : ۳۵ کنزالایمان)

اس آیتِ مقدسہ میں وسیلہ اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ بعض لوگ صرف اعمال صالحہ کو وسیلہ قرار دیتے ہیں حالانکہ کوئی شخص ہرگز یہ نہیں جانتا کہ اس کے اعمال بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہیں یا نہیں ؟ جبکہ اللہ تعالیٰ کے محبوب نبی کریم ﷺ کے بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہونے میں کسی مومن کو شبہ نہیں ہو سکتا۔ تو جب ان اعمال صالحہ کو جو کہ مخلوق ہیں اور جن کی مقبولیت مشکوک ہے، وسیلہ بنایا جاسکتا ہے تو سب سے بہتر مخلوق، نبی کریم ﷺ کو وسیلہ کیوں نہیں بنایا جاسکتا جو اللہ تعالیٰ کے محبوب و مقبول بندے ہیں۔

مکۃ المکرمہ کے مشہور محقق اور نامور عالم ڈاکٹر سید محمد علوی مالکی مدظلہ العالی اس آیت

marfat.com
Marfat.com

کے تحت لکھتے ہیں،

"اس آیت میں وسیلہ کا لفظ صالح ہستیوں اور اعمال صالحہ دونوں کے لیے ہے۔ انبیاء وصالحین اور اولیاء کرام سے انکی ظاہری زندگی میں توسل ہو یا انکے وصال کے بعد یا شریعت کے مطابق انجام دیے گئے اعمالِ صالحہ سے توسل ہو، یہ دونوں طریقے نہ صرف جائز بلکہ مشروع ہیں۔

احادیث سے ثابت ہے کہ نبی کریم ﷺ سے توسل آپ ﷺ کی تخلیق سے پہلے، ولادت کے بعد، وصال کے بعد برزخ میں اور بعثت کے بعد میدان قیامت میں بلکہ ہر دور میں کیا گیا اور کیا جاتا رہے گا"۔(مفاهيم يجب ان تصحح)

## تشریف آوری سے قبل توسل:

☆ اہلِ کتاب کا حضور ﷺ سے توسل کرنا قرآن سے ثابت ہے۔ ارشاد ہوا، "اور اس سے پہلے وہ اس نبی کے وسیلے سے کافروں پر فتح مانگتے تھے"۔(البقرہ: ۸۹)

اس کی تفسیر میں ہے کہ نبی کریم ﷺ کی دنیا میں تشریف آوری سے قبل یہودی آپ ﷺ کے وسیلے سے کافروں پر فتح کی دعا مانگتے اور انہیں فتح ملتی۔(تفسیر قرطبی، تفسیر ابن کثیر، تفسیر روح المعانی)

☆ جب حضرت آدم علیہ السلام سے بھول ہوئی تو انہوں نے عرض کی، اے اللہ! میں حضرت محمد ﷺ کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں کہ تو مجھے بخش دے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہوا، اے آدم (علیہ السلام)! تو نے محمد ﷺ کو کیسے پہچانا؟ عرض کی، الٰہی! جب تو نے مجھے پیدا کیا اور مجھ میں اپنی روح پھونکی تو میں نے عرش کے ستونوں پر یہ لکھا دیکھا، لَاۤ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ تو میں نے جان لیا کہ تو نے اپنے نام

marfat.com
Marfat.com

کے ساتھ جس ہستی کے نام کو ملایا ہے وہ یقیناً تجھے سب سے زیادہ محبوب ہے۔ارشاد ہوا،"تو نے سچ کہا،بیشک وہ مجھے سب مخلوق سے زیادہ محبوب ہیں مجھے انکے وسیلے سے پکارو میں تمہیں بخش دوں گا۔اور اگر محمد ﷺ نہ ہوتے تو میں تمہیں بھی پیدا نہ کرتا"۔

اس حدیث کو امام حاکم نے مستدرک میں، امام بیہقی نے دلائل النبوۃ میں، امام قسطلانی اور امام زرقانی نے مواہب اللدنیہ میں، امام جلال الدین سیوطی نے خصائص کبریٰ میں اور امام تقی الدین سبکی نے شفاء السقام میں بیان کیا اور سب محدثین(رحمہم اللہ تعالیٰ) نے اسکی سند کو صحیح قرار دیا۔

مذکورہ آیت کریمہ اور حدیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ آقا کریم ﷺ کی اس دنیا میں تشریف آوری سے قبل آپ کا وسیلہ اختیار کیا گیا۔اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ جس ہستی کا وسیلہ اختیار کیا جائے اسکا ظاہری طور پر دنیا میں موجود ہونا ضروری نہیں ہے۔

## آپ کی حیاتِ طیبہ میں توسل:

☆ حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک نابینا صحابی، رحمتِ عالم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کی،"یارسول اللہ ﷺ! آپ اللہ تعالیٰ سے میری صحت کے لیے دعا فرمایئے"۔آپ نے فرمایا، تم اچھی طرح وضو کرو اور دو رکعت نفل پڑھ کر یہ دعا کرو،

"اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں تیرے نبی حضرت محمد ﷺ کے وسیلے سے جو رحمت والے نبی ہیں۔یارسول اللہ ﷺ! میں

marfat.com
Marfat.com

آپ کے وسیلے سے اپنے رب کے دربار میں اسلیے متوجہ ہوا ہوں تاکہ میری یہ حاجت پوری ہو جائے۔ یااللہ! حضور ﷺ کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما"۔

جب اس نابینا صحابی رضی اللہ عنہ نے بعد نماز یہ دعا کی (جس میں "یارسول اللہ ﷺ" کی ندا موجود ہے) تو اسکی آنکھیں روشن ہو گئیں اور خدا کی قسم! وہ ہمارے پاس اس طرح آیا جیسے کہ وہ کبھی نابینا ہی نہ تھا"۔

(حاکم، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، بیہقی، طبرانی، ابن خزیمہ)

امام ترمذی، امام بیہقی اور امام ذہبی نے فرمایا، اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ امام سیوطی فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو امام بخاری نے بھی اپنی تاریخ میں روایت کیا ہے۔ رحمہم اللہ تعالیٰ (خصائص کبریٰ ج ۲ ص ۲۰۱)

اس حدیث سے دو اہم باتیں واضح ہوئیں۔ اول یہ کہ نبی کریم ﷺ کا خود یہ عقیدہ ہے کہ مجھے بارگاہِ الٰہی میں وسیلہ منانا جائز ہے اسلیے انہوں نے اپنا وسیلہ اختیار کرنے کی تعلیم دی۔ دوم یہ کہ "یارسول اللہ ﷺ" پکارنے کی تعلیم خود آقا و مولیٰ ﷺ نے دی ہے لہٰذا "ندائے یارسول اللہ ﷺ" ہرگز شرک یا بدعت نہیں۔ اس کے متعلق آئندہ صفحات میں مزید گفتگو کی جائے گی۔

☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ زمانۂ نبوی ﷺ میں ایک بار قحط پڑا۔ حضور ﷺ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے کہ ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کی، یارسول اللہ ﷺ! قحط سے جانور ہلاک ہو رہے ہیں آپ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ ہمیں پانی عطا کرے۔ آپ نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھا دیے۔ اسی وقت آسمان پر بادل چھا گئے اور ہم برستی ہوئی بارش میں اپنے گھروں کو گئے۔ اگلے

marfat.com

Marfat.com

جمعہ تک متواتر بارش ہوتی رہی۔ پھر کسی نے کھڑے ہو کر عرض کی، آقا! ہمارے گھر گرنے لگے ہیں آپ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ بارش روک لے۔ آپ ﷺ نے ہاتھ مبارک اٹھا کر فرمایا، الٰہی! ہمارے اردگرد برسا، ہم پر نہ برسا۔ پس ہم نے دیکھا کہ بادل مدینہ منورہ کو چھوڑ کر اردگرد برسنے لگے اور مدینہ منورہ تاج کی طرح چمکنے لگا۔ (بخاری جلد اول ابواب الاستسقاء)

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام مشکل وقت میں حاجت روائی کے لیے سرکارِ دوعالم ﷺ کی بارگاہِ بیکس پناہ میں فریاد کیا کرتے اور مشکل کشائی کے لیے آقا کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس سے توسل کرتے۔

☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب دورِ فاروقی میں لوگ قحط میں مبتلا ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے وسیلے سے یہ دعا کی، "اے اللہ! ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی ﷺ کا وسیلہ پیش کیا کرتے تھے اور تو ہمیں بارش عطا فرماتا تھا اب ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی ﷺ کے چچا کو وسیلہ بناتے ہیں، تو بارش عطا فرما"۔ پس بارش ہو گئی۔ (بخاری جلد اول ابواب الاستسقاء)

اس حدیث شریف سے دو اہم باتیں معلوم ہوئیں :-

اول یہ کہ صحابہ کرام آقا و مولیٰ ﷺ کو وسیلہ بنایا کرتے تھے یعنی وسیلہ اختیار کرنا صحابہ کرام کی سنت ہے۔

دوم یہ کہ غیر نبی کو وسیلہ بنانا بھی جائز ہے۔

## تبرکاتِ نبوی سے توسل :

صحابہ کرام برکت حاصل کرنے کے لیے سرکارِ دوعالم ﷺ کے آثار و تبرکات کو

marfat.com

Marfat.com

وسیلہ بنایا کرتے تھے۔ اس بارے میں کثیر احادیث وارد ہیں۔

☆ عروہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، خدا کی قسم! جب حضور ﷺ تھوکتے ہیں تو ان کا لعاب دہن کسی نہ کسی صحابی کی ہتھیلی پر ہی گرتا ہے جسے وہ اپنے چہرے اور بدن پر مل لیتا ہے۔ جب وہ وضو فرماتے ہیں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ لوگ انکے وضو کے مستعمل پانی کے حصول کے لیے ایک دوسرے سے لڑ پڑیں گے۔ (صحیح بخاری کتاب الشروط)

☆ حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آقا و مولیٰ ﷺ کے وضو کا استعمال شدہ پانی ایک برتن میں لے کر آئے تو لوگ دیوانہ وار لپک کر اس پانی کو لے کر اپنے جسموں پر ملنے لگے۔ جن لوگوں کو پانی نہ مل سکا انہوں نے اپنے ساتھیوں کے گیلے ہاتھوں سے تری لے لی۔ (بخاری، مسلم)

☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، سرکار دو عالم ﷺ نے حضرت اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کے مشکیزہ کے دہانے سے اپنا مبارک منہ لگا کر پانی پیا تو اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے مشکیزہ کا وہ حصہ کاٹ کر اپنے پاس محفوظ کر لیا۔ (مُسند احمد، طبرانی)

☆ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں، "اس جُبہ مبارک کو نبی کریم ﷺ پہنتے تھے اب ہم اسے دھو کر اسکا پانی مریضوں کو پلاتے ہیں اور اسکی برکت سے انہیں شفا مل جاتی ہے"۔ (صحیح مسلم)

☆ حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا، میرے گھر چلو، میں تمہیں اس پیالے میں پانی پلاؤں گا جس میں رسول کریم ﷺ نے پانی پیا ہے اور تمہیں ایسی جگہ نماز پڑھاؤں گا جہاں آقا و مولیٰ ﷺ نے

marfat.com
Marfat.com

نماز پڑھی ہے۔ میں انکے گھر گیا تو انہوں نے اس پیالے میں پانی پلایا، کھجوریں کھلائیں اور پھر میں نے اس جگہ نماز پڑھی جہاں رسول معظم ﷺ نے نماز پڑھی تھی۔ (بخاری)

☆ حضرت عثمان بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے گھر والوں نے ایک پیالہ میں پانی دے کر حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا۔ انکے پاس چاندی کی ایک ڈبیا میں سرکارِ دوعالم ﷺ کے موئے مبارک رکھے ہوئے تھے۔ جب کسی کو نظر لگ جاتی یا کوئی اور تکلیف ہوتی تو وہ موئے مبارک نکال کر اس پانی میں ہلاتیں اور پھر وہ پانی مریض کو پلا دیا جاتا۔ (بخاری کتاب اللباس)

☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ ہمارے گھر چمڑے کے بستر پر آرام فرماتے اور آپ کو پسینہ آرہا تھا۔ میں نے آپکا مقدس پسینہ اور موئے مبارک جمع کیے اور ایک شیشی میں محفوظ کر کے اس میں خوشبو ملالی۔ راوی کہتے ہیں کہ جب حضرت انس رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے وصیت فرمائی کہ پسینہ رسول ﷺ والی خوشبو میرے جسم اور کفن پر مل دینا۔ چنانچہ انہیں وہی خوشبو لگائی گئی۔ (بخاری کتاب الاستیذان)

☆ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں نے نورِ مجسم ﷺ کے موئے مبارک اپنی ٹوپی میں رکھ لیے ہیں، میں جس جنگ میں بھی جاتا ہوں ان کی برکت سے ضرور فتح پاتا ہوں۔ (حاکم، بیہقی)

☆ حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ کی پیشانی پر بالوں کا ایک گچھا تھا۔ جب وہ بیٹھ کر بال کھولتے تو وہ زمین تک آجاتے۔ لوگوں نے کہا، آپ یہ بال کیوں نہیں کٹواتے؟

marfat.com

Marfat.com

آپ نے فرمایا، ان بالوں کو میں زندگی بھر نہیں کٹواؤں گا کیونکہ ان پر ایک بار میرے آقا و مولیٰ ﷺ نے دستِ شفقت پھیرا تھا۔ (دار قطنی، بیہقی، طبرانی)

☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے دو پرانے جوتے نکال کر دکھائے جن میں سے ہر ایک میں دو تسمے تھے۔ آپ نے فرمایا، یہ رسول کریم ﷺ کے نعلین مبارک ہیں۔ (بخاری کتاب الجہاد والسیر)

☆ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا نیزہ غزوہ بدر کے بعد نبی کریم ﷺ نے مستعار لے لیے تھا۔ جب حضور ﷺ کا وصالِ ظاہری ہوا تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے وہ نیزہ واپس لے لیا۔ پھر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے وہ نیزہ مانگ لیا۔ جب انکا وصال ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے مانگ لیا اسی طرح وہ نیزہ چاروں خلفاء کے پاس بطور تبرک منتقل ہوتا رہا۔ پھر حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے اسے لے لیا اور انکے شہید ہونے تک وہ انہی کے پاس رہا۔ (بخاری کتاب المغازی)

☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس آقا و مولیٰ ﷺ کا پیالہ مبارک تھا۔ وہ ٹوٹ گیا تو آپ نے دراڑ والی جگہ پر چاندی کا پترا لگوایا۔ راوی کہتے ہیں، میں اس مبارک پیالے کی زیارت کی ہے اور اس میں پانی بھی پیا ہے۔ (بخاری کتاب الجہاد والسیر)

☆ حضور ﷺ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے گھر چمڑے کے بستر پر آرام فرماتے اور آپ کو پسینہ آرہا تھا۔ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا آپ کا پسینہ مبارک ایک شیشی میں جمع کرنے لگیں۔ حضور ﷺ نے پوچھا، تم کیا کر رہی ہو؟ عرض کی، ہم اس پسینے سے اپنے بچوں کے لیے برکت کی امید رکھتے ہیں۔ فرمایا، تم ٹھیک کرتی ہو۔

(مسلم باب طیب عرقہ والتبرک بہ)

marfat.com
Marfat.com

☆ نبی کریم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں ایک عورت نے خوبصورت چادر پیش کی۔ آپ نے وہ زیبِ تن فرمالی۔ ایک صحابی نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ! یہ چادر مجھے عطا فرمادیجیے۔ آپ نے وہ چادر اسے عطا فرمادی۔ بعد میں صحابہ کرام علیہم الرضوان نے اس شخص سے کہا، تم نے یہ چادر کیوں مانگی جبکہ تم جانتے ہو کہ آقا کریم ﷺ کے پاس ایک ہی چادر ہے۔ اس صحابی نے جواب دیا، خدا کی قسم! میں نے یہ چادر پہننے کے لیے نہیں مانگی بلکہ اپنے کفن کے لیے لی ہے۔ میں اس سے برکت کی امید کرتا ہوں کیونکہ یہ آقا و مولیٰ ﷺ کے جسمِ اقدس کے ساتھ لگ چکی ہے۔

(بخاری کتاب اللباس)

ایسی بیشمار روایات کتب حدیث میں موجود ہیں بلکہ امام بخاری نے تو صحیح بخاری کتاب الجہاد والسیر میں ایک باب کا عنوان ہی یہ قائم کیا، "نبی کریم ﷺ کے تبرکات کا بیان یعنی آپ کی زرہ، عصا، تلوار، پیالہ اور انگوٹھی جن کو بعد میں آپ کے خلفاء نے استعمال کیا اور انہیں تقسیم نہیں کیا گیا۔ نیز آپ کے موئے مبارک، نعلین مبارک اور برتنوں کو آپکے وصال کے بعد صحابہ کرام اور دوسروں نے تبرکات قرار دے کر ان سے برکت حاصل کی"۔

سبحان اللہ! امام بخاری کے قائم کردہ اس تفصیلی عنوان سے ہی یہ بات ثابت ہو گئی کہ سرکارِ دوعالم ﷺ کے آثار و تبرکات سے صحابہ کرام برکت حاصل کرنے کے لیے توسل کرتے تھے۔ ان دلائل سے ثابت ہوتا ہے کہ بزرگانِ دین اور اولیاء اللہ کے آثار سے برکت حاصل کرنا اور حاجت روائی کے لیے ان سے توسل کرنا بالکل جائز ہے۔

marfat.com
Marfat.com

یہ ایمان افروز روایت بھی ملاحظہ فرمایئے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آقائے دو جہاں ﷺ کے تبرکات تھے۔ آپ نے بوقت وصال یہ وصیت فرمائی کہ "مجھے کفن میں آقا کریم ﷺ کا کرتہ اور آپ کا تہبند پہنا کر حضور ﷺ کی چادر مبارک میں لپیٹ دیا جائے، میرے گلے، منہ اور اعضائے سجدہ پر سرکارِ دو عالم ﷺ کے موئے مبارک اور ناخن مبارک کے تراشے رکھ دیے جائیں اور مجھے اَرحَم الرّاحمین کے سپرد کر دیا جائے"۔ (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ)

قابلِ غور بات یہ ہے کہ صحابہ کرام جب رحمتِ عالم ﷺ کے آثار و تبرکات کو وسیلہ بنایا کرتے تھے تو کیا آقا کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس کو وسیلہ نہیں بناتے تھے؟ اگر نبی کریم ﷺ سے نسبت کی وجہ سے آپ کے بال مبارک، تھوک مبارک، پسینہ مبارک، جبہ مبارک، پیالہ مبارک، جسمِ اقدس سے چھو جانے والی جگہیں اور اعضائے وضو سے لگے ہوئے پانی کو حصولِ برکت کے لیے وسیلہ بنانا جائز ہے تو سرکارِ دو عالم ﷺ کی ذاتِ مبارکہ کو وسیلہ بنانا کیونکر ناجائز ہو سکتا ہے؟؟؟

ایک اور ایمان افروز نکتہ یہ بھی ہے کہ صحابہ کرام اپنے آقا و مولیٰ ﷺ کے آثار و تبرکات کو حصولِ برکت کے لیے وسیلہ بناتے جیسا کہ احادیثِ کریمہ اوپر بیان ہوئیں لیکن خاص بات یہ ہے کہ حضور ﷺ از خود بھی اپنی برکتیں اپنے غلاموں کو عطا فرماتے تھے۔ اس حوالے سے بھی احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

☆ حضرت طلق بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک وفد کے ساتھ بارگاہِ نبوی میں حاضر ہوئے اور اسلام پر بیعت کی۔ ہم نے عرض کی، ہمارے یہاں ایک کلیسا ہے۔ آقا و مولیٰ ﷺ نے ایک برتن میں پانی سے کلی کی اور وہ پانی ایک مشکیزے میں

marfat.com
Marfat.com

ڈال کر ہمیں عطا کیا اور فرمایا، تم اس کلیسا کو توڑ کر یہ پانی وہاں ڈال دینا اور پھر اس جگہ مسجد تعمیر کرنا۔ ہم نے عرض کی، آج کل شدید گرمی ہے اور ہمارا علاقہ بہت دور ہے، یہ پانی تو سفر میں خشک ہو جائے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا، "اس میں اور پانی ڈالتے رہنا، اس سے برکت میں کمی نہیں ہو گی"۔ (نسائی، مشکوٰۃ باب المساجد)

مزید چند احادیث اختصار کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں۔

☆ حدیبیہ کے دن پانی کی قلت کے باعث لوگ پریشان تھے تو حضور ﷺ نے برتن میں اپنی مبارک انگلیاں ڈال دیں اور ان سے پانی کے چشمے جاری ہو گئے۔ (بخاری کتاب الاشربہ)

☆ حدیبیہ کے قریب ایک جگہ لوگوں نے پیاس کی شکایت کی تو آپ نے اپنا تیر پانی کے گڑھے میں ڈالنے کا حکم دیا جس سے پانی جاری ہو گیا۔ (بخاری کتاب الشروط)

☆ برکت کے لیے آٹے اور سالن میں لعابِ دہن ڈال دیا تو کھانا ختم نہ ہوا۔ (بخاری کتاب المغازی)

☆ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے سست رفتار گھوڑے پر سوار ہوئے تو وہ تیز رفتار ہو گیا۔ (بخاری کتاب الجہاد والسیر)

☆ عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ کی ٹوٹی ہوئی پنڈلی جوڑ دی۔ (بخاری کتاب المغازی)

☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دکھتی آنکھوں میں لعابِ دہن لگا دیا، وہ شفا پا گئے۔ (بخاری کتاب المناقب)

☆ حج کے موقع پر آقا و مولیٰ ﷺ نے اپنے موئے مبارک صحابہ میں خود تقسیم

marfat.com
Marfat.com

کرائے۔(مسلم کتاب الحج)

☆ سخت سردی میں لوگ خدمتِ اقدس میں پانی لاتے تو آپ اپنی مبارک انگلیاں برکت کے لیے پانی میں ڈبو دیتے۔(مسلم باب قربہ من الناس)

معلوم ہوا کہ آقا و مولیٰ ﷺ کا عقیدہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے برکتوں والا بنایا ہے اور لوگوں کی مشکل کشائی اور حاجت روائی کا اختیار بھی عطا فرمایا ہے۔ آپ کا فرمان عالیشان ہے،

☆ "بیشک اللہ تعالیٰ (نعمتیں) عطا فرماتا ہے اور میں (اسکی نعمتیں) تقسیم کرتا ہوں"۔(مسلم، بخاری کتاب الجہاد والسیر)

بخاری و مسلم کی روایت کردہ ان احادیث سے بھی یہ ثابت ہوا کہ بزرگانِ دین اور صالحین کے آثار سے برکت حاصل کرنا اور حاجت روائی کے لیے ان سے توسل کرنا بالکل جائز ہے۔

## صحابہ و اولیاء سے توسل :

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو وسیلہ بنانے سے متعلق حدیثِ بخاری اوپر بیان ہوئی۔ اس حدیث کی شرح میں علامہ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام سے مخاطب ہو کر فرمایا، "اے لوگو! رسول کریم ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضور ﷺ کا سا طریقہ اپناؤ اور انہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ بناؤ"۔(فتح الباری شرح بخاری ج ۲ ص ۴۱۳)

کسی صحابی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس قول و فعل پر اعتراض نہیں کیا جس سے ثابت ہوا کہ غیر نبی کو وسیلہ بنانے پر صحابہ کرام کا اجماع ہے۔

marfat.com
Marfat.com

☆ حضرت سلیم بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں جب قحط پڑا اور سب لوگ نماز استسقاء کے لیے جمع ہوئے تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے جلیل القدر صحابی حضرت یزید بن الاسود الجرشی رضی اللہ عنہ کو وسیلہ بنایا اور دعا کی، "اے اللہ! ہم تیری بارگاہ میں بہترین شخص یزید بن اسود کو وسیلہ بناتے ہیں، تو بارش برسا دے"۔

حضرت یزید بن اسود رضی اللہ عنہ اور سب لوگوں نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے ہی تھے کہ اچانک بادل آگئے اور اتنی موسلادھار بارش ہوئی کہ لوگوں کا گھروں تک پہنچنا دشوار ہو گیا۔ (طبقات ابن سعد ج ۷، ص ۴۴۴)

اس سے ثابت ہوا کہ صالحین کو وسیلہ بنانا قرآن و سنت کو سب سے زیادہ سمجھنے والے یعنی صحابہ کرام کا طریقہ ہے۔ اس وقت کثیر تعداد میں صحابہ کرام اور تابعین عظام وہاں موجود تھے۔ اس سے بھی محبوبانِ خدا کا وسیلہ پیش کرنے پر صحابہ و تابعین کا اجماع ثابت ہوتا ہے۔

☆ نبی کریم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے، محافظ فرشتوں کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے اور فرشتے بھی مقرر فرمائے ہیں۔ اگر درخت کا پتہ بھی گرے تو وہ لکھ لیتے ہیں۔ جب کسی شخص کو ویرانے یا جنگل میں کوئی تکلیف پہنچے تو اسے یوں پکارنا چاہیے،

أَعِينُونِي يَا عِبَادَ اللّٰهِ۔ "اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو"۔

امام نور الدین علی بن ابی بکر ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں"۔ (مجمع الزوائد ج ۱۰ ص ۱۳۲)

☆ آقا و مولیٰ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے، "جب کسی کا جانور جنگل وغیرہ میں بھاگ

marfat.com
Marfat.com

جائے تو وہ پکارے ، اے اللہ کے بندو! اسے روک لو، اے اللہ کے بندو! اسے پکڑ لو۔ بیشک اللہ کے کچھ بندے زمین پر موجود ہوتے ہیں جو اسے روک دیں گے"۔

محدث علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "یہ حدیث حسن ہے، مسافروں کو اسکی بہت حاجت ہے اور مشائخ کرام سے مروی ہے کہ یہ آزمودہ ہے، اس سے حاجت روا ہوتی ہے"۔ (الحرز الثمین)

مذکورہ بالا دونوں حدیثیں مندرجہ ذیل ائمہ حدیث نے روایت کی ہیں۔

مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱۰ ص ۳۹۰، مسند ابی یعلیٰ ج ۵ ص ۱۲۳، مجمع الزوائد ج ۱۰ ص ۱۳۲، طبرانی کبیر ج ۱۰ ص ۲۱۷۔

ان احادیث میں بندگانِ خدا سے مدد مانگنے کی جو تعلیم دی گئی ہے وہ ندا کی شکل میں توسل ہی ہے۔

☆ غیب بتانے والے آقا و مولیٰ ﷺ کا فرمانِ عالیشان ہے، "ابدال ملک شام میں ہونگے۔ وہ چالیس مرد ہیں جب ان میں سے کوئی وفات پاجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ کسی دوسرے کو مقرر فرمادیتا ہے۔ انکی برکت سے بارشیں برستی ہیں، انکے ذریعے دشمنوں پر فتح حاصل ہوتی ہے۔ (مشکوٰۃ باب )

اس سے معلوم ہوا کہ ابدال جو کہ اولیاء اللہ کے ایک گروہ کے افراد ہیں، انکے وسیلے سے بارشیں برستی ہیں اور دشمنوں پر فتح حاصل ہوتی ہے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ ان کی برکت اور وسیلے سے اللہ تعالیٰ زمین والوں سے آفات و مصائب دور فرماتا ہے۔ (حلیۃ الاولیاء)

☆ سرکار دوعالم ﷺ نے گھر سے نماز کے لیے نکلتے ہوئے بعض کلمات کہنے والے

marfat.com
Marfat.com

کے لیے یہ بشارت دی کہ اس پر رحمتِ الٰہی نازل ہوتی ہے اور ستر ہزار فرشتے اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔ ان کلمات کے آغاز میں یوں ہے،

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ السَّائِلِیْنَ عَلَیْكَ..........والخ

"اے اللہ! مانگنے والوں کا جو حق تیرے ذمۂ کرم پر ہے، میں اسکے وسیلے سے تجھ سے مانگتا ہوں"۔ (ابن ماجہ باب المشی الی الصلوٰۃ)

اس حدیث کے تحت علماء فرماتے ہیں کہ "حق السائلین" سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نبی اور غیر نبی جو بھی بارگاہِ الٰہی کے سائل ہیں ان سب کا وسیلہ پیش کرنا جائز ہے اور یہ بھی ثابت ہوا کہ زندہ اور فوت شدہ دونوں سے توسل جائز ہے کیونکہ "سائلین" میں زندہ اور فوت شدہ دونوں شامل ہیں۔

## وصال کے بعد توسل :

نبی کریم ﷺ نے اپنی چچی حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا کی تدفین سے قبل ان کی قبر میں لیٹ کر یہ دعا فرمائی،

"اے اللہ! میری چچی کو بخش دے، انہیں ان کی دلیل سکھا دے۔

وَوَسِّعْ عَلَیْهَا مَدْخَلَهَا بِحَقِّ نَبِیِّكَ وَالْاَنْبِیَاءِ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِیْ۔

اور اپنے نبی اور مجھ سے پہلے انبیاء کرام کے حق کے سبب انکی قبر کشادہ فرمادے، بیشک تو سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے"۔

اس دعا سے معلوم ہوا کہ امام الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء نے اپنے اور انبیاء کرام کے حق کو وسیلہ بنایا جبکہ انبیاء کرام اس دنیا سے وصال فرماچکے تھے۔ اس سے ثابت ہوا کہ محبوبانِ خدا کا وسیلہ جائز ہے خواہ انکی ظاہری زندگی میں ہو یا وصال کے بعد۔ یہ بھی

marfat.com
Marfat.com

معلوم ہوا کہ آقا کریم ﷺ نے دعا میں خود اپنا وسیلہ بھی پیش کیا نیز ان کی قبر میں لیٹ کر انہیں اپنے وجودِ مسعود کی برکت سے بھی فیضیاب کیا۔

اس حدیث شریف کو امامِ طبرانی نے کبیر اور اوسط میں جید سند کے ساتھ روایت کیا، حافظ ابن حبان اور امام حاکم نے اسے روایت کر کے صحیح قرار دیا۔ اس حدیث کو ابن ابی شیبہ، ابن عبدالبر، دیلمی اور ابو نعیم نے بھی روایت کیا۔ امام نور الدین ہیثمی نے بھی اسے صحیح قرار دیا ہے۔ رحمہم اللہ تعالیٰ (مجمع الزوائد ج ۹ ص ۲۵۷)

اس حدیث کے تحت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جذب القلوب میں فرماتے ہیں، ”اس حدیث سے زندگی اور بعد وصال دونوں حالتوں میں وسیلہ اختیار کرنے کا ثبوت ملتا ہے۔ جب دیگر انبیاء کرام علیہم السلام سے بعد وصال توسل جائز ہے تو سید الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء سے توسل بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا بلکہ اس حدیث کی رُو سے اولیاء سے انکی وفات کے بعد وسیلہ چاہنے کو بھی قیاس کیا جا سکتا ہے کیونکہ بعد وصال توسل کے لیے صرف انبیاء کرام کی تخصیص نہیں، اگر یہ انہی کی خصوصیت ہو تو پھر اسکی دلیل کہاں ہے؟“۔

اب ہم حضورِ اکرم ﷺ کے وصالِ ظاہری کے بعد آپ کو وسیلہ بنانے کے متعلق ایک اہم حدیث بیان کرتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک شخص کسی ضرورت کے لیے باربار حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں جاتا لیکن وہ توجہ نہ فرماتے۔ اس شخص کی ملاقات حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو اس نے شکایت کی۔ آپ نے فرمایا، تم وضو کر کے دو رکعت نفل ادا کرو پھر یہ دعا مانگو،

”اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں تیرے نبی

marfat.com
Marfat.com

حضرت محمد ﷺ کے وسیلے سے جو رحمت والے نبی ہیں۔ یارسول اللہ ﷺ! میں آپ کے وسیلے سے اپنے رب کے دربار میں اس لیے متوجہ ہوا ہوں کہ میری یہ حاجت پوری ہو جائے۔ یااللہ! حضور کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما"۔

چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اور پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دروازے پر آیا تو دربان اس کا ہاتھ پکڑ کر امیر المومنین کی خدمت میں لے گیا۔ آپ نے اسے اپنے پاس بٹھایا اور اس کی حاجت پوچھی، اس نے اپنی ضرورت کا ذکر کیا تو آپ نے اس کی ضرورت پوری کر دی اور فرمایا، جب بھی تمہیں کوئی حاجت پیش آئے میرے پاس آجانا۔ وہ شخص وہاں سے نکل کر عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے ملا اور ان سے کہا، اللہ تعالیٰ آپ کو جزا دے، اگر آپ امیر المومنین سے میرے بارے میں بات نہ کرتے تو وہ کبھی میری طرف متوجہ نہ ہوتے اور میری حاجت پوری نہ کرتے۔

انہوں نے جواب میں فرمایا، اللہ تعالیٰ کی قسم! میں نے امیر المومنین سے کوئی گفتگو نہیں کی بلکہ اصل بات یہ ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک نابینا شخص خدمتِ اقدس میں آیا اور بینائی کے لیے دعا کی درخواست کی تو آقا و مولیٰ ﷺ نے اسے یہی طریقہ اور یہی دعا تعلیم فرمائی (جو کہ مذکور ہو چکی) اور خدا کی قسم ابھی ہم وہاں سے اٹھے بھی نہیں تھے کہ وہ نابینا شخص ہمارے پاس ایسے آیا کہ گویا وہ نابینا ہی نہ تھا۔

اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

(معجم الصغیر للطبرانی ج۱ ص ۱۸۳، مجمع الزوائد ج ۲ ص ۲۷۹)

شارحین فرماتے ہیں کہ جب اس شخص نے یہ خیال ظاہر کیا کہ شاید اس کی حاجت

marfat.com

Marfat.com

کے سلسلے میں عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ نے امیر المومنین سے کوئی بات کی ہے تو صحابئ رسول نے اسکے خیال کو غلط قرار دیتے ہوئے فوراً وہ حدیث بیان فرمائی جس میں انکے سامنے ایک نابینا صحابی کو آنکھیں مل گئی تھیں تاکہ اس پر یہ واضح ہو جائے کہ اسکی حاجت حضور ﷺ کا وسیلہ اختیار کرنے، انکو پکارنے اور ان سے مدد مانگنے کی وجہ سے پوری ہوئی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے محبوب بندوں کے وسیلے سے حاجت جلد پوری فرماتا ہے۔ الحمد للہ! اہلسنت کا عقیدہ بھی صحابہ کرام کے عقیدے کے عین مطابق ہے۔

بعض کم فہم حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے توسل والی حدیث کے حوالے سے یہ اعتراض کرتے ہیں کہ "حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کا وسیلہ اس لیے اختیار نہ کیا کہ وہ وصال فرما چکے تھے لہٰذا وصال کے بعد کسی سے توسل جائز نہیں"۔ یہ اعتراض بالکل لغو ہے۔ غور طلب بات یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کسی اور صحابی کو وسیلہ کیوں نہ بنایا اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ہی وسیلہ کیوں بنایا؟ اس کا جواب یہ ہے، کیونکہ آپ نبی کریم ﷺ کے چچا ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا بطور وسیلہ دعا میں ذکر نہ کیا بلکہ فرمایا، "ہم اپنے نبی کے چچا کو وسیلہ بناتے ہیں"۔ ثابت ہوا کہ وسیلہ بظاہر حضرت عباس رضی اللہ عنہ ہیں اور در حقیقت یہ وسیلہ حبیبِ کبریا ﷺ ہی کا وسیلہ ہے۔

علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ شرح بخاری میں فرماتے ہیں، "جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو وسیلہ بنایا گیا تو آپ نے یہ دعا کی، "اے اللہ! مصیبت گناہوں کے باعث نازل ہوتی ہے اور توبہ ہی سے دور ہوتی ہے۔ یہ لوگ میرے وسیلے سے اس لیے تیری بارگاہ

marfat.com
Marfat.com

میں متوجہ ہوئے ہیں کیونکہ میرا تیرے نبی سے قریبی تعلق ہے"۔ پھر یہ دعا فرمائی، "اے اللہ! اپنے نبی کے چچا کی لاج رکھ لے"۔ (عمدۃ القاری ج ۷ ص ۳۲)

علامہ سید محمد علوی مکی مدظلہ العالی لکھتے ہیں، "جو شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کلام کا یہ مطلب نکالے کہ انہوں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا وسیلہ پیش کیا اور حضور ﷺ سے توسل نہیں کیا کیونکہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ زندہ تھے اور حضور ﷺ کا وصال ہو چکا تھا، اُس شخص کی عقل مر چکی ہے، اس پر وہم غالب آچکا ہے اور اس نے اپنے بارے میں کوئی اچھا تاثر نہیں دیا، وہ سخت تعصب میں مبتلا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو صرف اسی لیے وسیلہ بنایا کہ انہیں نبی کریم ﷺ سے قرب حاصل ہے۔ چنانچہ ان کا یہ فرمانا، وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا۔ "ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی ﷺ کے چچا کو وسیلہ بناتے ہیں تو بارش عطا فرما"۔ اس دعا میں بہتر طور پر نبی کریم ﷺ سے توسل کیا گیا ہے۔

وہ شخص بڑا ناانصاف اور خطاکار ہے جو توسل کی وجہ سے مسلمانوں کو مشرک قرار دیتا ہے اور یہ بھی کہتا ہے کہ زندہ شخص سے توسل جائز ہے، کیونکہ اگر توسل شرک ہوتا تو زندہ اور فوت شدہ کسی سے بھی جائز نہ ہوتا۔ کیا ایسا شخص یہ نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی نبی یا فرشتے یا ولی کو رب ماننا یا اسے عبادت کا مستحق سمجھنا کفر و شرک ہے اور یہ نہ اسکی زندگی میں جائز ہے نہ وصال کے بعد۔ کیا تم نے کسی کو یہ کہتے سنا ہے کہ غیر خدا کو اسکی زندگی میں رب ماننا جائز ہے اور اسکی وفات کے بعد شرک ہے؟

پس دلائل سے واضح ہو گیا کہ کسی محترم و معظم ہستی کو بارگاہِ الٰہی میں وسیلہ بنانا اسکی

marfat.com
Marfat.com

عبادت نہیں ہے۔ ہاں اگر وہ اسے رب سمجھ کر وسیلہ بنائے جیسا کہ بت پرست اپنے بتوں کے بارے میں عقیدہ رکھتے تھے تو یہ شرک ہے۔ اور اگر کوئی شخص کسی معظم ہستی کو رب کا محبوب سمجھتے ہوئے حکمِ الٰہی کے مطابق اسے وسیلہ بنائے تو یہ توسل اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت قرار پائے گا"۔(مفاهيم يجب ان تصحح)

روضۂ اقدس سے توسل :

☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے وصال کے تین دن بعد ایک اعرابی آیا اور روضہ اطہر پر حاضر ہو کر اپنے سر پر خاک ڈالنے لگا اور یوں عرض کرنے لگا، یارسول اللہ ﷺ! آپ نے جو اللہ کا کلام ہمیں پہنچایا اس میں یہ آیت بھی ہے، (پھر اس نے سورہ نساء کی آیت ۶۴ تلاوت کی جس کا ترجمہ یہ ہے)، "اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب ﷺ! تمہارے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول بھی انکی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں"۔

پھر اس نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ! میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے یعنی گناہ کیے ہیں، اب آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں تاکہ آپ میری مغفرت فرمائیں۔ روضہ اقدس سے آواز آئی، قد غفر لك۔ اے اعرابی! تجھے بخش دیا گیا۔

(تفسیر قرطبی ج ۵ ص ۲۶۵، تفسیر مدارک التنزیل، جذب القلوب)

☆ عباسی خلیفہ منصور جب روضہ اقدس پر حاضر ہوا تو امام مالک رضی اللہ عنہ بھی وہاں موجود تھے۔ خلیفہ نے ان سے دریافت کیا، میں قبلہ کی طرف منہ کر کے دعا کروں یارسول کریم ﷺ کی جانب؟ امام مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا، "تم اپنا چہرہ رحمت عالم

marfat.com
Marfat.com

ﷺ سے کیوں پھیرتے ہو حالانکہ آقا و مولیٰ ﷺ ہی بارگاہِ الٰہی میں تمہارا اور تمہارے والد آدم علیہ السلام کا وسیلہ ہیں اس لیے تم حضور ﷺ ہی کی طرف رُخ کر کے آپ سے شفاعت کی درخواست کرو، اللہ تعالیٰ آپ کی شفاعت قبول فرمائے گا"۔(کتاب الشفا ج ۲ ص ۳۳)

☆ صحابہ کرام نے حاجت روائی کے لیے آقا و مولیٰ ﷺ کے روضہ اقدس سے توسل کیا۔ حضرت ابو الجوزاء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، ایک بار اہلِ مدینہ کو سخت قحط سالی کا سامنا کرنا پڑا۔ جب قحط سے نجات کی کوئی صورت نظر نہ آئی تو صحابہ کرام حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، روضہ اقدس کی چھت میں سوراخ کر دو تاکہ روضہ انور اور آسمان کے درمیان کوئی پردہ نہ رہے۔ انہوں نے ایسا ہی کیا تو زبردست بارش ہوئی یہاں تک کہ ہر طرف سبزہ اُگ آیا اور چارہ کھا کھا کر جانور موٹے ہو گئے اور انکے جسم چربی سے بھر گئے اسلیے اس سال کا نام "عام الفتق" یعنی خوشحالی و فراوانی کا سال پڑ گیا۔

(سنن دارمی ج ا ص ۴۳، مشکوٰۃ باب الکرامات)

اس حدیث کی شرح میں محدث علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "قحط سالی کے وقت جب بھی آقا کریم ﷺ سے شفاعت طلب کی جاتی تو بارش ہو جاتی۔ اسی لیے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے طلبِ شفاعت اور توسل میں مبالغہ اور شدت پیدا کرنے کے لیے روضہ اقدس کی چھت میں سوراخ کرنے کا حکم دیا تاکہ رحمتِ عالم ﷺ اور آسمان کے درمیان کوئی پردہ نہ رہے"۔(مرقاۃ شرح مشکوٰۃ)

☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں لوگ قحط سالی میں مبتلا ہو گئے تو ایک شخص

marfat.com
Marfat.com

نے رسول معظم ﷺ کے روضہ اقدس پر حاضر ہو کر عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! اپنی امت کے لیے بارش کی دعا فرمائیے کیونکہ لوگ ہلاک ہو رہے ہیں۔ آقائے دو جہاں ﷺ نے اس شخص کو خواب میں حکم دیا، "عمر کے پاس جاؤ، انہیں میرا سلام کہو اور بتا دو کہ لوگ جلد بارش سے سیراب کیے جائیں گے اور ان سے یہ بھی کہو کہ احتیاط کا دامن تھامے رکھیں"۔

وہ شخص امیر المومنین کی خدمت میں پہنچا اور انہیں آقا کریم ﷺ کا پیغام پہنچایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور آپ نے بارگاہِ الٰہی میں عرض کی، "اے اللہ! میں کوئی کوتاہی نہیں کروں گا ہاں جس سے میں عاجز ہوں اسے معاف فرما دینا"۔ (الاستیعاب ج ۲ ص ۴۶۴، البدایہ والنہایہ ج ۷ ص ۹۲، مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱۲ ص ۳۱)

امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی سند کو صحیح فرمایا ہے۔

(فتح الباری ج ۲ ص ۳۹۸)

احادیث مبارکہ کے بعد علامہ نبہانی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب سے ایک ایمان فروز واقعہ بھی ملاحظہ فرمائیے۔ غرناطہ کا ایک شخص شدید بیمار ہو گیا۔ طبیب علاج سے عاجز ہو گئے اور اسے صحت کی کوئی امید نہ رہی تو اس مریض کی طرف سے ابن ابی خصال نے ایک خط رسول کریم ﷺ کی طرف لکھا جس میں بیماری سے شفا کی درخواست کی گئی اور کچھ اشعار بھی تحریر کیے۔ ان میں سے پہلے شعر کا ترجمہ یہ ہے،

"بیماری سے عاجز موت کے قریب پہنچے ہوئے ایک شخص کا خط جو رسول اللہ، احمدِ مجتبیٰ ﷺ کے روضۂ مبارک کی طرف شفا طلب کرنے کے لیے لکھا گیا"۔ جب وہ

marfat.com
Marfat.com

خط رحمتِ عالم ﷺ کے روضۂ اقدس پر پہنچا اور اسکا یہ پہلا شعر ہی پڑھا گیا تو وہ مریض غرناطہ میں صحت یاب ہو گیا۔(جواہر البحار ج ۴ ص ۴۴)

واہ کیا جود و کرم ہے شہ بطحا تیرا　　نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

## ندائے یارسول اللہ ﷺ :

صحابہ کرام اور صالحین حاجت روائی اور مشکل کشائی کے لیے روضۂ اقدس سے توسل کرتے اور آقا و مولیٰ ﷺ کی بارگاہِ بیکس پناہ میں حاضر ہو کر فریاد کیا کرتے اور جو دوری کے باعث حاضر نہ ہو سکتے وہ دور ہی سے آقا کریم ﷺ کو ندا کر کے رحمت طلب کیا کرتے، صالحین کا آج تک یہی معمول چلا آرہا ہے۔

"وصال کے بعد توسل" کے تحت وہ معروف حدیث بیان ہوئی جس میں خلافتِ عثمانی میں ایک شخص کو (جو صحابی یا تابعی تھے)، حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ نے دعائے حاجت سکھائی جس سے ان کی حاجت پوری ہو گئی۔ اس دعائے حاجت میں "یارسول اللہ ﷺ" پکارنے کی تعلیم دی گئی ہے جبکہ یہ دعا خود سرکار دو عالم ﷺ نے سکھائی تھی۔ گویا "ندائے یارسول اللہ ﷺ" آقا و مولیٰ ﷺ کے حکم کی تعمیل اور صحابہ کرام کی سنت ہے۔

مجددِ دین وملت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے "انوار الانتباہ فی حل نداءِ یارسول اللہ ﷺ" میں جو دلائل تحریر کیے ہیں ان کا خلاصہ پیش کیے دیتا ہوں۔

☆ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا پاؤں سو گیا۔ کسی نے کہا، انہیں یاد کیجیے جو آپ کو سب سے زیادہ محبوب ہیں۔ انہوں نے

marfat.com
Marfat.com

باآوازِ بلند کہا، یا محمداہ ﷺ۔ تو ان کا پاؤں فوراً صحیح ہو گیا۔ (الادب المفرد ص ۲۵۰)

اس کی شرح میں محدث علی قاری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں، ”حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بلند آواز سے ندا کی، اس سے انکا مقصد یہ تھا کہ محبوب سے محبت بھی ظاہر کی جائے اور ان سے مدد کی التجا بھی ہو جائے“۔ (شرح شفا)

☆ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ، شارح مسلم فرماتے ہیں، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی محفل میں کسی آدمی کا پاؤں سو گیا تو آپ نے اسے فرمایا، اس کو یاد کرو جو تمہیں سب سے زیادہ محبوب ہے۔ اس نے کہا، یا محمداہ ﷺ! اسی وقت اس کا پاؤں اچھا ہو گیا۔ (کتاب الاذکار ص ۱۳۵)

☆ علامہ شہاب الدین خفاجی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، ”حضرت ابن عمر اور ابن عباس رضی اللہ عنہم کے علاوہ اور حضرات سے بھی ایسا ہی مروی ہے بلکہ اہلِ مدینہ میں ایسا کہنے یعنی یا محمداہ ﷺ پکارنے کا رواج عام تھا“۔

(نسیم الریاض شرح شفاءِ قاضی عیاض ج ۴ ص ۳۵۵)

☆ دورِ فاروقی ۱۸ھ میں شدید قحط پڑا۔ انہی ایام میں جلیل القدر صحابی حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ نے ساتھیوں کے بیحد اصرار پر ایک بکری ذبح کی۔ جب کھال اتاری تو اندر گوشت کا نام و نشان نہ تھا صرف سرخ ہڈیاں نکلیں۔ یہ دیکھ کر بے بسی کے عالم میں بے ساختہ پکار اٹھے، یا محمداہ! یا رسول اللہ ﷺ! کرم فرمایئے۔ رات کو خواب میں نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور زندگی کی بشارت دی۔

(تاریخ طبری ج ۴ ص ۲۲۴، تاریخ کامل لابن اثیر ج ۲ ص ۵۵۶، البدایہ والنہایہ ج ۷ ص ۹۱)

marfat.com

Marfat.com

☆ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ صحابہ کرام کے ہمراہ جب مسیلمہ کذاب کے لشکر سے بر سر پیکار تھے، نہایت گھمسان کا معرکہ تھا، اسوقت سب مسلمانوں کی زبان پر یہ ندا تھی، یا محمداہ یا محمداہ ﷺ! یارسول اللہ ﷺ! مدد فرمایئے۔ یارسول اللہ ﷺ! مدد فرمایئے۔ پھر مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی۔ (البدایہ والنہایہ ج ٦ ص ٣٢٤، تاریخ کامل ج ٢ ص ١٥٢، تاریخ طبری ج ٣ ص ٢٥٠)

☆ حضرت کعب بن ضمرہ رضی اللہ عنہ اسلامی لشکر کے ساتھ جب شام کے شہر حلب کی فتح کے لیے لڑ رہے تھے اور دشمن کے ساتھ سخت مقابلہ ہو رہا تھا تو آپ کی زبان پر یہ ندا تھی، یا محمد یا محمد یا نصر اللہ انزل۔ یارسول اللہ ﷺ! کرم فرمایئے، اے اللہ کی مدد نازل ہو۔ تھوڑی دیر بعد مسلمانوں کو دشمن پر فتح حاصل ہوئی۔

(فتوح الشام ج ١ ص ١٩٢)

خیال رہے کہ یہ جنگ اسوقت ہوئی جب حضور اکرم ﷺ کا وصال ہو چکا تھا۔ ان دلائل سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کے وصال کے بعد بھی صحابہ کرام مشکل وقت میں "ندائے یارسول اللہ ﷺ" کے ذریعے اپنے آقا و مولیٰ ﷺ سے توسل کرتے تھے۔

☆ امام ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے عیون الحکایات میں تین اولیاء کرام کا عظیم الشان واقعہ اپنی سند سے بیان کیا ہے جو ملک شام کے رہنے والے تھے اور سگے بھائی تھے۔ وہ ہمیشہ راہِ خدا میں جہاد کیا کرتے۔ ایک بار روم کے عیسائیوں نے انہیں قید کر لیا۔ عیسائی بادشاہ نے کہا، میں تمہیں سلطنت دوں گا اور اپنی بیٹیاں تمہیں بیاہ دوں گا مگر تم عیسائی ہو جاؤ۔ یہ نہ مانے اور ندا کی، یا محمداہ ﷺ! یارسول اللہ ﷺ کرم فرمایئے۔

marfat.com
Marfat.com

بادشاہ نے دیگوں میں تیل گرم کرا کے دو بھائیوں کو اس میں ڈال دیا اور وہ شہید ہو گئے۔ تیسرے کو اللہ تعالیٰ نے ایک سبب پیدا فرما کر بچا لیا۔ وہ دونوں بھائی چھ ماہ بعد فرشتوں کی ایک جماعت کے ساتھ بیداری میں تیسرے بھائی کے پاس آئے اور فرمایا، اللہ تعالیٰ نے ہمیں تمہاری شادی میں شرکت کے لیے بھیجا ہے۔ اس نے ان کا حال پوچھا تو فرمایا، "بس وہی تیل کا ایک غوطہ تھا جو تم نے دیکھا، اسکے بعد ہم جنت الفردوس میں تھے"۔ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہ واقعہ شرح الصدور میں بیان کیا اور فرمایا، یہ حضرات زمانہ سلف میں ملک شام میں معروف تھے اور یہ واقعہ بھی مشہور تھا۔ (ملخصاً)

اس واقعہ کے بعد اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اگر مصیبت میں یارسول اللہ ﷺ کہنا شرک ہے تو مشرک کی مغفرت و شہادت کیسی؟ اور جنت الفردوس میں جگہ ملنے کے کیا معنی ہیں؟ پھر انکی شادی میں فرشتوں کو بھیجنا کیونکر معقول ہو سکتا ہے نیز ائمہ دین نے اس روایت کو کیونکر قبول کیا اور انکی شہادت وولایت کو کس وجہ سے بیان کیا۔ یہ خلیفہ ہارون رشید کے زمانے کا واقعہ ہے لہذا یہ تینوں شہداء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ اگر تابعی نہ تھے تو تبع تابعی ضرور تھے"۔ (انوار الانتباہ)

امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ، آقا کریم ﷺ کی بارگاہ میں یوں استغاثہ کرتے ہیں،

أَنَا طَامِعٌ بِالْجُوْدِ مِنْكَ وَلَمْ يَكُنْ
لِأَبِيْ حَنِيْفَةَ فِي الْأَنَامِ سِوَاكَ

"یارسول اللہ ﷺ! میں آپ کی سخاوت کا امیدوار ہوں کیونکہ آپ کے سوا تمام مخلوق میں ابو حنیفہ کا کوئی حامی و مددگار نہیں ہے"۔ (مجموعۃ القصائد ص ۴۲)

marfat.com
Marfat.com

شیخ شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ یوں فریاد کرتے ہیں،

يَا اَكْرَمَ الْخَلْقِ مَالِىْ مَنْ اَلُوْذُ بِه

سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ

"اے بہترین مخلوق ﷺ! آپ کے سوا میرا کوئی نہیں کہ آفت ومصیبت کے وقت میں جس کی پناہ لوں، اس لیے کرم فرمایئے"۔ (قصیدہ بُردہ شریف)

ان دلائل سے واضح ہو گیا کہ یارسول اللہ ﷺ پکارنا صحابہ کرام اور تابعین سے لیکر آج تک ساری امت کا معمول رہا ہے۔ بعض لوگ حرف "یا" کے ساتھ نبی کریم ﷺ کو پکارنے کو شرک گردانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ "یا" کہہ کر اسے پکارا جائے جو حاضر ہو اور سنتا ہو۔ حضورِ اکرم ﷺ کے حاضر وناظر ہونے سے متعلق ہم آئندہ صفحات میں تفصیلی گفتگو کریں گے۔ فی الحال یہ سمجھ لیجیے کہ اگر حضور ﷺ کو حرف "یا" کے ساتھ مخاطب کرنا شرک ہو تو پھر سارے نمازی مشرک قرار پائیں گے (معاذاللہ) جو ہر نماز میں "اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِىُّ" پڑھتے ہیں جس میں نبی کریم ﷺ کو مخاطب کر کے سلام عرض کیا جاتا ہے۔ ماننا پڑے گا کہ جب السلام علیک ایھا النبی (اے نبی آپ پر سلام ہو) نماز میں پڑھنا واجب ہے تو نماز کے باہر ہرگز شرک نہیں ہو سکتا۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "یہ خطاب اسلیے ہے کہ حقیقتِ محمدیہ موجودات کے ذرے ذرے میں اور ممکنات کے ہر فرد میں سرایت کیے ہوئے ہے۔ پس نورِ کبریا ﷺ ہر نمازی کی ذات میں موجود وحاضر ہیں۔ نمازیوں کو چاہیے کہ اس حقیقت سے آگاہ رہیں"۔ (اشعۃ اللمعات کتاب الصلوٰۃ)

marfat.com
Marfat.com

یہی مفہوم مندرجہ ذیل ائمہ دین نے بھی بیان کیا ہے۔

امام بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ (م ۸۵۵ھ)...... عمدۃ القاری شرح بخاری ج ۶ ص ۱۱۱

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۸۵۲ھ)...... فتح الباری شرح بخاری ج ۲ ص ۲۵۰

امام محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ (م ۵۰۵ھ)...... احیاء العلوم ج ۱ ص ۱۰۷

امام عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۹۷۳ھ)...... کتاب المیزان ص ۱۴۵

امام احمد قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۹۱۱ھ)...... مواہب الدنیہ ج ۲ ص ۳۲۰

اب آخر میں معترضین کے دو اکابر کے ندائیہ اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

بانیٔ دارالعلوم دیوبند، مولوی قاسم نانوتوی آقا و مولیٰ ﷺ کو یوں مدد کے لیے پکارتے ہیں،

مدد کر اے کرمِ احمدی کہ تیرے سوا نہیں ہے قاسمِ بیکس کا کوئی حامیٔ کار

(قصائد قاسمی ص ۶)

دیوبند کے پیشوا مولوی اشرفعلی تھانوی بھی بارگاہِ نبوی میں یوں فریاد کرتے ہیں،

دستگیری کیجئے میرے نبی کشمکش میں تم ہی ہو میرے ولی

جز تمہارے ہے کہاں میری پناہ فوج کلفت مجھ پہ آ غالب ہوئی

ابن عبداللہ! زمانہ ہے خلاف اے مرے مولا! خبر لیجئے مری

(نشر الطیب ص ۱۸۶ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی)

marfat.com
Marfat.com

# باب پنجم : حیات النبی ﷺ

## حیاتِ انبیاءِ کرام :

تمام مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں اسی طرح حقیقی طور پر زندہ ہیں جیسے دنیا میں تھے۔ وہ کھاتے پیتے ہیں، جہاں چاہتے ہیں آتے جاتے ہیں اور تصرف فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق ان پر ایک آن کے لیے موت طاری ہوئی اور پھر وہ زندہ کر دیے گئے۔ اس بارے میں کسی کو اختلاف نہیں کہ انبیاء کرام علیہم السلام تمام لوگوں سے افضل ہیں۔ جب قرآن کریم نے شہداء کو زندہ قرار دیا ہے تو انبیاء کرام یقیناً زندہ ہیں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے،

"اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہرگز انھیں مردہ خیال نہ کرنا بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں اور روزی پاتے ہیں"۔ (آلِ عمران: ۱۶۹، کنزالایمان)

اس آیت کے حوالے سے علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ (م ۹۱۱ھ) فرماتے ہیں

"تمام انبیاء کرام علیہم السلام نبوت کے ساتھ وصفِ شہادت کے بھی جامع ہیں اسلیے وہ اس آیت کے عموم میں ضرور داخل ہونگے"۔ (انباء الاذکیاء ص ۱۴۸)

نبی کریم ﷺ کے لیے خصوصیت کے ساتھ وصفِ شہادت بھی ثابت ہے۔ اسکی ایک دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی گواہی ہے۔ آپ فرماتی ہیں کہ "حضور ﷺ مرضِ وصال میں فرماتے تھے کہ میں ہمیشہ اس زہر آلود کھانے کی تکلیف محسوس کرتا رہا جو مجھے خیبر میں کھلایا تھا۔ یہ وہ وقت ہے کہ اُس زہر کے اثر سے میری رگِ جاں منقطع ہونے کو ہے"۔ (انباء الاذکیاء حیات الانبیاء ص ۱۴۹ بحوالہ بخاری و بیہقی)

marfat.com
Marfat.com

اس حدیثِ پاک سے معلوم ہوا کہ خیبر میں حضور اکرم ﷺ کو جو زہر آلود کھانا دیا گیا تھا آپ کے وصال کے وقت اللہ تعالیٰ نے اس کا اثر ظاہر فرمادیا تاکہ آپ کو ظاہری شہادت کا مرتبہ بھی حاصل ہو جائے۔ (اشعۃ اللمعات، شفاء السقام ص ۲۴۷)

پس اس سے آقا و مولیٰ ﷺ کا شہید ہونا ثابت ہوا، اور شہید کی معنوی و روحانی حیات قرآن و حدیث سے ثابت ہے جبکہ انبیاء کرام اور سید الانبیاء ﷺ کی زندگی تو شہداء کی زندگی سے بہت ارفع و اعلیٰ ہے۔

یہ نکتہ بھی قابل غور ہے کہ قرآن کریم نے شہداء کے زندہ ہونے کی وجہ یہ بیان فرمائی کہ انکی موت فی سبیل اللہ ہے تو جن کی موت بھی فی سبیل اللہ ہو اور جن کی ساری حیات بھی فی سبیل اللہ ہو وہ کیونکر زندہ نہ ہونگے۔ یقیناً انبیاء کرام کو شہداء سے اعلیٰ و ارفع زندگی حاصل ہوتی ہے۔

شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (م: ۱۰۵۲ھ) فرماتے ہیں،

"انبیاء کرام کے وصال کے بعد ان کی حیات پر سب کا اتفاق ہے۔ اس میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں کہ انبیاء کرام کی زندگی، حیاتِ جسمانی حقیقی کے ساتھ ہے۔ انکی حیات معنوی و روحانی نہیں جیسی کہ شہداء کی زندگی ہے"۔

(اشعۃ اللمعات جلد اول کتاب الصلوٰۃ)

آقا و مولیٰ ﷺ کے وصال ظاہری کے بعد آپ ﷺ کی حیات کو ایک اور عنوان سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے اور وہ ہے "حضور ﷺ کا حاضر و ناظر ہونا" یہ عنوان دراصل حیات النبی ﷺ اور علمِ غیب سے متعلق عقیدے ہی کی تشریح ہے۔

آقائے دو جہاں ﷺ کے حاضر و ناظر ہونے کا مفہوم یہ ہے کہ جس طرح روح

marfat.com
Marfat.com

اپنے بدن کے ہر جز میں موجود ہوتی ہے اسی طرح روح مصطفےٰ ﷺ کی حقیقت کائنات کے ہر ذرے میں جاری و ساری ہے جس کی بنا پر جان کائنات ﷺ تمام کائنات کو اپنی مبارک ہتھیلی کی طرح ملاحظہ فرماتے ہیں، دور و نزدیک کی آوازیں یکساں سنتے ہیں اور اپنے جسم اقدس اور روحانیت و نورانیت کے ساتھ بیک وقت متعدد مقامات پر تشریف فرما ہو سکتے ہیں۔

## عقیدہ حاضر و ناظر، قرآن کی روشنی میں :

☆ ارشاد باری تعالیٰ ہوا، "یہ نبی مسلمانوں کی جانوں سے زیادہ انکے قریب ہے"۔(الاحزاب :٦)

یہاں أَوْلٰی سے مراد أَقْرَبْ (زیادہ قریب) ہو یا أَمْلَكْ (زیادہ مالک) ہو یا أَوْلٰی بِالتَّصَرُّف (مومنوں کی جانوں میں تصرف کرنے کے زیادہ مستحق)، ان سب صورتوں میں نبی کریم ﷺ کی حیات ثابت ہوتی ہے۔

☆ ارشاد باری تعالیٰ ہے، "اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے"۔(الانبیاء :١٠٧)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ آقا و مولیٰ ﷺ ہر وقت اور ہر لحہ ساری کائنات کے لیے رحمت ہیں اور رحمت ہونے کے لیے ضروری ہے کہ آپ سارے جہان والوں کے لیے حاضر و ناظر ہوں، لوگوں کے احوال سے باخبر ہوں، انکی پکار سنتے ہوں اور انکی مشکل کشائی و حاجت روائی پر بھی قدرت و اختیار رکھتے ہوں۔

☆ رب تعالیٰ کا یہ بھی ارشاد گرامی ہے، "اے غیب بتانے والے! بے شک ہم نے آپ کو بھیجا حاضر و ناظر"۔(الاحزاب :٤٥، الفتح :٨)

marfat.com
Marfat.com

اس آیت کی تفسیر میں جلیل القدر مفسرین کرام فرماتے ہیں،

"جن کی طرف آپ کو رسول بنا کر بھیجا آپ کو انکے احوال کا مشاہدہ کرنے والا بنایا"۔ (تفسیر جلالین)

"جن کی طرف آپ کو مبعوث کیا گیا آپ ان پر شاہد ہیں کیونکہ احوال ملاحظہ فرماتے ہیں اور انکے اعمال کا مشاہدہ کرتے ہیں"۔ (تفسیر روح المعانی)

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "مفسرین نے بیان کیا ہے کہ شاھدا کا معنی یہ ہے کہ حضور ﷺ اپنی امت کے افعال کا مشاہدہ فرماتے ہیں"۔ (تفسیر کبیر)

☆ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا، "اور یہ رسول تمہارے نگہبان و گواہ"۔ (البقرہ: ۱۴۳، کنزالایمان)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں،

"نبی کریم ﷺ کو شھید (حاضر وناظر) اسلیے کہا گیا ہے کیونکہ آپ اپنے نور نبوت سے ہر دیندار کے درجے کو جانتے ہیں اور یہ بھی جانتے ہیں کہ اس کے ایمان کی حقیقت کیا ہے اور کون سا حجاب اسکی ترقی میں رکاوٹ ہے۔ پس حضور ﷺ تمہارے گناہوں کو، تمہارے ایمان کے درجات کو، تمہارے نیک وبد اعمال کو اور تمہارے اخلاص ونفاق کو اچھی طرح جانتے ہیں"۔ (تفسیر عزیزی)

## حیات النبی ﷺ، احادیث کی روشنی میں:

1۔ حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا، "جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ عرض کی گئی، یارسول اللہ ﷺ! ہمارا درود آپکے وصال کے بعد آپ پر کیسے پیش ہو

marfat.com
Marfat.com

گا؟ فرمایا، "بے شک اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام فرمادیا ہے کہ وہ انبیاء کرام کے جسموں کو کھائے"۔ (ابو داؤد، ابنِ ماجہ، نسائی)

2۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار دوعالم ﷺ کا ارشاد ہے، "جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ اس دن فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور جو بھی درود پڑھے اسکا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے"۔ صحابہ کرام نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ! کیا آپکے وصال کے بعد بھی؟

ارشاد فرمایا، "ہاں وصال کے بعد بھی۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام فرمادیا ہے کہ وہ انبیاء کے جسموں کو کھائے۔ پس اللہ تعالیٰ کا ہر نبی زندہ ہے اور اسے رزق دیا جاتا ہے"۔ (ابنِ ماجہ، مشکوٰۃ باب الجمعہ)

3۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آقا و مولیٰ ﷺ نے فرمایا، انبیاء کرام زندہ ہیں اور اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں"۔

(مسند ابو یعلیٰ، بیہقی، ابن عدی فی الکامل)

4۔ حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جنگ حرّہ کے دنوں میں مسجد نبوی میں میرے سوا اور کوئی نہ تھا۔ مسجد نبوی میں اذان ہوتی تھی نہ اقامت۔ جب نماز کا وقت ہوتا تو میں روضہ نبوی ﷺ سے اذان کی آواز سنتا تھا۔

(مسند دارمی، ابو نعیم، طبقات ابن سعد)

5۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ کا ارشاد ہے، "جب کوئی مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ میری روح کو مجھ پر لوٹا دیتا ہے (یعنی میری روح کی توجہ سلام بھیجنے والے کی طرف ہوجاتی ہے) اور میں اسے اس کے سلام کا

marfat.com
Marfat.com

جواب دیتا ہوں"۔ (مسند احمد، ابو داؤد، بیہقی فی شعب الایمان)

6۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آقا کریم ﷺ نے فرمایا، "مجھ پر درود بھیجا کرو، تمہارا درود مجھ تک پہنچتا ہے خواہ تم کہیں بھی ہو"۔ (نسائی، مشکوٰۃ)

7۔ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے رویت ہے کہ آقا و مولیٰ ﷺ نے فرمایا، "اللہ تعالیٰ نے میرے لیے دنیا کو ظاہر فرما دیا پس میں دنیا کو اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے، سب کچھ اس طرح دیکھ رہا ہوں جیسے اپنے ہاتھ کی ہتھیلی کو دیکھ رہا ہوں"۔ (طبرانی، ابو نعیم، زرقانی)

8۔ رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی گئی، یارسول اللہ ﷺ! جو لوگ یہاں نہیں ہیں اور آپ پر درود پڑھتے ہیں اور جو لوگ آپکے وصال کے بعد آئیں گے، انکے درود پڑھنے کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں؟ ارشاد ہوا، "محبت والوں کا درود میں خود سنتا ہوں اور انہیں پہچانتا بھی ہوں اور دوسرے لوگوں کا درود میرے دربار میں پیش کیا جاتا ہے"۔ (دلائل الخیرات ص ۶۳ مطبوعہ تاج کمپنی)

9۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آقائے دو جہاں ﷺ نے فرمایا، جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ درود پڑھا کرو کیونکہ وہ یوم مشہود ہے اس دن فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ کوئی بندہ جہاں بھی درود پڑھتا ہے اسکی آواز مجھ تک پہنچ جاتی ہے۔ ہم نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ! کیا آپکے وصال کے بعد بھی؟

ارشاد فرمایا، "ہاں میرے وصال کے بعد بھی کیونکہ بے شک اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء کرام کے جسموں کو کھائے"۔

اس حدیث کو حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ نے ترغیب میں ذکر کیا اور فرمایا کہ ابن ماجہ نے

marfat.com

Marfat.com

اسے سند جید کے ساتھ روایت کیا۔ (طبرانی، جلاء الافہام ص ۶۳)

10۔ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکارِ دو عالم ﷺ نے فرمایا،
"اللہ تعالیٰ نے میری قبر پر ایک فرشتہ مقرر کیا ہے جس کو ساری مخلوق کی باتیں سننے کی قدرت عطا فرمائی ہے۔ پس جو شخص بھی مجھ پر قیامت تک درود بھیجے گا وہ فرشتہ مجھ کو اسکا نام اور اسکے باپ کا نام لے کر درود پہنچاتا رہے گا کہ فلاں بن فلاں نے آپ درود بھیجا ہے"۔

(طبرانی فی الکبیر، ابن حبان، القول البدیع، فضائل درود ص ۱۹)

غور فرمایئے کہ جب ایک فرشتے میں اتنی طاقت ہے کہ وہ ساری مخلوق کی آوازیں سنتا ہے اور انکے نام مع ولدیت جانتا ہے تو حبیب کبریا، احمدِ مختار ﷺ کا کتنا اعلیٰ مقام ہوگا! اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب فرمایا،

دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان     کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام

ان احادیثِ مبارکہ سے ثابت ہوا کہ :۔

۱۔ آقا و مولیٰ ﷺ اپنے روضہ اطہر میں حیاتِ جسمانی حقیقی کے ساتھ زندہ ہیں۔
۲۔ سید الانبیاء ﷺ اور دیگر انبیاء زندہ ہیں، رزق پاتے ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں۔
۳۔ بارگاہِ نبوی ﷺ کا ایک خادم فرشتہ ساری مخلوق کا درود سنتا ہے اور سب درود بھیجنے والوں کو جانتا ہے۔
۴۔ جو بھی آپ پر درود و سلام پڑھے آپ خود بھی سنتے ہیں اور جواب دیتے ہیں۔
۵۔ آقائے دو جہاں ﷺ ساری کائنات کو اپنی مبارک ہتھیلی کی طرح ملاحظہ فرما رہے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

## حیات النبی ﷺ اور صحابہ کرام :

☆ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا عقیدہ تھا کہ آقا و مولیٰ ﷺ وصال ظاہری کے بعد روضہ اطہر میں زندہ ہیں۔ اسلیے انہوں نے وصال سے قبل یہ وصیت فرمائی کہ میرا جنازہ حضور ﷺ کے حجرہ مبارک کے سامنے رکھ دینا اور اجازت طلب کرنا۔ اگر دروازہ کھل جائے اور اجازت مل جائے تو مجھے حجرہ مبارک کے اندر دفن کرنا ورنہ عام قبرستان میں دفن کر دینا۔ صحابہ کرام نے ایسا ہی کیا۔ جب آپکا جنازہ روضہ اقدس کے سامنے رکھا گیا تو دروازہ کھل گیا اور روضہ اقدس سے آواز آئی، "دوست کو دوست کے پاس لے آؤ"۔

(تفسیر کبیر ج ۵ ص ۶۸۵، خصائص کبریٰ ج ۲ ص ۲۸۲)

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ رحمتِ عالم ﷺ کے قرب کی برکتوں سے فیضیاب ہونے کے لیے انکے قریب دفن ہونا چاہتے تھے۔ بعد وصال حضور ﷺ سے توسل کے متعلق پہلے بھی دورِ صحابہ سے چند واقعات پیش کیے گئے۔ ایک ایمان افروز واقعہ مزید ملاحظہ فرمایئے۔

☆ ایک مرتبہ خلیفہ مروان روضۂ نبوی ﷺ پر حاضر ہوا تو ایک صاحب کو قبر اطہر پر منہ رکھے ہوئے دیکھا۔ خلیفہ نے اسکی گردن پر ہاتھ رکھ کر کہا، یہ کیا کر رہے ہو؟ وہ صاحب جب مڑے تو خلیفہ نے پہچانا کہ وہ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ ہیں۔ جلیل القدر صحابی نے فرمایا، میں آقا کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں، کسی پتھر کے پاس نہیں آیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بھی حیات النبی ﷺ پر ایمان رکھتے تھے۔

marfat.com
Marfat.com

(مستدرک للحاکم ج ۴ ص ۵۱۵، مسند احمد ج ۵ ص ۴۲۲)

☆ علامہ سمہودی رحمۃ اللہ علیہ (م ۹۱۱ھ) لکھتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر کے دروازے بڑھئی سے ایک جگہ "مناصع" میں تیار کرائے جو مدینہ منورہ سے دور ایک مقام ہے تاکہ دروازوں کی تیاری میں لکڑی کے کاٹنے چیرنے کی آوازوں سے رسول کریم ﷺ کو روضہ اقدس میں ایذا نہ ہو۔

(وفاء الوفاج ا ص ۴۷۹)

☆ دیگر صحابہ کرام کی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بھی یہی عقیدہ تھا کہ آقائے دو جہاں ﷺ کو اپنے روضۂ اطہر میں حقیقی حیات حاصل ہے۔ چنانچہ امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۹۱۱ھ) فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص حجرہ مبارک کے قرب و جوار میں اپنی دیوار میں کیل وغیرہ ٹھونکتا تو آپ اسے منع کرتیں اور فرماتیں، "رسول کریم ﷺ کو انکے مزار اقدس میں ایذا نہ دو"۔

(مواہب اللدنیہ ج ۵ ص ۲۴۳)

## حیات النبی ﷺ اور اولیاء کرام :

☆ حضرت غوث اعظم سیدنا عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں نے ظہر سے پہلے آقا و مولیٰ ﷺ کی زیارت کی آپ نے فرمایا، اے میرے بیٹے! تم خطاب کیوں نہیں کرتے؟ عرض کی، میں عجمی ہوں، فصحاء کے سامنے کیسے تقریر کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا، منہ کھولو۔ پھر سات مرتبہ اپنا لعاب دہن میرے منہ میں ڈالا اور فرمایا، لوگوں کو حکمت و نصیحت کے ساتھ دین کی دعوت دو۔ میں ظہر کے بعد تقریر کے لیے بیٹھ گیا پھر کچھ جھجک ہوئی تو سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی

marfat.com
Marfat.com

زیارت ہوئی انہوں نے چھ بار اپنا لعاب دہن میرے منہ میں ڈالا۔ میں نے عرض کی، سات بار کیوں نہیں! فرمایا، آقا کریم ﷺ کے ادب کی وجہ سے۔ پھر وہ غائب ہو گئے۔ (بہجۃ الاسرار ص ۶۲)

☆ سلطان الہند خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے پیر و مرشد خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ جب بارگاہِ نبوی میں حاضری دی اور سلام عرض کیا تو روضہ اقدس سے آواز آئی، وعلیکم السلام یا قطب المشائخ للبر و البحر۔ (انیس الارواح ص ۶)

اسی کتاب میں ص ۲۸ پر امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ اور خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ کے سلام کرنے پر بھی نبی کریم ﷺ کا جواب دینا مذکور ہے۔

☆ سید احمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ ۵۵۵ھ میں حج کے بعد زیارت کے لیے حاضر ہوئے تو روضہ اقدس کے سامنے دو شعر پڑھے جسکا ترجمہ یہ ہے "میں دوری کی حالت میں اپنی روح کو خدمت اقدس میں بھیجا کرتا تھا اور وہ میری نائب بن کر آستانہ مبارکہ چوما کرتی تھی۔ اب جسم کی حاضری کا وقت آیا ہے میرے آقا! آپ اپنا دستِ مبارک عطا فرمائیں تاکہ میرے ہونٹ اسے بوسہ دیں"۔

اس عرض پر نبی کریم ﷺ نے اپنا دستِ اقدس باہر نکالا جسے سید احمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ نے بوسہ دیا۔ یہ واقعہ دیوبندی عالم مولوی زکریا کاندھلوی نے بھی اپنی کتاب فضائلِ حج میں صفحہ ۱۸۴ پر الحاوی للفتاوی سے نقل کیا اور لکھا کہ اس وقت مسجد نبوی میں نوے ہزار کا مجمع تھا جنہوں نے اس واقعہ کو دیکھا۔ ان میں محبوبِ سبحانی قطبِ ربانی شیخ عبدالقادر جیلانی نور اللہ مرقدہ کا نام نامی بھی ذکر کیا جاتا ہے۔

marfat.com

Marfat.com

☆ حضرت ابوالخیر اقطع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ میں پانچ دن فاقہ سے رہا پھر روضہ اقدس پر حاضر ہو کر سلام کیا اور عرض کی، یارسول اللہ ﷺ آج میں آپ کا مہمان ہوں۔ یہ عرض کر کے منبر شریف کے پاس سو گیا۔ خواب میں آقا کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی زیارت ہوئی۔ ان کے آگے آگے حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے جنہوں نے مجھے اٹھایا۔ میں نے اٹھ کر سرکار دو عالم ﷺ کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ پھر حضور ﷺ نے مجھے ایک روٹی عنایت فرمائی۔ خواب میں نصف روٹی کھائی۔ جب بیدار ہوا تو دیکھا کہ باقی نصف روٹی ہاتھ میں موجود ہے۔ (جذب القلوب ص ۲۴۰ وفاء الوفا)

☆ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، شیخ سید نور الدین ایجی رحمۃ اللہ علیہ جب روضہ اقدس پر حاضر ہوئے تو عرض کی، السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ و برکاتہ۔ روضہ اقدس سے نبی کریم ﷺ نے جواب میں فرمایا، وعلیک السلام یا ولدی۔ "اے میرے بیٹے! تم پر بھی سلام ہو"۔ اس جواب کو تمام حاضرین نے سنا۔ اسی طرح جب شیخ ابوبکر الدیار بکری رحمۃ اللہ علیہ زیارت کے لیے حاضر ہوئے تو مواجہ اقدس میں کھڑے ہو کر عرض کی، السلام علیک یا رسول اللہ۔ روضہ اطہر سے آواز آئی، وعلیکم السلام یا ابوبکر، "اے ابوبکر تم پر بھی سلام ہو"۔ اس آواز کو تمام حاضرین نے سنا۔ (الحاوی للفتاویٰ ج ۲ ص ۲۶۱)

سرکار دو عالم ﷺ نے اپنے عاشقِ صادق، ولی کامل امام اہلسنت مولانا شاہ احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ پر بھی بڑا کرم فرمایا کہ انہیں حالتِ بیداری میں اپنے دیدارِ پُر انوار کی نعمت عطا فرمائی۔

marfat.com
Marfat.com

"جب آپ مرکزِ حسن و جمال کی بارگاہ میں دلِ بیتاب اور روح بے قرار لے کر حاضر ہوئے اس وقت دل میں یہ تمنا ابھری کہ کاش مجھے اس جمالِ جہاں آرا کی زیارت بیداری کی حالت میں ہو جائے (خواب میں تو کئی مرتبہ زیارت کر چکے تھے) مواجہ شریف میں کھڑے ہو کر دیر تک درود شریف پڑھتے رہے لیکن پہلی شب مراد بَر نہ آئی۔ کبیدہ خاطر ہو کر ایک نعت لکھی جسکا مطلع یہ تھا،

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں    تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

آخری شعر میں انتہائی انکساری اور بے کسی کا مظاہرہ فرماتے ہیں،

کوئی کیوں پوچھے تیری بات رضاؔ    تجھ سے کتے ہزار پھرتے ہیں

یہ نعت مواجہ شریف میں پڑھ کر باادب انتظار میں کھڑے ہو گئے کہ قسمت جاگ اٹھی اور آپ حضور اقدس ﷺ کی زیارت سے بیداری میں مشرف ہو گئے۔

(یاد اعلیٰ حضرت ص ۵۴)

## حیاتِ انبیاء اور محدثینِ کرام:

اس سے قبل متعدد احادیثِ مبارکہ "حیات النبی ﷺ" کے حوالے سے پیش کی جا چکیں۔ ان تمام احادیث کے روایت کرنے والے صحابہ کرام، تابعین، تبع تابعین اور محدثین کرام کا یہی عقیدہ تھا کہ نبی کریم ﷺ اپنے روضہ اطہر میں حقیقی طور پر زندہ ہیں ورنہ وہ یہ احادیث بیان کیوں کرتے؟ امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی رحمۃ اللہ علیہ (م: ۴۵۸ھ) نے تو باقاعدہ ایک کتاب "حیاتِ انبیاء علیہم السلام" کے متعلق تصنیف فرمائی اور فرمایا، "انبیاء کرام کے وصال فرمانے کے بعد انکی زندگی کے بارے میں متعدد آثار و شواہد اور احادیثِ صحیحہ وارد ہیں"۔

marfat.com
Marfat.com

امام تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ (م: ۷۵۶ھ) نے اپنی کتاب "شفاء السقام" کا نواں باب "حیاتِ انبیاء علیہم السلام" کے عنوان سے تحریر کیا اور دلائل دے کر فرمایا،

"قرآن کریم سے اگر شہداء کی حیات ثابت ہے تو کئی وجوہ سے رسول کریم ﷺ کی حیات بھی ثابت ہے۔ ایک تو یہ کہ رسول کریم ﷺ کا رتبہ ہر شہید اور ہر شخص سے بڑھ کر ہے اور تمام انبیاء کرام کا مرتبہ تمام شہیدوں سے بڑھ کر ہے۔ جب شہیدوں کو اللہ تعالیٰ یہ رتبہ دیتا ہے تو یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ رسول اکرم ﷺ اور دیگر انبیاء کرام کو اس رتبہ سے محروم کرے۔ لہٰذا انبیاء کرام اپنی قبروں میں زندہ ہیں"۔ (شفاءُ السقام ص ۴۳۵)

شارح بخاری امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ (م: ۹۱۱ھ) فرماتے ہیں،

"ہمارے علماء نے فرمایا ہے کہ آقا و مولیٰ ﷺ کی حیات اور وفات میں کوئی فرق نہیں۔ آپ اپنی امت کو دیکھ رہے ہیں، ان کی حالتوں، نیتوں، ارادوں اور دل کی باتوں کو بھی جانتے ہیں اور یہ سب امور آپ پر روشن اور عیاں ہیں اور ان میں کوئی شے مخفی نہیں"۔ (مواہب الدنیہ ج ۲ ص ۳۸۷)

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کثیر احادیث لکھ کر فرماتے ہیں،

"ان احادیث و روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے جسم اقدس اور روح مبارک کے ساتھ وصال ظاہری کے بعد زندہ ہیں۔ آپ تصرف فرماتے ہیں اور زمین و آسمان میں جہاں چاہتے ہیں تشریف لے جاتے ہیں۔ آپ وصال کے بعد ہماری آنکھوں سے اس طرح پوشیدہ ہیں جیسے فرشتے اپنے اجسام کے ساتھ زندہ ہونے کے باوجود ہماری آنکھوں سے پوشیدہ ہیں"۔ (الحاوی للفتاویٰ ج ۲ ص ۲۶۵)

marfat.com
Marfat.com

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (م : ۱۰۵۲ھ) فرماتے ہیں،

"علمائے امت کے کثیر اختلاف کے باوجود اس مسئلہ میں کسی کا اختلاف نہیں کہ حضورِ اکرم ﷺ وصال کے بعد بھی حقیقی جسمانی حیات کے ساتھ زندہ ہیں۔ آپ کی زندگی میں مجاز و تاویل کا وہم نہیں ہے۔ آپ اپنی امت کے احوال پر حاضر و ناظر ہیں۔ جو طالبان حقیقت آپکی طرف متوجہ ہوتے ہیں آپ ان سب کو فیض پہنچاتے ہیں اور انکی تربیت کرتے ہیں"۔ (سلوک اقرب السبل ص ۱۶۱)

الحمد للہ ! حضور ﷺ کی حیات اور آپکے حاضر و ناظر ہونے سے متعلق ہر دور میں اہلسنت و جماعت کے یہی عقائد رہے ہیں۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے حیات النبی ﷺ سے متعلق دلائل کا خلاصہ یوں بیان فرمایا ہے :

انبیاء کو بھی اجل آنی ہے — مگر ایسی کہ فقط آنی ہے
پھر اُسی آن کے بعد اُن کی حیات — مثلِ سابق وہی جسمانی ہے
اُس کی ازواج سے جائز ہے نکاح — اُس کا ترکہ بٹے جو فانی ہے
روح تو سب کی ہے زندہ اُن کا — جسمِ پُرنور بھی روحانی ہے

(حدائق بخشش حصہ دوم)

☆☆☆☆☆

marfat.com

Marfat.com

# باب ششم: حیاتِ شہداء و مومنین

## حیاتِ برزخی:

ارشادِ باری تعالیٰ ہے، "ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے"۔ (الانبیاء: ۳۵)
موت کے متعلق امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "علماء کا ارشاد ہے کہ موت مکمل طور پر فنا اور نیست و نابود ہو جانے کا نام نہیں بلکہ موت کا مطلب یہ ہے کہ بدن اور روح کا باہمی تعلق منقطع ہو جاتا ہے اور ان دونوں کے درمیان ایک پردہ حائل ہو جاتا ہے۔ گویا موت ایک گھر یعنی دنیا کو چھوڑ کر دوسرے گھر یعنی آخرت کی طرف منتقل ہونے کا نام ہے"۔ (شرح الصدور ص ۱۷)
اسی طرح حیات کی تعریف قاضی ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے یوں فرمائی ہے، "حیات، اللہ تعالیٰ کی صفات سے ہے اور ایسی صفت ہے جس کے ساتھ علم، قدرت، ارادہ وغیرہ تمام صفاتِ کمالیہ وابستہ ہیں"۔ (تفسیر مظہری پ ۲۹، ص ۱۸)
تفسیر جلالین میں ہے، "حیات وہ شے ہے جس سے احساس و ادراک حاصل ہوتا ہے"۔ معلوم ہوا کہ حیات کے لیے روح کا ہونا ضروری نہیں۔ بخاری شریف میں ستون حنانہ کا واقعہ بیان ہوا ہے۔ نبی کریم ﷺ کی جدائی میں کھجور کا تنا دردناک آواز سے رویا یہاں تک کہ آقا کریم ﷺ نے اسے اپنے ساتھ لگا کر تسلی دی۔ اسی طرح آقا و مولیٰ ﷺ کی خدمت میں شجر و حجر کا سلام عرض کرنا، درختوں کا زمین پر چلنا، کنکریوں کا کلمہ پڑھنا، اُحد پہاڑ کا حرکت کرنا اور پھر آپکے حکم پر ساکن ہو جانا وغیرہ کتب حدیث میں بیان ہوا ہے جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ بغیر روح کے بھی جسم میں حیات ممکن ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اس بنا پر علماء و محققین نے موت و حیات کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں۔

۱۔ موت و حیاتِ عادی : جسم کے اندر روح کا موجود ہونا حیات عادی ہے اور روح کا نکل جانا موتِ عادی ہے۔

۲۔ موت و حیاتِ حقیقی : جسم میں علم و ادراک اور قدرت و احساس کا پایا جانا حیاتِ حقیقی ہے اور اِن صفات کا نہ پایا جانا موتِ حقیقی ہے۔

اب مذکورہ آیت کریمہ کا مفہوم یہی واضح ہوا کہ ہر جان کو موتِ عادی آئے گی یعنی اسکی روح کا تعلق اسکے جسم سے ضرور منقطع ہوگا البتہ حیاتِ حقیقی باقی رہے گی کیونکہ اسی حیاتِ حقیقی کی وجہ سے میت کو قبر میں نعمت یا عذاب کا احساس ہوگا۔ یہی برزخی حیات ہے۔ کثیر احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے کہ مردہ خواہ مومن ہو یا کافر، سنتا ہے، احساس رکھتا ہے اور پہچانتا بھی ہے۔ چند احادیث پیشِ خدمت ہیں :

٭ غزوہ بدر میں جب کفار کو شکست ہوئی تو انکی لاشوں کو بدر کے کنوئیں میں پھینک دیا گیا۔ آقا و مولیٰ ﷺ کنوئیں کے پاس تشریف لائے اور کافروں کا نام لے کر فرمایا، کیا تم نے اپنے رب کا وعدہ سچا پا لیا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ ایسے جسموں سے کلام فرما رہے ہیں جن میں روح نہیں ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا، "تم ان سے زیادہ سننے والے نہیں ہو مگر یہ کہ یہ مجھے جواب نہیں دے سکتے"۔ (بخاری و مسلم)

ثابت ہوا کہ کافر مردے بھی سنتے ہیں۔ پس جب کافر مردے بھی سماع اور ادراک و شعور رکھتے ہیں تو پھر مسلمان خصوصاً اولیاء عظام اور انبیاء کرام علیہم السلام بعد وصال کیونکر سماع اور ادراک و شعور سے محروم ہو سکتے ہیں؟

marfat.com

Marfat.com

☆ غیب بتانے والے آقا کریم ﷺ نے فرمایا، "جب میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے اور اسکے دوست احباب اسے دفن کر کے واپس لوٹتے ہیں تو وہ انکے جوتوں کی آواز سنتا ہے"۔ (بخاری و مسلم)

☆ حضور اکرم ﷺ نے ایک شخص کو قبر سے ٹیک لگا کر بیٹھے دیکھا تو فرمایا، "اے شخص! اس قبر والے کو تکلیف نہ دے"۔ (مسند احمد، مشکوٰۃ)

☆ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں، "جب میں اپنے حجرہ مبارکہ میں آتی جہاں حضور ﷺ آرام فرما ہیں تو اپنی چادر اتار کر رکھ دیتی اور کہتی کہ یہاں میرے شوہر اور میرے والد آرام فرما ہیں، ان سے پردہ کی حاجت نہیں۔ لیکن جب سے وہاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ دفن کیے گئے تو خدا کی قسم! میں ان سے حیا کے باعث اپنی چادر اچھی طرح لپیٹ کر حجرہ میں آتی ہوں"۔ (مستدرک للحاکم، مسند احمد)

اگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ عقیدہ نہ ہوتا کہ وہ مقدس نفوس اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور زیارت کرنے والے کو دیکھتے بھی ہیں تو وہ ایسا اہتمام نہ کرتیں۔

دیوبندی عالم مولوی انور شاہ کشمیری لکھتے ہیں،

"میں کہتا ہوں کہ سماعِ موتی یعنی مردوں کے سننے کے ثبوت کے لیے اتنی زیادہ احادیث ہیں جو درجہ تواتر کو پہنچ چکی ہیں اور حدیث صحیح میں ہے کہ "جب کوئی شخص مردے کو سلام کرتا ہے تو وہ اسکا جواب دیتا ہے اور اگر وہ اسے دنیا میں پہچانتا تھا تو اب بھی وہ اسے پہچان لیتا ہے"۔ (فیض الباری ج ۲ ص ۷ ۶ ۴)

## سماعِ موتی پر اعتراض کا جواب :

بعض لوگ سماعِ موتی کے انکار پر مندرجہ ذیل آیات بطور دلیل پیش کرتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

۱۔ ”پس آپ مردوں کو نہیں سناتے اور نہ بہروں کو اپنی پکار سناتے ہیں جب وہ پیٹھ پھیر کر جارہے ہوں اور نہ آپ اندھوں کو انکی گمراہی سے ہدایت پر لا سکتے ہیں۔ آپ تو اسی کو سناتے ہیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے ، پس وہ مسلمان ہیں“۔ (الروم : ۵۲، ۵۳)

۲۔ ”اور برابر نہیں زندہ اور مردے، بے شک اللہ سناتا ہے جسے چاہے، اور آپ نہیں سنانے والے انہیں جو قبروں میں پڑے ہیں۔ آپ تو صرف ڈر سنانے والے ہیں“۔ (فاطر : ۲۲، ۲۳)

مذکورہ آیات پر ذرا سا غور و فکر کرنے سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ ان سے سماعِ موتی کی نفی نہیں ہوتی بلکہ کافروں کے حق بات سننے کی نفی ہوتی ہے۔ اول الذکر آیات میں مردوں کے مقابل زندوں کا ذکر کیا جانا چاہیے تھا یعنی یہ کہ آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے البتہ زندوں کو سنا سکتے ہیں جبکہ رب تعالیٰ نے مردوں کے مقابل مومنوں کا ذکر فرمایا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہوا، ”آپ تو اسی کو سناتے ہیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے“۔ ثابت ہوا کہ آپ ان کو نہیں سناتے جو آیاتِ الٰہی پر ایمان نہیں لاتے یعنی کافر ہیں۔

اسی طرح پہلی آیت پر غور فرمایئے، ارشاد ہوا، ”آپ نہ بہروں کو اپنی پکار سنا سکتے ہیں جو پیٹھ پھیر کر جارہے ہوں“۔ کیا بہرے اگر پیٹھ نہ پھیریں تو کوئی انہیں اپنی پکار سنا سکتا ہے؟ یقیناً نہیں۔ پس ثابت ہوا کہ یہاں حقیقی بہرے نہیں بلکہ حق نہ سننے والے کافر مراد ہیں۔ یونہی یہاں اندھوں سے مراد حق نہ دیکھنے والے کافر ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

اب مؤخر الذکر آیات پر غور کیجیے۔ ارشاد ہوا، "آپ نہیں سنانے والے انہیں جو قبروں میں پڑے ہیں۔ آپ تو صرف ڈر سنانے والے ہیں"۔ سوال یہ ہے کہ آپ کن لوگوں کو ڈر سنانے والے ہیں؟ قرآن کریم سے پوچھیے وہ بہترین راہنما ہے۔ ارشاد ہوا، "میں تو یہی ڈر اور خوشی سنانے والا ہوں، انہیں جو ایمان والے ہیں"۔ (الاعراف : ۱۸۸)

معلوم ہوا کہ حضور ﷺ مومنوں کے لیے بشیر و نذیر ہیں اور جو کفر پر اڑے ہوئے ہیں انکے لیے بشیر و نذیر نہیں۔ اگر قبر والوں سے حقیقی مردے مراد لیے جائیں تو لازم آئے گا کہ ایمان والے "من فی القبور" نہ بن سکیں یا معاذ اللہ قبروں میں جانے کے بعد وہ مومن نہ رہیں جو کہ محال ہے۔ پس ماننا پڑے گا کہ قبر والوں سے زندہ کافر مراد ہیں، حقیقی اہلِ قبور نہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ مذکورہ آیات میں مردوں سے مراد کفار ہیں۔ جن کے دل مردہ ہو چکے ہیں، جن کی آنکھیں حق دیکھنے سے اندھی ہو چکی ہیں اور انہوں نے نصیحت ماننے سے اپنے آپ کو بہرہ بنا رکھا ہے۔ تفسیر قرطبی، تفسیر ابن کثیر، تفسیر مدارک، تفسیر جلالین، تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی اور تفسیر روح البیان میں ان آیات کا یہی مفہوم بیان ہوا ہے۔

## مومن ارواح کی شان :

دین اسلام میں اہل قبور کی زیارت اور انہیں سلام کرنا تواتر کے ساتھ ثابت ہے۔ سلام کے الفاظ "اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ" (اے قبر والو! تم پر سلام ہو) اس بات کی واضح دلیل ہیں کہ مخاطبین یعنی قبر والے اس سلام کو سنتے اور سمجھتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں اور جواب دیتے ہیں۔ اگر مردے نہ سنتے تو انہیں صیغہ ندا کے ساتھ سلام کرنا بے دین لوگوں کے لیے اعتراضات کا موجب بن جاتا۔

نبی کریم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے، "تمہارے اعمال تمہارے مرحوم قریبی رشتہ داروں پر پیش کیے جاتے ہیں۔ اگر اعمال اچھے ہوں تو وہ خوش ہوتے ہیں اور برے ہوں تو وہ دعا کرتے ہیں، الٰہی! انہیں نیکی کی ہدایت دے"۔ (تفسیر ابن کثیر)

☆ عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "مرنے والا اپنے اہل و عیال کے حالات سے خبر دار رہتا ہے۔ اسے انکے غسل دینے اور کفنانے کی بھی خبر رہتی ہے اور وہ انہیں دیکھتا ہے"۔ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے، "مردہ اپنی اولاد کی نیکیوں سے قبر میں خوش ہوتا ہے"۔

☆ فضل بن موفق رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میں کثرت سے اپنے والد کی قبر پر جایا کرتا تھا۔ ایک دن مصروفیت کے باعث نہیں جا سکا۔ رات کو خواب میں والد صاحب کو دیکھا۔ وہ پوچھ رہے تھے، تم میرے پاس کیوں نہیں آئے؟ میں نے پوچھا، کیا آپ کو میرے آنے کا علم ہوتا ہے؟ وہ بولے، ہاں خدا کی قسم! جب تم میرے پاس آتے ہو مجھے خبر ہو جاتی ہے اور جب تم اٹھ کر واپس جاتے ہو تو میں تمہیں مسلسل دیکھتا رہتا ہوں"۔

ایسے واقعات واقوال کے بعد ابن قیم لکھتے ہیں،

"قدیم زمانے سے اب تک یہ دستور چلا آرہا ہے کہ قبر میں میت کو تلقین کی جاتی ہے اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ مردہ سنتا ہے اور اسے تلقین سے فائدہ پہنچتا ہے ورنہ تلقین بیکار ہو جاتی"۔ (کتاب الروح ص ۴۹)

marfat.com

Marfat.com

وہ مزید لکھتے ہیں، "روحوں کی دو قسمیں ہیں، سجین والی اور علیین والی۔ سجین والی روحیں تو عذاب میں مبتلا ہیں، انہیں ملنے جلنے کی فرصت کہاں۔ لیکن جو راحت و آرام والی اور آزاد روحیں ہیں وہ آپس میں ملتی جلتی ہیں اور دنیا میں ان پر جو واقعات گزرے اور جو بعد والوں کو پیش آئے ان پر گفتگو کرتی ہیں"۔ (ایضا ص ۵۶)

وہ روحوں کی ملاقات کے متعلق لکھتے ہیں، "صریح حدیثوں سے بھی روحوں کی باہمی ملاقات ثابت ہے۔ حضرت بشر بن معرور رضی اللہ عنہ کی وفات سے اُم بشر رضی اللہ عنہا کو سخت صدمہ ہوا۔ انہوں نے بارگاہ نبوی میں عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! کیا مردے ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں؟ اگر ایسا ہے تو میں اپنے خاندان کے کسی مرنے والے کے ذریعے بشر کو سلام بھیج دوں؟ آقا کریم ﷺ نے فرمایا، ہاں اُم بشر! اللہ تعالیٰ کی قسم! مردے ایک دوسرے کو اس طرح پہچانتے ہیں جیسے درختوں پر پرندے پہچان لیے جاتے ہیں۔ پھر انکے خاندان کا جو بھی شخص مرتا، اسے کہتیں، بشر سے میرا سلام کہنا۔ (ایضاً ص ۵۹)

فقہ حنفی کی معتبر کتاب درّ مختار میں ہے، "میت کو اچھا کفن دیا جائے کیونکہ حدیث پاک میں ہے کہ "اپنے مردوں کو اچھا کفن دو، وہ ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں اور اپنے اچھے کفن پر فخر کرتے ہیں"۔

علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، زیارت کرنا تو روح کا فعل ہے تو اسے کفن پر فخر کیونکر ہو سکتا ہے؟ اسکا جواب یہ ہے کہ زیارت اگرچہ روح کا فعل ہے لیکن روح کا جسم کے ساتھ تعلق قائم رہتا ہے۔ (ردالمختار ج ا ص ۷۶۳)

روح کے جسم کے ساتھ تعلق قائم رہنے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ صالح بن عبید

marfat.com
Marfat.com

رضی اللہ عنہ کو کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ کہتے ہیں، مجھے میری قبر سے نکالو کیونکہ پانی آجانے کے باعث میں تکلیف میں ہوں۔ انہوں نے تین بار اسی طرح فرمایا۔ جب لوگوں نے انکی قبر دیکھی تو واقعی اس میں پانی آچکا تھا۔ اس پر حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فتویٰ دیا کہ انہیں انکی قبر سے نکال کر دوسری جگہ دفن کردو۔ (طحطاوی ص ۲۷۳)

بعض کم فہم لوگوں کا یہ اعتراض بالکل لغو ہے کہ ارواح جب علیین میں ہوں تو پھر قبر پر سلام کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ اسکے جواب میں شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "ارواح جہاں بھی ہوں انکا تعلق انکے جسموں کے ساتھ باقی رہتا ہے اسی لیے وہ زیارت کرنے والوں اور عزیز و اقارب اور دوست احباب جو قبر پر آتے ہیں ان پر مطلع ہوتی ہیں اور ان سے آرام و سکون حاصل کرتی ہیں کیونکہ روح کے لیے مکان کے لحاظ سے دور و نزدیک ہونا علم و ادراک میں رکاوٹ نہیں بن سکتا"۔ (تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص ۱۰۰)

"ارواح کو اجسام پر قیاس نہیں کرنا چاہیے لہٰذا روحیں جنت میں ہونے کے باوجود آسمان پر بھی ہیں، قبر کے پاس بھی اور قبر میں مدفون بدن میں بھی۔ روحیں اترنے چڑھنے میں نہایت تیز رفتار ہیں"۔ (کتاب الروح ص ۱۹۷)

یعنی روح کے لیے یہ دوری اور فاصلے کوئی معنی نہیں رکھتے۔ وہ ایک لمحہ میں کئی جگہ جلوہ گر ہوسکتی ہیں۔ چونکہ ساری روحیں یکساں نہیں اسلیے انکے مراتب بھی جدا جدا ہیں اور انکے تصرف و قدرت کی کیفیت بھی مختلف ہے۔

حافظ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے فتاویٰ میں فرمایا، "مومنوں کی ارواح علیین میں

marfat.com
Marfat.com

ہیں اور کافروں کی سجین میں۔ اور ہر روح کا اپنے جسم سے ایک تعلق ہے جو دنیاوی تعلق سے مختلف ہے جیسے سونے والے شخص کے جسم سے اسکی روح کا تعلق قائم رہتا ہے، صاحبِ قبر سے اسکی روح کا تعلق اس سے بھی زیادہ قوی ہے"۔

(شرح الصدور ص ۲۲۴)

## حیاتِ شہداء:

اگرچہ احادیث مبارکہ سے کافر و مسلمان کے لیے بعد انتقال، ادراک واحساس اور سماع ثابت ہے جسے برزخی حیات بھی کہا گیا لیکن اس مسئلے میں بھی کافر و مومن ہرگز برابر نہیں ہیں۔ وہ شخص جو حیات برزخی میں عذاب الٰہی میں مبتلا ہے وہ اسکی مثل کیونکر ہو سکتا ہے جو راحت و امن میں ہے۔ معلوم ہوا کہ وفات یافتہ لوگوں کے عقیدہ و اعمال کے مطابق سب کے لیے علیحدہ علیحدہ حیات اور مختلف درجات و مراتب ہیں۔

شہداء وہ محبوب بندے ہیں جنہیں مردہ کہنے اور مردہ سمجھنے کی قرآن کریم نے ممانعت فرمائی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے، "اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے، ہرگز انہیں مردہ خیال نہ کرنا بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں (اور) روزی پاتے ہیں"۔ (آل عمران: ۱۶۹، کنزالایمان)

ایک اور ارشاد گرامی ہے، "اور جو خدا کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں ہاں تمہیں خبر نہیں"۔ (البقرہ: ۱۵۴)

شہداء کی حیات عام مسلمانوں کی برزخی حیات سے یقیناً زیادہ شرف و کمال کی حامل ہے انہیں رزق دیا جاتا ہے وہ جنت کی نہروں سے پانی پیتے اور جنت کے پھل کھاتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ نیز انہیں تصرف کرنے کا اختیار بھی دیا جاتا ہے۔

تفسیر مظہری میں ہے، "اللہ تعالیٰ شہداء کی روحوں کو جسموں کی طرح طاقت دیتا ہے وہ زمین، آسمان اور جنت میں جہاں چاہیں جا سکتے ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو وہ اپنے دوستوں کی امداد کرتے ہیں اور ان کے دشمنوں کو ہلاک کرتے ہیں اس زندگی کی وجہ سے ہی زمین انکے جسموں کو نہیں کھا سکتی"۔

☆ حضرت عمرو بن جموح اور حضرت عبداللہ بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہما غزوہ احد میں شہید ہو گئے تھے اور ایک ہی قبر میں مدفون تھے۔ انکی قبر کو بارش کے پانی نے نقصان پہنچایا تو انکے لیے دوسری قبر کھودی گئی۔ جب انکی قبر کو کھولا گیا تو دیکھا کہ انکے جسموں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے گویا آج ہی فوت ہوئے ہیں۔ ان میں سے ایک صحابی نے اپنے زخم پر اپنا ہاتھ رکھا ہوا تھا، جب ان کا ہاتھ زخم سے ہٹایا تو خود بخود اسی جگہ پر واپس لوٹ گیا۔ یہ اجسام بالکل تازہ تھے حالانکہ غزوہ احد کو ۴۶ سال گذر چکے تھے"۔ (موطا امام مالک کتاب الجہاد)

☆ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ولید بن عبدالملک (م ۹۶ھ) کے دور میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ مبارک کی دیوار گر گئی اور تینوں مزارات مقدسہ ظاہر ہو گئے۔ لوگ جب دیوار بنانے لگے تو اس دوران ایک قدم مبارک نظر آنے لگا۔ لوگ ڈر گئے اور سمجھے کہ یہ حضور ﷺ کا قدم مبارک ہے۔ کوئی شخص ایسا نہ ملا جو قدم مبارک پہچان سکتا ہو۔ یہاں تک کہ میں نے قدم مبارک کی زیارت کی اور لوگوں کو بتایا کہ خدا کی قسم! یہ رسول اکرم ﷺ کا قدم مبارک نہیں بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قدم مبارک ہے۔ (صحیح بخاری کتاب الجنائز)

marfat.com
Marfat.com

☆ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ ہاشم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ نے کہا، میں اپنے والد کے ساتھ شہدائے احد کی زیارت کے لیے گیا۔ میرے والد نے بلند آواز سے انہیں سلام کیا تو مزارات سے سلام کا جواب سنائی دیا۔ انہوں نے دوبارہ سلام کیا تو پھر جواب سنائی دیا، یونہی تیسری بار سلام کیا تو پھر جواب ملا۔ (شرح الصدور ۱۹۳)

☆ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے نہر کھودنے کا ارادہ کیا تو شہدائے احد کے اجسام قبور سے منتقل کرنے کے لیے اعلان فرمایا۔ جب لوگ وہاں گئے تو دیکھا کہ تمام شہداء کے اجسام صحیح سلامت ہیں۔ قبر کھودنے کے دوران ایک شہید کے پاؤں پر کدال لگ گئی تو اس سے زندوں کی طرح خون جاری ہو گیا۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے اس موقع پر فرمایا، "آج کے بعد شہداء کی حیات کا کوئی انکار نہیں کر سکتا"۔ جب لوگ مٹی کھود رہے تھے تو اس سے مشک کی طرح خوشبو آ رہی تھی۔ (بیہقی، طحطاوی، شرح الصدور ص ۲۹۹)

☆ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں روایت کرتے ہیں کہ منہال بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ نے کہا، میں دمشق میں تھا تو میں نے امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر اقدس کو لے جاتے ہوئے دیکھا۔ خدا کی قسم! جب وہاں ایک شخص نے سورہ کہف کی آیت (۹) تلاوت کی جس کا ترجمہ یہ ہے، "کیا تمہیں معلوم ہوا پہاڑ کی کھوہ (غار) اور جنگل کے کنارے والے ہماری ایک عجیب نشانی تھے"۔ تو اللہ تعالیٰ نے امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر مبارک کو قوت گویائی عطا فرمائی اور وہ بولا، اعجب من اصحاب الکھف قتلی و حملی۔ "مجھے شہید کرنا اور اٹھا کر لے جانا اصحابِ کہف کے واقعے سے بھی زیادہ عجیب ہے"۔ (شرح الصدور ص ۱۹۴)

marfat.com
Marfat.com

☆ امام حاکم و امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہما سے مروی ہے کہ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ جنگ یمامہ میں شہید ہو گئے۔ رات کو ایک مسلمان کے خواب میں آئے اور فرمایا، میری بات غور سے سنو، میرے شہید ہو جانے کے بعد ایک شخص نے میری زرہ اتار لی ہے اسکا خیمہ آخری کونے پر ہے اسکے خیمے کے پاس ایک گھوڑا بندھا ہوا ہے۔ اس نے زرہ پر ہانڈی ڈھک دی ہے اور اس پر کجاوہ رکھ دیا ہے۔ تم حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور یہ باتیں بتا کر ان سے کہو کہ میری زرہ لے لیں۔ اور پھر تم حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں جاؤ اور ان سے کہنا، مجھ پر فلاں فلاں کا اتنا قرض ہے وہ ادا فرما دیں۔

چنانچہ اس شخص نے تمام باتیں حضرت خالد بن ولید سے کہیں اور پھر سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہما سے تمام احوال عرض کیا۔ انہوں نے ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی وصیت پوری کی۔ ہمارے علم میں یہ واحد ہستی ہیں جنہوں نے مرنے کے بعد وصیت کی اور انکی وصیت پوری کی گئی۔ (شرح الصدور ص ۲۵۰)

ان روایات سے معلوم ہوا کہ شہداء کرام کے جسم بھی محفوظ رہتے ہیں اور انہیں عام مسلمان مُردوں سے زیادہ تصرف و اختیار حاصل ہوتا ہے خصوصاً اس آخری روایت میں یہ بات قابلِ غور ہے کہ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ نے باوجود شہید ہو جانے کے یہ جان لیا کہ زرہ کس نے اتاری اور کہاں چھپائی۔ پھر حضرت ابو بکر صدیق اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہما جیسے جلیل القدر صحابہ نے آپ کی وصیت پر عمل کر کے یہ ثابت کیا کہ وہ شہداء کی غیر معمولی قوت اور روحانی طاقت پر ایمان رکھتے ہیں۔

☆☆☆☆

marfat.com
Marfat.com

# باب ہفتم: حیاتِ اولیاء بعد از وصال

## حیاتِ اولیاء کرام:

ارشادِ باری تعالیٰ ہے، "سن لو! بیشک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ غم، وہ جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے ہیں، انہیں خوشخبری ہے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں، اللہ کی باتیں بدل نہیں سکتیں۔ یہی بڑی کامیابی ہے"۔

(یونس. ۶۲-۶۴، کنزالایمان)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آقا و مولیٰ ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے ہیں جو نہ تو نبی ہیں اور نہ شہید۔ البتہ ان پر انبیاء اور شہداء قیامت کے دن انکے قربِ الٰہی کی وجہ سے رشک کریں گے۔ عرض کیا گیا، یارسول اللہ ﷺ! ہمیں بتایئے وہ کون لوگ ہیں؟ فرمایا، "وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے قرآن کی وجہ سے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں، انکا باہم نہ کوئی لین دین ہے اور نہ رشتہ داری۔ اللہ تعالیٰ کی قسم! انکے چہرے نور ہونگے اور وہ نور کے منبروں پر ہونگے۔ جب لوگ ڈریں گے یہ نہ ڈریں گے اور جب لوگ غمگین ہونگے تو یہ غمگین نہ ہونگے اور پھر مذکورہ بالا آیت تلاوت فرمائی"۔ (ابوداؤد، مشکوٰۃ باب الحب فی اللہ)

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "شہید وہ ہے جو اللہ کے دین کی حقانیت کی گواہی کبھی دلائل وبرہان اور قوتِ بیان سے دیتا ہے اور کبھی شمشیر وسنان سے، راہِ خدا میں قتل ہونے والے کو اسی لیے شہید کہتے ہیں کہ وہ اپنی جان قربان کر کے دینِ حق کی صداقت کی گواہی دیتا ہے"۔ (تفسیر کبیر)

یہ کہنا بجا نہ ہوگا کہ اولیاء کرام وہ "شہداء" ہیں جو اپنے قول وفعل سے، ظاہر وباطن

marfat.com

Marfat.com

میں ہر لمحہ ہر لحظہ دینِ اسلام کی حقانیت کی گواہی دیتے ہیں حتیٰ کہ نفس کے ساتھ جہادِ اکبر کرتے ہوئے "کشتگانِ خنجر تسلیم را" کا مژدۂ جانفزا پا لیتے ہیں۔ ایسے ہی نفوسِ قدسیہ کے لیے " لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ " کی بشارت دی گئی ہے۔ انہیں بھی حیاتِ جاودانی کی نعمت عطا کی جاتی ہے۔

غیر شہید صحابہ کرام کے اجسامِ مطہرہ محفوظ رہنے کی بہترین دلیل وہ واقعہ ہے جو بیسویں صدی میں پیش آیا۔ جب حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ اپنی وفات کے تقریباً تیرہ سو سال بعد عراق کے بادشاہ فیصل اول اور مفتیٔ اعظم کے خواب میں آئے اور فرمایا، میری قبر میں پانی آرہا ہے اور حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی قبر میں نمی آرہی ہے اسلیے ہمیں محفوظ مقام پر منتقل کر دیا جائے۔

چنانچہ حج کے دس دن بعد پیر کے دن پانچ لاکھ افراد کی موجودگی میں ان صحابہ کرام کے مزارات کو کھولا گیا تو لوگ حیران رہ گئے کہ تیرہ سو سال گزرنے کے باوجود ان کے کفن بالکل سفید و سالم اور اجسام مبارک ایسے تر و تازہ تھے گویا ابھی فوت ہوئے ہوں حالانکہ حضرت حذیفہ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما کا وصال بالترتیب ۳۶ھ اور ۷۴ھ میں ہوا تھا۔ ان صحابہ کرام کو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے مزار اقدس کے قریب قبریں کھود کر دفنا دیا گیا۔

اس تمام کاروائی کو جرمن فلم ساز کمپنی نے ۲۰×۳۰ فٹ بڑی سکرین پر کیمرے کی مدد سے دکھایا تاکہ لاکھوں افراد یہ مناظر بآسانی دیکھ سکیں۔ یہ ایمان افروز واقعہ دیکھ کر ہزاروں غیر مسلم مسلمان ہو گئے۔

انبیاء کرام اور شہداء عظام کے علاوہ جن محبوبانِ خدا کے اجسام قبروں میں محفوظ

marfat.com
Marfat.com

رہتے ہیں، انکے متعلق علامہ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "انبیاء کرام اور شہداء عظام کے علاوہ اولیاء کرام اور علمائے حق، ثواب کے لیے اذان دینے والوں اور قرآن کریم کے حافظوں کے جسموں کو بھی زمین نہیں کھاتی"۔ (شرح الصدور)

ارشادِ باری تعالیٰ ہے، "اور جو اللہ اور اسکے رسول کا حکم مانے تو اسے ان کا ساتھ ملے گا جن پر اللہ نے فضل کیا، یعنی انبیاء اور صدیق اور شہید اور نیک لوگ، یہ کیا ہی اچھے ساتھی ہیں"۔ (النساء: ۶۹، کنزالایمان)

اولیاء کرام کا تعلق صدیقین سے بھی ہے شہداء سے بھی اور صالحین سے بھی۔ اولیائے صدیقین کا شہداء سے افضل ہونا تو اس آیت سے ثابت ہے۔ چونکہ شہداء زندہ ہیں اس لیے یقیناً اولیائے صدیقین بھی زندہ ہیں اور اولیائے صالحین بھی کیونکہ وہ ملحق بالشہداء ہیں۔

علامہ قاضی ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اسی بنا پر صوفیہ کرام نے فرمایا، ہماری روحیں ہمارے جسم ہیں اور ہمارے جسم ہماری روحیں ہیں۔ اور بیشمار اولیاء سے تواتر کے ساتھ ثابت ہے کہ وہ اپنے دوستوں کی مدد فرماتے ہیں اور انکے دشمنوں کو ہلاک کرتے ہیں اور جسے اللہ چاہے اسے ہدایت دیتے ہیں۔ بعد وصال صدیقین کو برزخی حیات میں شہداء سے اعلیٰ مقام حاصل ہے اور اولیاء صالحین بھی شہداء کے ساتھ زندہ ہیں۔ قرآن کریم میں ان نفوسِ قدسیہ کا اسی ترتیب کے ساتھ مذکور ہونا اس پر واضح دلیل ہے"۔ (تفسیر مظہری: البقرہ زیرِ آیت ۱۵۴)

محدث علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا یَمُوْتُوْنَ وَلٰکِنْ یَنْتَقِلُوْنَ مِنْ دَارِ الْفَنَاءِ اِلٰی دَارِ الْبَقَاءِ

marfat.com
Marfat.com

''اللہ کے ولی مرتے نہیں ہیں بلکہ وہ دار فنا یعنی دنیا سے دارُ البقا یعنی آخرت کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں''۔ (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۳ ص ۲۴۱)

دیوبندی مفتی رشید گنگوہی نے بھی تسلیم کیا ہے کہ ''اولیاء کرام بحکم شہداء (زندہ) ہیں اور مشمول آیت بل احیاء عند ربھم کے ہیں''۔ (فتاویٰ رشیدیہ ج ۱ ص ۱۳)

صدرُ الشریعہ علامہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، ''اولیائے کرام اپنی قبروں میں حیاتِ ابدی کے ساتھ زندہ ہیں، انکے علم وادراک اور سمع وبصر پہلے کی نسبت بہت زیادہ قوی ہیں''۔ (بہار شریعت حصہ اول ص ۵۶)

## ایمان افروز واقعات :

1- حضرت ربعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم چار بھائی تھے اور میرا بھائی ربیع رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ نماز روزہ کی کثرت کرنے والا تھا، اس کا انتقال ہو گیا۔ ہم اسکے پاس بیٹھے تھے کہ اچانک اس نے اپنے منہ سے کپڑا ہٹا کر السلام علیکم کہا۔ ہم نے کہا، وعلیکم السلام۔ کیا موت کے بعد کلام؟ اس نے کہا، ''ہاں۔ مرنے کے بعد میں نے اپنے رب سے اس حال میں ملاقات کی کہ وہ مجھ سے راضی تھا، اس نے اعلیٰ ترین نعمتوں کے ساتھ میرا استقبال کیا۔ سنو! بیشک ابو القاسم حضرت محمد ﷺ مجھ پر نماز پڑھنے کا انتظار فرما رہے ہیں۔ جلدی کرو اور میرا جنازہ لے جانے میں دیر نہ کرو''۔ یہ کہہ کر وہ خاموش ہو گئے۔

یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک پہنچائی گئی تو انہوں نے فرمایا، خبردار! بیشک میں نے آقا و مولیٰ ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ ''میری امت میں سے ایک آدمی موت کے بعد بھی کلام کرے گا''۔ امام ابو نعیم رحمہ اللہ کہتے ہیں، یہ حدیث مشہور ہے۔ امام بیہقی

marfat.com

Marfat.com

رحمہ اللہ نے اسے دلائل النبوۃ میں ذکر کیا اور فرمایا، یہ حدیث ایسی صحیح ہے کہ اسکے صحیح ہونے میں کوئی شک نہیں۔ (شرح الصدور ص ۷۳)

2- ابن ابی الدنیا رحمہ اللہ نے روایت کی ہے کہ ربیع بن حراش رضی اللہ عنہ نے قسم کھائی تھی کہ وہ اس وقت تک نہیں ہنسیں گے جب تک کہ انکو آخرت میں اپنا ٹھکانہ معلوم ہو جائے۔ چنانچہ وہ موت کے بعد ہی ہنسے۔ انکے بعد انکے بھائی ربعی رضی اللہ عنہ نے بھی قسم کھائی کہ جب تک انہیں اپنے جنتی یا ناری ہونے کا علم نہ ہو جائے وہ ہرگز نہ ہنسیں گے۔ ان کی لاش کو غسل دینے والوں نے بتایا کہ جب تک ہم انکو غسل دیتے رہے وہ مسلسل ہنستے رہے۔ (شرح الصدور ص ۷۴)

3- ابن عساکر رحمہ اللہ نے روایت کی کہ دورِ فاروقی میں ایک عابد وزاہد نوجوان تھا جسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ بہت پسند کرتے تھے۔ وہ دن بھر مسجد میں رہتا اور بعد عشاء گھر جاتا۔ راستے میں ایک عورت کا مکان تھا جو اس پر عاشق ہو گئی۔ وہ اسے متوجہ کرنا چاہتی مگر نوجوان نظر نہ کرتا۔ ایک رات وہ اسے بہلا کر اپنے دروازے تک لے گئی۔ جب یہ داخل ہونے لگا تو خدا یاد آیا اور بے ساختہ زبان پر یہ آیت جاری ہو گئی۔ (ترجمہ) "ڈر والوں کو جب کوئی جھپٹ شیطان کی پہنچتی ہے، خدا کو یاد کرتے ہیں اسی وقت انکی آنکھیں کھل جاتی ہیں"۔ (الاعراف)

آیت پڑھتے ہی یہ غش کھا کر گرا۔ عورت نے اپنی کنیز کے ساتھ اسے اٹھوا کر اسکے دروازے پر ڈال دیا۔ بوڑھا باپ تلاش میں نکلا تو اسے بے ہوش پڑا پایا۔ اٹھوا کر اندر لے گیا۔ رات گئے ہوش آیا تو باپ سے سارا واقعہ بیان کیا۔ باپ نے پوچھا، کون سی آیت پڑھی تھی؟ اس نے پھر وہی آیت پڑھی اور بے ہوش ہو گیا۔ جب ہلایا جلایا تو

marfat.com
Marfat.com

معلوم ہوا کہ فوت ہو گیا ہے۔ لوگوں نے رات ہی کو نہلا کفنا کر دفن کر دیا۔

صبح حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خبر ملی تو اسکی قبر پر تشریف لے گئے اور اس نوجوان کا نام لیکر فرمایا، اے فلاں! جو اپنے رب کے پاس کھڑے ہونے کا ڈر کرے، اسکے لیے دو جنتیں ہیں۔ نوجوان رحمہ اللہ نے قبر میں سے جواب دیا، امیر المومنین! مجھے میرے رب نے وہ دونوں جنتیں عطا فرما دیں۔ (شرح الصدور ص ۱۹۵)

4- رسالہ قشیریہ میں شیخ علی رودباری رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ میں نے ایک فقیر کو دفن کرتے وقت اسکے سر سے کفن ہٹایا اور اسکا سر مٹی پر رکھتے ہوئے کہا، اللہ تعالیٰ اسکی غربت پر رحم کرے۔ تو اس نے آنکھیں کھول کر مجھ سے کہا، جناب! مجھے اسکے سامنے ذلیل نہ کریں جس نے مجھے راہ دکھائی۔ میں نے کہا، اے میرے سردار! کیا موت کے بعد زندگی؟ تو اس نے کہا، میں بھی زندہ ہوں اور اللہ تعالیٰ کا ہر محب زندہ ہے اور کل میں تمہاری مدد کروں گا۔ (ایضاً ص ۱۹۰)

5- اسی رسالہ میں ابراہیم بن شیبان رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ ایک صالح نوجوان میرا ساتھی تھا اور جلد ہی اسکا انتقال ہو گیا۔ مجھے بہت رنج ہوا۔ میں نے اسے غسل دینے کا ارادہ کیا تو صدمہ کے باعث الٹی طرف سے نہلانا شروع کیا۔ اس نے فوراً میرا ہاتھ پکڑ لیا اور مجھے دایاں حصہ دیا۔ میں نے کہا، اے بیٹے! تو حق پر ہے اور میں غلطی پر تھا۔ (ایضاً ص ۱۹۰)

6- ابو یعقوب سوسی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، میرے ایک مرید نے مجھ سے کہا، میں کل ظہر کے وقت مر جاؤں گا، یہ دینار لے لیں اور اس سے میرے کفن دفن کا انتظام کر دیجیے گا۔ دوسرے روز ظہر کے وقت وہ آیا اور اس نے طواف کیا اور پھر تھوڑی دیر

marfat.com
Marfat.com

بعد مر گیا۔ جب میں نے دفن کے وقت اسے قبر میں رکھا تو اس نے آنکھیں کھول دیں۔ میں نے کہا، کیا مرنے کے بعد بھی زندگی ہوتی ہے؟ اس نے کہا، میں زندہ ہوں اور اللہ تعالیٰ کا ہر محب زندہ ہے۔ (ایضاً ص ۱۹۱، فتاویٰ حدیثیہ ص ۲۹۷)

7- ابو محمد نجار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مردہ کو غسل دیا۔ جب میں غسل دے رہا تھا تو اچانک اس نے آنکھیں کھولیں اور میرا ہاتھ پکڑ کر کہا، اے ابو محمد! اس دن کے لیے اچھی طرح تیاری کر لو۔ (شرح الصدور ص ۱۰۰)

8- امام بیہقی رحمہ اللہ نے شعب الایمان میں روایت کی کہ قاضی نیشاپور ابراہیم کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا، میں پہلے کفن چراتا تھا۔ ایک دن ایک عورت کا انتقال ہوا۔ میں نے کفن چرانے کی غرض سے اسکی قبر کھودی۔ جب میں نے اسکے کفن پر ہاتھ ڈالا تو اس نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا، "سبحان اللہ! جنتی ہو کر جنتی کا کفن چراتا ہے"۔ میں نے کہا، میں جنتی کیسے ہو گیا؟ وہ بولی، کیا تو نے میرے جنازے کی نماز نہ پڑھی تھی؟ میں نے کہا، ہاں پڑھی تھی۔ اس نے کہا، "اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا تھا کہ جو بھی میرے جنازے کی نماز پڑھے گا میں اسے بخش دوں گا"۔ اسی وقت میں سچے دل سے تائب ہو گیا۔ (ایضاً ص ۲۰۵)

یہ تمام واقعات اولیاء کرام کی بعد از وصال زندگی کے روشن دلائل بھی ہیں اور اولیاء کرام کی بعد از وصال کرامات بھی۔ ان سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ اولیاء کرام بعد وصال نفع دیتے اور فیض پہنچاتے ہیں جیسا کہ ایک صالحہ کی نماز جنازہ پڑھنے سے کفن چور کی بخشش ہو گئی۔

٭٭٭

marfat.com

Marfat.com

# باب ہشتم : مزارات پر حاضری

## شعائر اللہ :

شعائر وہ علامات یا نشانیاں ہیں جن سے کسی چیز کی پہچان ہوتی ہے۔ شرعی اصطلاح میں ''شعائر اللہ'' وہ علامات یا نشانیاں ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کی پہچان ہو اور معرفت الٰہی حاصل ہو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے،

''بیشک صفا و مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں سے ہیں''۔ (البقرہ : ۱۵۸، کنزالایمان)

صفا اور مروہ دو پہاڑیاں ہیں جن کے درمیان حضرت ہاجرہ علیہاالسلام دوڑی تھیں۔ اللہ تعالیٰ کی محبوب بندی کے قدموں کی برکت سے وہ جگہ ایسی برکت والی ہو گئی کہ بیت اللہ کا طواف کرنے والوں کو اس کا بھی ''طواف'' یعنی سعی کرنے کا حکم دے دیا گیا اور یہی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان پہاڑیوں کو اپنی نشانیاں قرار دے دیا۔ ثابت ہوا کہ جس جگہ کو اولیاء و صالحین سے نسبت ہو جائے وہ عظمت و برکت والی بن جاتی ہے اور شعائر اللہ قرار پاتی ہے۔

وہ پتھر جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ شریف تعمیر کیا، وہ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے کے مبارک قدم لگ جانے کے باعث اتنا مقدس اور محترم ہو گیا کہ اسے خانۂ کعبہ کے سامنے رکھ دیا گیا۔ رب تعالیٰ نے اسے اپنی واضح نشانیوں میں سے ایک نشانی قرار دیا۔ (آل عمران : ۹۷) اور اس کے پاس نماز پڑھنے کا حکم دیا۔ ارشاد ہوا،

''اور ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کا مقام بناؤ''۔ (البقرہ : ۱۲۵)

سورۃ الحج میں ارشاد باری تعالیٰ ہے، ''اور جو اللہ کے نشانوں کی تعظیم کرے تو یہ

marfat.com

Marfat.com

دلوں کی پرہیزگاری سے ہے"۔ (۳۲، کنزالایمان)

دیوبندی مکتبۂ فکر کے مولوی شبیر عثمانی اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں،

"اللہ نے جن چیزوں کو محترم قرار دیا ہے ان کا ادب و تعظیم قائم رکھنا بڑی خوبی اور نیکی کی بات ہے جس کا انجام نہایت اچھا ہوگا۔ محترم چیزوں میں قربانی کا جانور، بیت اللہ، صفا، مروہ، منیٰ، عرفات، مسجدیں، قرآن بلکہ تمام احکامِ الٰہیہ آجاتے ہیں، خصوصیت سے یہاں مسجد حرام اور ہدی کے جانور کی تعظیم پر زور دینا ہے"۔

(موضح القرآن ص ۴۳۴)

مقامِ غور ہے کہ جب صفا و مروہ کی پہاڑیاں اور قربانی کے جانور محبوبانِ خدا سے نسبت اور تعلق کی وجہ سے شعائر اللہ قرار پاتے ہیں تو پھر محبوبانِ خدا کے تبرکات و آثار کیوں شعائر اللہ نہیں ہو سکتے؟ اسی لیے علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر روح البیان میں فرماتے ہیں، "محبوبانِ خدا کے مزارات بھی شعائر اللہ ہیں"۔ اسی لیے انکی تعظیم بھی مستحسن و محمود اور دلوں کے تقویٰ کی علامت ہے۔

علامہ عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "شعائر اللہ سے مراد وہ اشیاء ہیں جو اللہ تعالیٰ کا پتہ دیتی ہیں مثلاً اولیاء کرام اور علمائے حق شعائر اللہ ہیں، اگرچہ زندہ ہوں یا وفات پاچکے ہوں"۔ (کشف النور عن اصحاب القبور) ص ۲۰)

مولوی شبیر عثمانی دیوبندی اس آیت کے تحت لکھتے ہیں،

"شعائر اللہ کی تعظیم شرک میں داخل نہیں، جس کے دل میں پرہیزگاری کا مضمون اور خدائے واحد کا ڈر ہوگا وہ اسکے نام لگی چیزوں کا ادب ضرور کرے گا۔ یہ ادب کرنا شرک نہیں بلکہ عین توحید کے آثار میں سے ہے کہ خدا کا عاشق ہر اس چیز کی قدر

marfat.com
Marfat.com

کرتا ہے جو بالخصوص اسکی طرف منسوب ہو جائے"۔ (موضح القرآن)

اس گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ محبوبانِ خدا کے مزارات بھی شعائر اللہ ہیں اور جس کے دل میں تقویٰ اور خوفِ خدا ہو گا وہ ضرور مزاراتِ اولیاء کا ادب کرے گا۔

## مزارات کی تعظیم :

علامہ عبد الغنی آفندی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۱۴۳ھ) فرماتے ہیں،

"بعض گمراہ فرقوں کا مذہب یہ ہے کہ وصال کے بعد اولیاء اللہ خاک ہو کر مٹی میں مل جاتے ہیں اور انکی روحیں چلی جاتی ہیں اسلیے انکے مزارات کی تعظیم نہیں کرنی چاہیے۔ اسی وجہ سے وہ مزارات کی توہین و تحقیر کرتے ہیں نیز انکی زیارت کرنے والوں اور ان سے برکت حاصل کرنے والوں پر انکار کرتے ہیں۔ میں نے ایک دن خود اپنے کانوں سے سنا جب میں شیخ ارسلان دمشقی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کی زیارت کے لیے جا رہا تھا کہ ایک شخص نے کہا، "تم مٹی کی زیارت کیوں کرتے ہو، یہ تو بیوقوفی ہے"۔ مجھے انتہائی تعجب اور افسوس ہوا اور میں نے اپنے دل میں کہا، یہ کسی مسلمان کا قول نہیں ہو سکتا"۔ (کشف النور ص ۱۹)

امام ترمذی، امام حاکم اور امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ ایک صحابی نے ایک قبر پر اپنا خیمہ لگالیا۔ انہیں علم نہ تھا کہ یہاں قبر ہے۔ انہوں نے قبر میں کسی کو سورۃ الملک تلاوت کرتے سنا تو بارگاہِ نبوی میں حاضر ہو کر سارا واقعہ عرض کیا۔ آقا و مولیٰ علیہ السلام نے فرمایا، یہ سورۃ عذاب کو روکنے والی اور نجات دینے والی ہے۔ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو حسن قرار دیا۔

امام ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ نے حلیۃ الاولیاء میں روایت کیا ہے کہ سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے

marfat.com

Marfat.com

فرمایا، اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کی قسم! میں نے اور حمید طویل رحمۃ اللہ علیہ نے ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ کو لحد میں اتارا تھا۔ جب ہم کچی اینٹیں برابر کر چکے تو ایک اینٹ گر گئی۔ میں نے دیکھا کہ وہ قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔ وہ اکثر دعا کیا کرتے تھے، اے اللہ! اگر تو نے کسی کو قبر میں نماز پڑھنے کی اجازت دی ہے تو مجھے بھی اجازت عطا فرما۔ اللہ تعالیٰ نے انکی دعا قبول فرمائی۔

امام ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بھی روایت کی کہ مھلبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، مجھے لوگوں نے بتایا کہ جب ہم صبح کے وقت ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر کے پاس سے گزرتے تو قرآن کریم کی تلاوت کی آواز آتی تھی۔

ابو نصر نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ جو متقی گورکن تھے، کہتے ہیں کہ میں ایک قبر کھودی تو اسکے پہلو میں دوسری قبر کھل گئی۔ میں نے اس قبر میں بہترین لباس اور عمدہ خوشبو والے خوبصورت نوجوان کو دیکھا جو قرآن پاک کی تلاوت کر رہا تھا۔ اس نے میری طرف دیکھ کر پوچھا، کیا قیامت قائم ہو گئی؟ میں نے کہا، نہیں۔ اس نے کہا، اینٹ اسی جگہ رکھ دو تو میں نے اینٹ اسی جگہ رکھ دی۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ایسے کئی واقعات لکھ کر فرماتے ہیں، ان روایات میں بعض اولیاء کرام کا قبروں میں تلاوت کرنا اور نماز پڑھنا وارد ہے۔ جب اولیاء اللہ کا یہ حال ہے تو انبیاء کرام علیہم السلام کا کیا مقام ہو گا؟ (شرح الصدور ص ۱۷۵)

علامہ نابلسی رحمۃ اللہ علیہ بھی ایسے ہی متعدد واقعات تحریر کر کے فرماتے ہیں،

"ان تمام امور سے کرامت بعد از وصال کا واضح ثبوت ملتا ہے۔ اسکے متعلق وہی شک کرے گا جس کا ایمان ناقص ہو، بصیرت ختم ہو چکی ہو، فضلِ الٰہی کے دروازے

marfat.com
Marfat.com

سے مردود ہو، اللہ تعالیٰ کے خاص بندوں سے تعصب رکھتا ہو، اولیاء کرام کی مخالفت کے بھنور میں پھنس چکا ہو، اللہ تعالیٰ نے اسکی اہانت کی ہو اور اس پر غضب فرما کر اسے شیطان کے سپرد کر دیا ہو۔ اس لیے شیطان اسکے ساتھ کھیلتا ہے اور محبوبان خدا کا بغض اسکے دل میں ڈالتا ہے اور اسے اولیاء کرام، انکی کرامات اور انکے مزارات کی توہین و بے ادبی پر اکساتا ہے۔ حالانکہ جس نے علم کلام اور علم توحید پڑھا ہے وہ جانتا ہے کہ موت کے بعد ارواح کا تعلق اجسام سے ہوتا ہے باوجود اسکے کہ ارواح اپنے مقام پر ہوتی ہیں جس طرح سورج کی شعاعیں زمین تک پہنچتی ہیں، اس بنا پر قبروں کا احترام واجب ہے"۔ (کشف النور ص ۱۷)

مجدد دین وملت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "معظمات دینی کی تعظیم قطعاً مطلوب ہے اور اولیاء کرام کے مزارات بلکہ عام مومنوں کی قبور بھی ضرور ادب وتکریم کی مستحق ہیں اسی لیے ان پر بیٹھنا ممنوع، چلنا ممنوع، پاؤں رکھنا ممنوع یہانتک کہ ان سے تکیہ لگانا بھی ممنوع ہے"۔ (احکامِ شریعت ص ۶۸)

اعلیٰ حضرت امامِ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ ایک اور سوال کے جواب میں فرماتے ہیں،

"قبرستان میں جو نیا راستہ نکالا گیا ہو اس پر چلنا حرام ہے اور جس کے اقربا ایسی جگہ دفن ہوں کہ انکے گرد اور قبریں ہو گئی ہوں اور اسے ان کی قبور تک دوسری قبروں پر پاؤں رکھے بغیر جانا ممکن نہ ہو، وہ دور ہی سے فاتحہ پڑھے اور پاس نہ جائے"۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴ ص ۱۰۸)

## مزاراتِ اولیاء پر حاضری:

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ ہر سال شہدائے احد کے

marfat.com
Marfat.com

مزارات پر تشریف لے جاتے تھے۔ یہی معمول حضرت ابو بکر و عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کا رہا، اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی وہاں جا کر دعا کرتی تھیں۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی دیگر صحابہ کے ساتھ انکے مزارات پر جا کر سلام کرتے اور اپنے ساتھیوں سے فرماتے، "ان حضرات کو سلام کرو جو تمہارے سلام کا جواب دیتے ہیں"۔ (شرح الصدور ص ۱۹۳، جذب القلوب ص ۲۰۲)

ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ آقا و مولیٰ ﷺ ہر سال شہدائے احد کے مزارات پر تشریف لے جاتے تھے۔ (شامی باب زیارۃ القبور)

حضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے، جو ان کے مزارات پر آئے اور سلام بھیجے تو یہ لوگ قیامت تک اس پر سلام بھیجتے رہیں گے۔ (شرح الصدور ص ۱۹۳ بحوالہ حاکم و بیہقی)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں کے مزارات کی زیارت اہتمام سے کرنی چاہیے جیسا کہ حضور ﷺ اور صحابہ کرام کا معمول تھا۔

سرور کائنات ﷺ رات کے آخری حصہ میں قبروں کی زیارت کے لیے مدینہ منورہ کے قبرستان جنت البقیع تشریف لے جاتے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آقا کریم ﷺ رات کے آخری حصہ میں بقیع کی طرف تشریف لے جاتے۔ (مسلم)

دوسری روایت میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے بقیع میں قبروں پر ہاتھ مبارک اٹھا کر تین بار دعا فرمائی۔ (مسلم)

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ قبر کے سامنے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا نبی کریم ﷺ کی سنت سے ثابت ہے اور ہرگز شرک یا بدعت نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

دعا کے وقت ہاتھ اٹھانے کی حکمت محدث علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بیان فرمائی کہ آسمان دعا کا قبلہ ہے اور وہیں سے رزق، وحی، رحمت اور برکت نازل ہوتی ہے۔ (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ)

اسکی ایک اور حکمت خود نور مجسم ﷺ نے یہ ارشاد فرمائی کہ "بیشک تمہارا رب حیا والا ہے، وہ اس سے حیا فرماتا ہے (جیسا اسکی شان کے لائق ہے) کہ اپنے بندے کے ہاتھوں کو خالی لوٹائے"۔ (مشکوٰۃ کتاب الدعوات)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں کہ آقا کریم ﷺ نے اپنے غلام ابی موہبہ کو نصف شب کے وقت بیدار کیا اور فرمایا، "مجھے حکم ہوا ہے کہ بقیع جاؤں اور اہلِ بقیع کے لیے دعا کروں"۔ (جذب القلوب ص ۱۷۲)

صدرُ الشریعہ علامہ مولانا امجد علی قادری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

"بقیع کی زیارت سنت ہے۔ اس قبرستان میں دس ہزار صحابہ کرام مدفون ہیں اور تابعین و تبع تابعین واولیاء و علماء و صلحاء کا تو شمار ہی نہیں"۔

(بہار شریعت حصہ ششم ص ۱۴۴)

علامہ نابلسی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۱۴۳ھ) فرماتے ہیں،

"حضور ﷺ جنت البقیع میں قبروں کی زیارت کرتے اور انکے پاس کھڑے ہو کر دعا فرماتے، نَسْئَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَة۔ "ہم اپنے اور تمہارے لیے عافیت مانگتے ہیں"۔ (مسلم)

حضور ﷺ کا وہاں یہ دعا مانگنا ظاہر کرتا ہے کہ مومنوں کی قبروں کے پاس دعا خصوصیت سے قبول ہوتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

مومنوں کی قبروں کی برکت سے دعا کا قبول ہونا بعد از وصال کرامات سے ہے۔ یہ عام مومنوں کی قبروں کے بارے میں ہے، بارگاہِ الٰہی کے خواص اور مقربین کی شان تو اس سے کہیں اعلیٰ ہے"۔ (کشف النور عن اصحاب القبور ص ۶)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے، جس سے اس کی زندگی میں برکت حاصل کی جاسکتی ہے اس سے بعد وفات بھی برکت حاصل کی جاسکتی ہے"۔ (اشعۃ اللمعات باب زیارۃ القبور)

حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بھی فرمایا،

"ولی اللہ کی ایک شان یہ ہے کہ اسکی ہر شے میں برکت ہوتی ہے۔ اسکے کلام، اسکے سانس، اسکے فعل، اسکے لباس اور اسکے مکان یہاں تک کہ اسکے پاؤں کی مٹی اور جس مکان میں وہ ایک دن بھی بیٹھا ہو، اس سے برکت حاصل کی جاتی ہے"۔

(منہاج العابدین مع شرح سراج السالکین ص ۵۲۹)

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے اس ارشاد سے معلوم ہوا کہ جس مکان میں اللہ تعالیٰ کا ولی ایک دن قیام کرے، وہ برکتوں والا ہو جاتا ہے تو جس مزار میں وہ آرام فرما ہو وہ کیونکر برکت والا نہ ہوگا؟ اس بارے میں تفصیلی گفتگو آئندہ صفحات میں کی جائے گی۔ فی الوقت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ عقیدہ ذہن نشین کرلیجیے، "جس سے اسکی زندگی میں برکت حاصل کی جاسکتی ہے اس سے بعد وفات بھی برکت حاصل کی جاسکتی ہے"۔

☆☆☆☆

marfat.com
Marfat.com

# باب نہم : آدابِ مزارات

اس باب میں ہم ان امور کا ذکر کریں گے جو اولیاء کرام کے مزارات کے حوالے سے معروف ہیں اور ان میں بعض لوگ اختلاف کرتے ہیں۔

## 1- پختہ قبر بنانا :

قبر کو پختہ کرنے کی دو صورتیں ہیں۔

ایک یہ کہ قبر کا اندرونی حصہ پختہ کردیں جہاں میت ہوتی ہے یہ جائز نہیں۔ اگر کسی شرعی عذر کی بنا پر قبر کے اندرونی حصہ کو پختہ کرنا پڑے تو پتھر وغیرہ لگایا جا سکتا ہے البتہ پختہ یعنی آگ میں پکی ہوئی اینٹیں لگانا جائز نہیں۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، میں نے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا، قبر کس چیز سے بنائی جائے؟ انہوں نے فرمایا، کچی اینٹوں اور سرکنڈوں سے۔ میں نے کہا، کیا آگ میں پکی ہوئی اینٹیں لگانا مکروہ ہے؟ فرمایا، ہاں۔ (المبسوط ج ۱ ص ۴۲۲)

اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "قبر کا اندرونی حصہ پختہ نہ ہو البتہ اوپر کا حصہ پختہ کردیں تو حرج نہیں"۔ (احکامِ شریعت ص ۱۷۳)

جس حدیث شریف میں قبروں کو پختہ کرنے کی ممانعت آئی ہے اس کی شرح میں علماء فرماتے ہیں کہ اس سے مراد قبر کو اندر سے پختہ کرنا ہے اور اگر باہر سے پختہ کرنا مراد ہو تو اس کی ممانعت کا سبب شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ فرمایا، "کیونکہ اس میں تکلف اور آرائش ہے"۔ (اشعۃ اللمعات کتاب الجنائز)

اس سے معلوم ہوا کہ اگر عام مومن کی قبر کو باہر سے پختہ کرنے میں تکلف یا آرائش یا فخر کی نیت نہ ہو تو یہ جائز ہے جبکہ اولیاء کرام کی قبروں کو باہر سے پختہ کرنا بالکل

marfat.com
Marfat.com

جائز ہے۔ مزاراتِ اولیاء کو پختہ کرنے کی حکمت یہ ہے کہ وہ دیر تک قائم رہیں اور لوگ ان سے اکتسابِ فیض کریں۔

اس کا ثبوت یہ ہے کہ آقائے دو جہاں ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر کے سرہانے ایک پتھر نصب کیا اور فرمایا، "اس سے میں اپنے بھائی کی قبر کا نشان قائم کرتا ہوں"۔ (مشکوٰۃ باب دفن المیت، ابو داؤد)

حضرت خارجہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ "ہم حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے میں جوان تھے اور ہم میں سے بڑی چھلانگ لگانے والا وہ سمجھا جاتا جو عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر کو پھلانگ جاتا"۔ (صحیح بخاری کتاب الجنائز)

اس سے معلوم ہوا کہ وہ پتھر قبر کے سرہانے علیحدہ سے نصب نہیں تھا بلکہ قبر کے سرہانے کے طور پر نصب تھا۔ اسلیے علماء فرماتے ہیں کہ کسی بزرگ کی قبر کا نشان قائم رکھنے کے لیے اسے پختہ کرنا اول الذکر حدیث کی رو سے جائز ہے اور آخر الذکر حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ کسی بزرگ کی قبر کو عام مسلمانوں کی قبور سے کچھ اونچا بنانا بھی جائز ہے۔

"قبر کا تعویذ ایک ہاتھ سے زیادہ اونچا کرنا منع ہے اور اگر آس پاس چبوترہ اونچا کر کے اس پر تعویذ بقدر ایک ہاتھ اونچا کیا تو جائز ہے"۔ (جاء الحق ص ۲۸۲)

عام مسلمانوں کی قبروں کا ایک بالشت یا اس سے کچھ زائد اونچا کرنا مسنون ہے۔ بعض لوگ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ قبریں زمین کے برابر ہونی چاہئیں اور وہ دلیل کے طور پر یہ حدیث پیش کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ "وہ ہر تصویر کو مٹا دیں اور ہر اونچی قبر کو زمین کے برابر کر دیں"۔

marfat.com
Marfat.com

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر وہ اونچی قبریں صحابہ کرام کی تھیں تو نبی کریم ﷺ کی موجودگی میں یہ اونچی قبریں کس نے بنادیں اور ان پر تصویریں کس نے آویزاں کیں نیز آقاو مولیٰ ﷺ نے انہیں اونچی قبریں بنانے اور ان پر تصاویر آویزاں کرنے سے منع کیوں نہ فرمایا؟ ماننا پڑے گا کہ وہ قبریں صحابہ کرام کی نہ تھیں بلکہ کفار و مشرکین کی تھیں جن پر تصاویر آویزاں تھیں۔

-- یہود و نصاریٰ کے متعلق حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ اپنے صالح شخص کے مرنے کے بعد اسکی قبر پر اسکی تصاویر آویزاں کرتے تھے۔(بخاری، مسلم)

-- حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، فَاَمَرَ بِقُبُوْرِ الْمُشْرِكِيْنَ فَنُبِشَتْ ۔

"حضورِ اکرم ﷺ نے مشرکوں کی قبریں کھودنے کا حکم دیا تو وہ اکھیڑ دی گئیں"۔

( صحیح بخاری جلد اول ابواب العمرہ )

بخاری شریف کی ان احادیث سے ثابت ہو گیا کہ جن قبروں کو حضور ﷺ نے زمین کے برابر کرنے کا حکم دیا وہ مشرکوں کی قبریں تھیں ورنہ مسلمانوں کی قبروں کی توہین کرنا یا انہیں کھودنا تو حرام ہے جس کی مذمت میں کثیر احادیث وارد ہیں۔

## 2-قبر پر عمارت بنانا :

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے قبر پر عمارت بنانے اور قبر پر بیٹھنے سے منع فرمایا ہے۔(مشکوٰۃ کتاب الجنائز)

جس طرح "قبر پر نہ بیٹھو" کا مطلب یہ ہے کہ عین قبر پر نہ بیٹھو البتہ قبر کے اردگرد بیٹھنا جائز ہے اسی طرح حدیث پاک میں عین قبر کے اوپر عمارت بنانے کی ممانعت آئی ہے، قبر کے اردگرد عمارت بنانے کی ممانعت نہیں۔ لہٰذا ضرورتاً قبر کے اردگرد

marfat.com

Marfat.com

چار دیواری یا عمارت اور گنبد بنانا جائز ہے۔ حدیث شریف میں "وَأَنْ يُبْنٰى عَلَيْهِ" کے الفاظ آئے ہیں جس کا مفہوم یہ ہے کہ عین قبر کے اوپر عمارت نہ بنائی جائے اس طرح کہ قبر پر دیوار یا ستون بنایا جائے، یا بعینہ قبر پر رہائش گاہ بن جائے، یہ حرام ہے کیونکہ اس میں قبر کی توہین ہے۔

سرکار دو عالم ﷺ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ مبارکہ میں دفن کیا گیا۔ اگر یہ جائز نہ ہوتا تو صحابہ کرام پہلے حجرہ مبارک شہید کر دیتے تاکہ روضہ اقدس پر عمارت کا جواز باقی نہ رہتا لیکن صحابہ کرام نے ایسا نہیں کیا۔ گویا اس پر اجماع ہو گیا کہ روضہ اقدس پر حجرہ مبارک کی عمارت جائز ہے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسکے گرد اینٹوں کی دیوار بنوا دی۔

بعد ازاں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے جید صحابہ کرام کی موجودگی میں اس عمارت میں پتھر لگوائے اور اسے مضبوط بنا دیا۔ (وفاء الوفا، ص ۳۸۸)

بخاری شریف کے حوالے سے پہلے ذکر کیا گیا کہ جب روضہ اقدس کی بیرونی دیوار گر پڑی تو صحابہ کرام نے اسے بنایا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے حجرہ مبارکہ کے گرد ایک اور حجرہ بنوا دیا اس طرح حجرہ نبوی ﷺ اسکے وسط میں آ گیا۔ (اخبار مدینۃ الرسول ص ۱۳۸) ۶۷۸ھ میں سلطان قلاوٗن صالحی نے روضہ انور پر گنبد شریف تعمیر کرایا اور چاروں طرف پیتل کا خوبصورت جنگلہ لگوا دیا جسے سنہری جالی کہتے ہیں۔ (وفاء الوفا ص ۴۳۸)

جب حضرت حسن بن حسن بن علی رضی اللہ عنہم کا انتقال ہوا تو انکی اہلیہ ان کی قبر پر ایک سال تک خیمہ لگائے بیٹھی رہیں۔ (بخاری کتاب الجنائز)

marfat.com
Marfat.com

اس کی شرح میں علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ قبر پر صحیح غرض کے لیے خیمہ لگانا جائز ہے جیسے کہ زندہ لوگوں یعنی زائرین کو دھوپ سے بچانے کے لیے خیمہ لگانا۔ (عمدۃ القاری ج ۸ ص ۱۸۳)

حضرت عمر نے حضرت زینب بنت جحش کی قبر پر، حضرت عائشہ نے اپنے بھائی عبدالرحمٰن کی قبر پر اور محمد بن حنفیہ بن علی نے ابن عباس (رضی اللہ عنہم اجمعین) کی قبر پر قبہ بنایا۔ (منتقیٰ شرح موطا امام مالک)

محدث علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "جب قبر پر خیمہ کسی فائدہ کی غرض سے ہو مثلاً اس کے سائے میں تلاوتِ قرآن کی جائے، تو پھر اس کی ممانعت نہیں۔ سلف صالحین نے مشہور علماء و مشائخ کی قبروں پر عمارت بنانے کو جائز قرار دیا ہے تاکہ لوگ انکی زیارت کریں اور وہاں آرام سے بیٹھ سکیں"۔ (مرقاۃ ج ۴ ص ۶۹)

تفسیر روح البیان میں ہے، "علماء و اولیاء اور صلحاء کی قبروں پر عمارت و گنبد بنانا جائز ہے جبکہ اس کا مقصد یہ ہو کہ لوگوں کی نگاہوں میں ان بزرگانِ دین کی عظمت پیدا ہو اور وہ انہیں حقیر نہ جانیں"۔ (سورہ توبہ زیرِ آیت ۱۸)

ان دلائل کا خلاصہ یہ ہے کہ اولیاء کرام کے مزارات پر عمارت بنانا اس لیے جائز ہے کیونکہ وہاں زائرین تلاوت کرتے ہیں اور فاتحہ خوانی کرنے والے دھوپ اور بارش سے محفوظ رہتے ہیں۔ مزارات کی پُرشکوہ عمارت اور گنبد و قبہ بنانے میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ ہندو سکھ عیسائی وغیرہ پر اسلام اور اولیاء اللہ کی عظمت و ہیبت طاری ہو اور مسلمان اکتسابِ فیض کے لیے مزارات پر حاضری دیں اور ان کے دلوں میں بھی نیکی کا جذبہ پیدا ہو۔

marfat.com
Marfat.com

## 3-مزارات کے قریب مساجد :

اصحابِ کہف کا واقعہ بیان کرتے ہوئے ربِ کریم نے فرمایا،

"وہ بولے جو اس کام میں غالب رہے تھے، قسم ہے کہ ہم تو ان (اصحابِ کہف) پر مسجد بنائیں گے"۔ (الکہف: ۲۱، کنزالایمان)

صدرُالافاضل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اس سے معلوم ہوا کہ بزرگوں کے مزارات کے قریب مسجدیں بنانا اہلِ ایمان کا قدیم طریقہ ہے اور قرآن کریم میں اس کا ذکر فرمانا اور اس کو منع نہ کرنا اس فعل کے درست ہونے کی قوی ترین دلیل ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ بزرگوں کے جوار میں برکت حاصل ہوتی ہے اسی لیے اہل اللہ کے مزارات پر لوگ حصولِ برکت کے لیے جایا کرتے ہیں اور اسی لیے قبروں کی زیارت سنت اور موجبِ ثواب ہے"۔ (تفسیر خزائن العرفان)

اس آیت کے تحت تفسیر مظہری میں ہے، "یہ آیت اولیاء اللہ کے مزارات کے پاس مسجدیں بنانے کے جواز کی دلیل ہے تاکہ ان میں اولیاء کرام کی برکتوں کے حصول کے ارادے سے نماز پڑھی جائے"۔

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "بعض لوگوں نے کہا، بہتر یہ ہے کہ غار کے دروازے پر مسجد بنادی جائے۔ یہ قول اس بات کی دلیل ہے کہ وہ لوگ عارف باللہ تھے اور نماز اور عبادت کے قائل تھے"۔ (تفسیر کبیر ج ۵ ص ۴۷۵)

ان مستند و معتبر تفاسیر سے ان جہلاء کے باطل نظریے کا رد ہو گیا جو کہتے ہیں کہ اصحابِ کہف کے غار کے پاس مسجد بنانے والے گمراہ اور مشرک تھے۔ معاذ اللہ!
(ملاحظہ فرمایئے، تفہیم القرآن ج ۳ ص ۱۸)

marfat.com
Marfat.com

خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں    ہوئے کس درجہ بے توفیق فقیہان حرم

علامہ نسفی اور علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہما نے اپنی اپنی تفاسیر میں مسجد بنانے کا سبب یہ بیان فرمایا ہے، "یہاں مسجد تعمیر کی جائے تاکہ لوگ نمازیں پڑھیں اور اصحابِ کہف کے قرب کی برکت حاصل کریں"۔ (تفسیر مدارک، تفسیر روح البیان)

اس مسئلہ میں منکرین اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے، "اللہ تعالیٰ یہود و نصاریٰ پر لعنت فرمائے کہ انہوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا"۔ (مشکوٰۃ)

اہلسنت کا مذہب یہی ہے کہ قبروں کو عبادۃً سجدہ کرنا شرک اور تعظیماً سجدہ کرنا حرام ہے۔ اس مسئلے کو اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فتاویٰ رضویہ جلد چہارم میں دلائل سے ثابت کیا ہے لیکن اس حدیث پاک سے مزاراتِ اولیاء کے قرب وجوار میں مسجد بنانے کو قیاس کرنا صحیح نہیں ہے۔

امام عسقلانی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (م ۸۵۲ھ) اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں، "جو شخص کسی ولی کے مزار کے قریب مسجد بنائے اور اسکے قرب سے برکت حاصل کرنے کا ارادہ کرے جبکہ اس سے ولی کی تعظیم یا نماز میں اس کی طرف توجہ مقصود نہ ہو تو وہ اس وعید میں داخل نہیں"۔ (فتح الباری ج ا ص ۵۲۵)

سب سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ آقا و مولیٰ ﷺ اور سیدنا ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے مزاراتِ بابرکات کے اردگرد مسجد نبوی واقع ہے اور مزاراتِ مقدسہ کے چاروں طرف نماز ادا کی جاتی ہے۔

محدث علی قاری رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۱۴ھ) لکھتے ہیں، "کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت

marfat.com

Marfat.com

اسماعیل علیہ السلام کی قبر کعبہ میں حطیم کے پاس ہے اور اس جگہ نماز پڑھنا سب سے افضل ہے۔ علامہ طیبی کے علاوہ دوسرے علماء نے کہا کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قبر حطیم میں میزاب کے نیچے ہے اور حطیم میں حجر اسود اور میزاب کے درمیان ستر (۷۰) نبیوں کی قبریں ہیں"۔ (مرقاۃ ج ۲ ص ۲۰۲)

## 4- مزار پر چادر چڑھانا :

علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اولیاء کرام کے مزارات پر چادر ڈالنا جائز ہے۔ اس کی حکمت یہی ہے کہ عوام کی نظروں میں صاحبِ مزار کی عظمت و بزرگی ظاہر ہو تاکہ وہ انہیں حقیر نہ سمجھیں بلکہ غافلوں کو اس سے ادب اور خشوع حاصل ہو"۔ (شامی جلد پنجم کتاب الکراہیت)

تفسیر روح البیان جلد سوم میں سورہ توبہ کی آیت ۱۸ کے تحت مذکور ہے کہ "علماء، اولیاء اور صالحین کی قبروں پر عمارت بنانا اور ان پر غلاف و عمامہ اور چادر ڈالنا جائز ہے جبکہ اس سے یہ مقصود ہو کہ عوام کی نگاہ میں ان بزرگانِ دین کی عظمت ظاہر ہو اور لوگ ان کو حقیر نہ جانیں"۔

اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "قبروں پر جوتے پہنے چلنا، وہاں فحش کلامی اور قہقہے لگانا وغیرہ اسی طرح کی دیگر بے حرمتیاں دیکھ کر اہلِ علم و فضل نے مزاراتِ اولیاء کو عام قبور سے ممتاز کرنے کی ضرورت محسوس کی تاکہ عوام کی نظر میں ہیبت و عظمت پیدا ہو اور وہ اولیاء کرام کی تحقیر و توہین سے باز رہیں۔ ظاہر بین ظاہری زینت سے متاثر ہوتے ہیں اسی لیے علماء نے قرآن کریم کو سونے وغیرہ سے مزین کرنا مستحسن سمجھا ہے۔ خانۂ کعبہ کے غلاف میں ایک بڑی حکمت

marfat.com
Marfat.com

یہی ہے۔ امام نابلسی رحمۃ اللہ علیہ، کشف النور میں فرماتے ہیں، ''اگر عوام کی نگاہ میں مزاراتِ اولیاء کی تعظیم پیدا کرنی مقصود ہو تاکہ جس مزار پر چادر اور عمامہ رکھا دیکھیں اسے ولی کا مزار جان کر اس کی تحقیر سے باز رہیں اور غافل زائرین کے دلوں میں خشوع و ادب آئے جن کے دل زیارت کے وقت ادب کے لیے نرم نہیں ہوتے تو چادر ڈالنا جائز ہے کیونکہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے''۔

جب چادر موجود ہو اور وہ ہنوز پرانی یا خراب نہ ہوئی ہو کہ بدلنے کی حاجت ہو تو مزید چادر چڑھانا فضول ہے بلکہ جو دام اس میں صرف کریں، وہ اس ولی اللہ کی روح مبارک کو ایصال ثواب کے لیے محتاج کو دیں۔ (احکام شریعت ص ۷۱ ملخصاً)

اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا موقف یہی ہے کہ مزار پر صرف ایک چادر ہونی چاہیے جس سے عام مسلمان اور ولی اللہ کے مزار میں امتیاز ہو۔ مزار کے متولی کو چاہیے کہ زائد چادریں مزار سے اتار لے۔ وہ ان چادروں کو اس ولی اللہ سے عقیدت و محبت رکھنے والوں کو بطور تحفہ دے سکتا ہے اور ان کے ذریعے غریبوں کی حاجات بھی پوری کر سکتا ہے۔

بعض جگہ دیکھا گیا ہے کہ کسی بزرگ کے مزار پر چادر چڑھانے کے لیے کچھ لوگ جلوس کی صورت میں نکلتے ہیں، وہ چادر لے کر ڈھول باجے کے ساتھ ناچتے کودتے اور چندہ مانگتے جاتے ہیں، یہ ناجائز ہے۔ علماء و مشائخ کو چاہیے کہ وہ ایسی بُری رسوم سے عوام کو منع کریں اور عوام کو بھی چاہیے کہ ایسے ناجائز کاموں سے بچیں۔

### 5- مزار پر پھول ڈالنا :

ہر مومن کی قبر پر پھول ڈالنا جائز و مستحب ہے خواہ وہ پرہیزگار ہو یا گناہگار۔ ایک بار

marfat.com

Marfat.com

رسول کریم ﷺ دو قبروں کے پاس سے گزرے تو فرمایا، ان دونوں قبر والوں پر عذاب ہو رہا ہے۔ ایک پیشاب کے چھینٹوں سے نہیں بچتا تھا اور دوسرا چغل خور تھا۔ پھر آپ نے کھجور کی سبز شاخ چیر کر دونوں قبروں پر گاڑ دی اور فرمایا، جب تک یہ تر رہیں گی، ان کے عذاب میں کمی رہے گی۔ (بخاری جلد اول کتاب الجنائز)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، اس حدیث سے ایک جماعت نے قبروں پر سبزہ، پھول اور خوشبو ڈالنے کے جواز پر دلیل قائم کی ہے۔ (اشعۃ) محدث علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ میں فرمایا، قبروں پر تر پھول ڈالنا سنت ہے۔ طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے، ہمارے بعض متاخرین اصحاب نے اس حدیث کی رو سے فتوی دیا کہ خوشبو اور پھول قبروں پر ڈالنا سنت ہے۔

علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

"عذاب میں کمی کی وجہ ان کا خشک نہ ہونا ہے یعنی انکی تسبیح کی برکت سے عذاب میں کمی ہوئی کیونکہ تر شاخ میں ایک طرح کی زندگی ہے اسلیے تر شاخ کی تسبیح خشک شاخ کی تسبیح سے زیادہ کامل ہے"۔ (شامی جلد اول باب زیارۃ القبور)

صحابئ رسول ﷺ حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے وصیت فرمائی تھی کہ وصال کے بعد ان کی قبر پر دو شاخیں گاڑ دی جائیں۔ (صحیح بخاری جلد اول کتاب الجنائز)

بعض جہلاء کا یہ اعتراض بالکل لغو ہے کہ پھول وغیرہ فاسقوں کی قبروں پر ڈالنے چاہئیں نہ کہ اولیاء کے مزارات پر کیونکہ ان پر عذاب نہیں ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ جو اعمال گناہگاروں کے لیے عذاب میں کمی کا باعث ہیں وہ نیکوں کے لیے درجات کی بلندی کا ذریعہ ہیں۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی وصیت سے معلوم ہوا کہ

marfat.com
Marfat.com

یہ صرف گناہگاروں کے لیے نہیں ہے بلکہ صالحین کے لیے بھی ہے۔ مزارات پر پھول اس لیے ڈالے جاتے ہیں کہ ان میں خوشبو بھی ہے اور وہ جب تک تر رہیں گے ان کی تسبیح رحمتِ الٰہی کے نزول کا سبب ہو گی۔ اسی لیے فقہاء کرام نے فرمایا،

"قبروں پر پھول اور خوشبو رکھنا اچھا ہے"۔ (عالمگیری باب زیارۃ القبور)

## 6-مزار پر چراغ جلانا:

عام مسلمانوں کی قبروں پر بلا ضرورت چراغ جلانا جائز نہیں۔ ضرورت کی تفصیل یہ ہے کہ قبر راستہ پر ہو یا وہاں کوئی بیٹھا ہو یا قبر کے قریب مسجد ہو۔ اگر ان میں سے کوئی ضرورت نہ بھی ہو پھر بھی اولیاء کے مزارات پر ان کی عظمت کے اظہار کے لیے چراغ جلانا جائز ہے۔ مزار پر چراغ جلانے سے مزار میں روشنی نہیں ہوتی کیونکہ ولی اللہ کے مزار میں روشنی تو اس نور کی ہے جو اطاعتِ مصطفیٰ ﷺ کا ہے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ چراغ جلانے کے جواز میں امام نابلسی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے فرماتے ہیں،

"اگر وہاں مسجد ہے یا تلاوت یا ذکر الٰہی کرنے والے ہیں یا قبر راستے پر ہے یا یہ نیت ہو کہ گزرنے والے دیکھیں تو سلام و ایصال ثواب سے خود بھی نفع پائیں اور میت کو بھی فائدہ پہنچائیں، یا وہ کسی عالمِ باعمل یا ولی کا مزار ہے اور اس ولی کی تعظیم کے لیے روشنی کی تاکہ لوگ جانیں کہ یہ ولی اللہ کا مزار ہے اور وہاں دعا مانگیں تاکہ ان کی دعا قبول ہو تو یہ جائز ہے"۔ (احکامِ شریعت ص ۷۰، ملخصاً)

علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اولیاء اور صالحین کی قبروں کے پاس قندیلیں اور موم بتیاں جلانا ان کی عظمت کے لیے جائز ہے کیونکہ اسکا مقصد صحیح

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ نیز اولیاء اللہ کے لیے تیل اور موم بتی کی نذر ماننا تاکہ ان کی تعظیم اور محبت کے اظہار کے لیے ان کی قبروں کے پاس روشنی کی جائے، جائز ہے۔ اس سے نہ روکا جائے"۔ (تفسیر روح البیان، سورہ توبہ زیرِ آیت ۱۸)

علامہ نابلسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "بیت المقدس ایک مقدس مسجد ہے۔ اس میں چراغ جلانا اس کی تعظیم ہے اسی طرح صالحین اور اولیاء کرام کے مزارات ہیں"۔ (کشف النور ص ۲۵)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اولیاء کرام اور صالحین کے مزارات کے پاس چراغ اور قندیلیں روشن کرنا، اولیاء کی تعظیم و تکریم میں داخل ہے"۔ (اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ کتاب الصلوٰۃ)

حدیث شریف میں جو ممانعت آئی ہے وہ اسراف کے باعث ہے یعنی اگر کوئی ضرورت نہ ہو جیسا کہ اوپر "احکامِ شریعت" کی عبارت نقل کی گئی، اور بلا ضرورت چراغ یا موم بتی جلائی جائے تو ناجائز ہے۔ اسی طرح مزارات پر بجلی کی روشنیوں کا مناسب انتظام ہونے کے باوجود چراغ یا موم بتیاں جلانا بھی اسراف و ناجائز ہے۔

اکثر لوگ شبِ برات وغیرہ میں اپنے عزیز و اقارب کی قبروں پر چراغ یا اگربتیاں جلاتے ہیں۔ اگر مذکورہ اغراض میں سے کوئی صحیح غرض ہو تب بھی عین قبر پر چراغ وغیرہ جلانا منع و ناجائز ہے البتہ قبر سے ذرا ہٹ کر جلانا جائز ہے۔

اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اگربتی، لوبان وغیرہ قبر کے اوپر رکھ کر ہرگز نہ جلائیں کہ اس میں سوئے ادب اور بد فالی ہے ہاں قبر کے قریب خالی زمین پر سلگائیں کہ خوشبو محبوب ہے"۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴ ص ۱۸۵)

marfat.com
Marfat.com

"اگربتی وغیرہ سلگانا اسی صورت میں جائز ہے جبکہ وہاں کوئی ذاکر یا زائر ہو، اگر صرف قبر کے لیے جلا کر چلا آئے تو منع ہے کہ اسراف ہے"۔ (ایضاً، ص ۱۴۱)

7- سجدہ تعظیمی اور مزار کا بوسہ:

اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے سجدہ تعظیمی کی حرمت کے متعلق آیت قرآنی کے علاوہ چالیس احادیث اور ڈیڑھ سو فقہی حوالوں پر مشتمل ایک کتاب "الزبدۃ الزکیہ لتحریم سجود التحیۃ" تحریر فرمائی۔ آپ اس کے آغاز میں فرماتے ہیں،

"اے مسلمان! اے شریعتِ مصطفوی کے تابع فرمان! جان اور یقین جان کہ سجدہ مولیٰ تعالیٰ عزوجل کے سوا کسی کے لیے نہیں۔ اس کے سوا کسی کو سجدۂ عبادت تو یقیناً شرک وکفر ہے اور سجدۂ تعظیمی یقیناً حرام وگناہ کبیرہ ہے"۔

آپ ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں،

- مزار کا طوافِ تعظیمی ناجائز ہے کیونکہ طوافِ تعظیمی صرف خانۂ کعبہ کے لیے مخصوص ہے۔
- مزار کو بوسہ نہیں دینا چاہیے۔ بعض علماء نے اسے جائز کہا ہے مگر بچنا بہتر ہے اور اسی میں ادب زیادہ ہے۔
- آستانہ بوسی میں حرج نہیں اور آنکھوں سے لگانا بھی جائز کہ اس سے شرع شریف میں ممانعت نہ آئی۔
- ہاتھ باندھے الٹے پاؤں آنا ایک طرزِ ادب ہے اور جس ادب سے شرع نے منع نہ فرمایا اس میں حرج نہیں، ہاں اگر اپنی یا دوسروں کی ایذا کا اندیشہ ہو تو اس سے احتراز کیا جائے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴ ص ۸)

marfat.com
Marfat.com

علامہ نابلسی رحمۃ اللہ علیہ اس بارے میں فرماتے ہیں، "مزارات پر دونوں ہاتھ رکھنا اور اولیاء کرام کے مواضع سے برکت طلب کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ جامع الفتاویٰ میں ہے، "قبروں پر ہاتھ رکھنا نہ سنت ہے نہ مستحب، لیکن ہم اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتے"۔ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے، اگر مقصد خیر ہے تو یہ فعل بھی خیر ہوگا، دلوں کی باتیں اللہ تعالیٰ کے سپرد ہیں"۔ (کشف النور ص ۲۵)

مزارات پر حاضری کے وقت مذکورہ آداب کا خیال رکھنا بحد ضروری ہے۔ اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ یہی ہے کہ مزار کو نہ چومیں نیز اسکے سامنے رکوع کریں نہ سجدہ۔ بلکہ ادب کا تقاضا یہی ہے کہ مؤدب کھڑے رہیں۔

## 8- عورتوں کا قبور پر جانا :

"عورتوں کے لیے بعض علماء نے زیارت قبور کو جائز بتایا ہے، دُرِّ مختار میں یہی قول ہے مگر عزیزوں کی قبر پر جائیں گی تو روناپیٹنا کریں گی لہٰذا ممنوع ہے اور صالحین کی قبور پر برکت کے لیے جائیں تو بوڑھی عورتوں کے لیے حرج نہیں اور دوسروں کے لیے ممنوع ہے۔ (ردُّالمحتار) اور سلامتی اسی میں ہے کہ عورتیں مطلقاً منع کی جائیں"۔ (بہار شریعت حصہ ۴ ص ۱۳۲ حوالہ فتاویٰ رضویہ)

اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

"جب صحابہ و تابعین کرام کے خیر و برکت والے زمانوں میں عورتیں مسجدوں میں جانے اور نماز باجماعت میں شریک ہونے سے منع کر دی گئیں حالانکہ دینِ اسلام میں دونوں کی شدید تاکید ہے تو کیا اس برائیوں کے زمانے میں فیوض و برکات کے حصول کے حیلے سے عورتوں کو قبروں کی زیارت کی اجازت دی جائے گی جس کی

marfat.com
Marfat.com

شریعت میں کوئی تاکید نہیں؟؟ .......... پھر آپ عمدۃ القاری شرح بخاری کے حوالے سے فرماتے ہیں، "عورتوں کے نکلنے میں فتنہ کا اندیشہ ہے اور یہ نکلنا ایک حرام کا سبب ہے اور جو کام حرام تک پہنچانے والا ہو وہ حرام ہی ہے"۔

(جمل النور فی نہی النساء عن زیارۃ القبور)

## 9-مزار پر کھانا کھلانا:

مزارات پر عام دنوں میں بھی اور خصوصاً عرس کے دنوں میں زائرین کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔ اسکی حقیقت یہ ہے کہ راہِ خدا میں مال خرچ کیا جائے اور زائرین کو کھانا کھلایا جائے اور اس مال خرچ کرنے کا ثواب صاحبِ مزار کی روح کو پہنچایا جائے، اسے نذر بھی کہا جاتا ہے۔

نذر کی دو قسمیں ہیں۔ نذرِ حقیقی تو صرف اللہ تعالیٰ ہی کے لیے مخصوص ہے جبکہ نذر مجازی یہ ہے کہ کوئی شے بطور ہدیہ و نذرانہ کسی ولی کے ایصالِ ثواب کے لیے اسکے مزار پر صدقہ کی جائے اور اس سے اللہ تعالیٰ کی رضا مقصود ہو۔ مثلاً کوئی یہ کہے کہ میرا فلاں کام ہو گیا تو داتا دربار پر کھانا تقسیم کروں گا یا گیارھویں شریف کروں گا۔ اس کا مقصد ان بزرگ کو ایصالِ ثواب کرنا ہوتا ہے اور یہ بلا شبہ جائز ہے۔

☆ ایصالِ ثواب سے متعلق ایک صحابی نے حضور اکرم نور مجسم ﷺ سے سوال کیا، یارسول اللہ ﷺ! میری والدہ کا اچانک انتقال ہو گیا۔ اگر میں کچھ صدقہ خیرات کروں تو کیا انہیں ثواب ملے گا؟ فرمایا، ہاں! تمہارے صدقہ خیرات کا انہیں ثواب پہنچے گا۔ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ باب صدقۃ المرأۃ)

راہِ خدا میں خرچ کرنے کی فضیلت پر بے شمار احادیث وارد ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

☆ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے، "اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، اے ابنِ آدم! تو میری راہ میں خرچ کر، میں تجھے اور عطا کروں گا"۔ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ باب الانفاق)

☆ آقا و مولیٰ ﷺ نے فرمایا، "بے حساب خرچ کرو، اللہ تعالیٰ تمہیں بے حساب عطا فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے سے گریز نہ کرو، ورنہ اللہ تعالیٰ تمہیں دینے سے گریز کرے گا لہٰذا جہاں تک ممکن ہو خیرات کرو"۔ (ایضاً)

کھانا کھلانے کی فضیلت پر یہ احادیث بھی ملاحظہ فرمائیں۔

☆ نورِ مجسم ﷺ نے فرمایا، "رحمٰن کی عبادت کرو، لوگوں کو کھانا کھلاؤ، سلام کو پھیلاؤ اور سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ"۔ (مشکوٰۃ باب فضل الصدقۃ)

☆ آقا کریم ﷺ کا ارشاد ہے، "جس نے اپنے بھوکے مسلمان بھائی کو کھانا کھلایا، اللہ تعالیٰ اسے جنت کے پھل کھلائے گا"۔ (ایضاً بحوالہ ابوداؤد، ترمذی)

☆ رحمتِ عالم ﷺ نے فرمایا، "سلام کو پھیلاؤ، لوگوں کو کھانا کھلاؤ، صلہ رحمی کرو اور رات کو تہجد پڑھو اور سلامتی کے ساتھ جنت میں چلے جاؤ"۔ (ایضاً)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

"اس نذر کی حقیقت یہ ہے کہ کھانے اور مال خرچ کرنے کا ثواب اس ولی کی روح کو پہنچایا جائے اور یہ مسنون ہے اور صحیح احادیث سے ثابت ہے جیسا کہ اُمّ سعد کا حال بخاری و مسلم میں مذکور ہوا۔ مقصد یہ ہے کہ نذر کا ثواب کسی ولی کی روح کو پہنچایا جائے اور طعام و مال کا مصرف اس ولی کے عزیز و اقارب، اس کے خدام اور متوسلین ہیں"۔ (فتاویٰ عزیزی ج ۱ ص ۱۲۱)

اس بات کا با آسانی مشاہدہ کیا جا سکتا ہے کہ جو لوگ نان شبینہ کو محتاج ہوں اور وہ جو

marfat.com
Marfat.com

مسافر ہوں، بزرگوں کے مزارات پر حاضری کے بہانے اپنا پیٹ بھر لیتے ہیں۔ ایک ایسا شخص جو سخت بھوکا ہو اور مزار شریف پر نذرونیاز کے سبب اسے اگر ایک وقت کا کھانا مل جائے تو کیا یہ اس کے لیے نعمت نہیں؟ پھر اس بھوکے کے دل سے جو دعا نکلتی ہو گی وہ اس شخص کے لیے کتنی مؤثر ہو گی جس نے مزار شریف پر نذر و نیاز کا اہتمام کیا۔

## 10-اعراسِ اولیاء کرام :

عرس کے لغوی معنی شادی کے ہیں اور مشائخِ طریقت کی اصطلاح میں اولیاء کاملین اور بزرگانِ دین کے یومِ وصال کو عرس کا دن کہتے ہیں۔ عرس کا لفظ اس حدیث پاک سے ماخوذ ہے جس میں نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے، صالح مومن جب نکیرین کے سوالوں کے صحیح جواب دے دیتا ہے تو اس کی قبر کشادہ کر دی جاتی ہے اور اس کی قبر کو نور سے روشن کر دیا جاتا ہے پھر فرشتے اس سے کہتے ہیں،

نَمْ كَنَوْمَةِ الْعُرُوْسِ الَّذِيْ لاَ يُوْقِظُهٗ اِلاَّ اَحَبُّ اَهْلِهٖ اِلَيْهِ۔

"تو اس دلہن کی طرح سو جا جسے اس کا محبوب ہی جگاتا ہے"۔

(ترمذی، مشکوٰۃ باب اِثبات عذاب القبر)

چونکہ اس دن ان کو "عروس" کہا گیا (جو دولہا اور دلہن دونوں کے لیے بولا جاتا ہے) اس لیے ان کے وصال کے دن کو "عرس" کا دن کہا جاتا ہے۔ ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وصال کے بعد قبر میں آقا و مولیٰ ﷺ کا دیدار پُر انوار نصیب ہوتا ہے اس لیے محبوبِ حقیقی کے دیدار کے باعث وہ خوشی اور شادی کا دن قرار پاتا ہے اس نسبت سے بھی اسے عرس کا دن کہتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

عرس کی حقیقت یہ ہے کہ ہر سال وصال کے دن کسی ولی کے مزار کی زیارت کرنا اور قرآن کریم کی تلاوت اور صدقات کا ثواب اسے پہنچانا۔ نبی کریم ﷺ اور خلفائے راشدین کا ہر سال ایک معینہ تاریخ پر شہدائے احد کے مزارات پر جانا، انہیں سلام کرنا اور ان کے لیے دعا کرنا یہی عرس کی اصل ہے۔

(شرح الصدور ص ۱۹۳، جذب القلوب ص ۲۰۲)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

"بہت سے لوگ جمع ہوں اور قرآن کریم تلاوت کریں پھر شیرینی اور کھانے پر فاتحہ پڑھ کر حاضرین میں تقسیم کر دیں۔ یہ طریقہ حضور ﷺ اور خلفائے راشدین کے زمانے میں مروج نہ تھا لیکن اگر کوئی کرے تو کوئی حرج نہیں کہ زندوں سے مُردوں کو فائدہ حاصل ہوتا ہے"۔ (فتاویٰ عزیزیہ ص ۴۵)

عرس کا دن مقرر کرنے کی ایک حکمت یہ بھی ہے کہ اس سے لوگوں کو جمع ہونے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں،

"عرس کا دن اس لیے مقرر ہے کہ وہ ان کی وفات کو یاد دلاتا ہے ورنہ جس دن بھی یہ کام کیا جائے، اچھا ہے اور فلاح و نجات کا ذریعہ ہے"۔ (زبدۃ النصائح)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ "عرس" کے حوالے سے فرماتے ہیں۔

"جس دن اولیاء وصال فرما کر بارگاہِ قدس میں پہنچتے ہیں، اس دن میں تمام دنوں سے زیادہ خیر و برکت اور نورانیت کی امید ہے اور یہ متاخرین ہی کے بتائے ہوئے مستحسن اعمال میں سے ہے"۔ (ماثبت بالسنۃ)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

marfat.com
Marfat.com

"ایسا عرس جس میں عورتوں اور مردوں کا اختلاط نہ ہو، شرکیہ امور اور فسق وفجور کا ارتکاب نہ ہو، کھیل تماشے اور رقص وسرود و موسیقی نہ ہو، جائز و درست ہے کیونکہ محفلِ عرس کا مقصد تو ایصال ثواب، فاتحہ و قرآن خوانی ہے"۔

(موہب ارواح القدس لکشف حکم العرس ص ۵، ملخصاً)

عرس کے موقع پر بعض جگہ قوالی بھی ہوتی ہے۔ تحقیق یہ ہے کہ مروجہ قوالی ناجائز ہے۔ صوفیہ اور بزرگوں سے جو سماع منسوب کیا جاتا ہے وہ مروجہ سماع نہیں ہے۔

قوالی مندرجہ ذیل سات شرائط کے ساتھ جائز ہے۔

اول : قوالی کہنے والا باشرع ہو۔

دوم : شرکاء محفل غیر فاسق ہوں۔

سوم : ان میں کوئی نااہل نہ ہو۔

چہارم : وہاں کوئی لڑکا یا عورت نہ ہو۔

پنجم : اشعار خلافِ شرع نہ ہوں۔

ششم : قوال کی نیت اجرت لینے کی نہ ہو۔

ہفتم : لوگ لہو ولعب اور لذتِ نفس کی نیت سے جمع نہ ہوں۔

بعض لوگ یہ حدیث پیش کرتے ہیں کہ "میری قبر کو عید نہ بناؤ" اور وہ اس سے مزارات پر اجتماع کے ناجائز ہونے پر استدلال کرتے ہیں۔ اسکے جواب میں اکابرینِ دیوبند کے پیرو مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کا فتویٰ پیشِ خدمت ہے۔

وہ لکھتے ہیں، "اسکا صحیح معنی یہ ہے کہ قبر پر میلہ لگانا اور خوشیاں اور زینت و آراستگی و دھوم دھام کا اہتمام کرنا یہ ممنوع ہے اور یہ معنی قطعی نہیں کہ کسی قبر پر جمع ہونا منع

marfat.com

Marfat.com

ہے ورنہ روضہ اقدس کی زیارت کے واسطے مدینہ طیبہ قافلوں کا جانا بھی منع ہوتا"۔ (فیصلہ ہفت مسئلہ ص ۲۶)

صدرُ الشریعہ علامہ مولانا امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں، "اولیاء کرام کے مزاراتِ طیبہ پر سفر کر کے جانا جائز ہے۔ وہ اپنے زائر کو نفع پہنچاتے ہیں اور اگر وہاں کوئی برائی ہو مثلاً عورتوں سے اختلاط وغیرہ تو اس کی وجہ سے زیارت ترک نہ کی جائے کیونکہ ایسی باتوں سے نیک کام ترک نہیں کیا جاتا بلکہ اس برائی کو برا جانے اور ممکن ہو تو بری بات زائل کرے"۔ (بہارِ شریعت حصہ ۴ ص ۱۳۲، ردالمختار)

## دعوتِ فکر و عمل:

ہمارا موقف یہی ہے کہ مزارات پر یا ان کے قریب غیر شرعی امور مثلاً مرد وزن کا اختلاط، میلہ بھنگڑا، ڈھول باجے، کھیل تماشے، سجدے اور دیگر ناجائز کاموں کا ارتکاب سخت ناجائز ہے اور محکمہ اوقاف یا متولیان مزارات کی یہ شرعی ذمہ داری ہے کہ وہ مذکورہ غیر شرعی امور کو روکنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔

کافی عرصے سے اس بات کو محسوس کیا جارہا ہے کہ محکمہ اوقاف کے "ذمہ دار" افراد نہایت غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے مزارات پر غیر شرعی امور کی روک تھام سے بالکل غافل ہیں۔ اربابِ اقتدار کو چاہیے کہ وہ مزاراتِ مقدسہ کا نظم ونسق جید علمائے اہلسنت کے حوالے کریں تاکہ مزاراتِ اولیاء پر غیر شرعی امور کی مناسب روک تھام کی جا سکے۔

مزارات سے متعلق جن جائز امور کا ہم نے ذکر کیا آپ بتایئے کہ ان میں سے کون سی چیز ایسی ہے جو کسی دلیلِ شرعی سے منع ہو؟؟؟ باقی رہا اس لچر گفتگو کا معاملہ جو

marfat.com

Marfat.com

مزارات کے خلاف ہوتی ہے اور مزارات کو شرک و کفر اور بدعتوں کا منبع قرار دیا جاتا ہے، کیا یہ ناانصافی اور زیادتی نہیں کہ ایسے لوگ جاہل اور ان پڑھ عوام کو کچھ کرتا ہوا دیکھ کر ان بزرگانِ دین کے وارثوں سے جانے اور پوچھے بغیر محض عوام کے عمل پر فتویٰ دے دیتے ہیں اور خود ہی سے کوئی ناجائز فعل یا نظریہ علماء و مشائخ کی طرف منسوب کر دیتے ہیں۔ چاہیے تو یہ کہ ان بزرگانِ دین و اولیاء کرام کے مسلک و مشرب سے تعلق رکھنے والے علماء و مشائخ سے اس کی شرعی حیثیت معلوم کی جائے، صرف عوام کو دیکھ کر فتویٰ داغ دینا کہاں کا انصاف ہے!!!

وہ اکابر علماء و مشائخ کرام جن کا تعلق مشہور خانقاہوں اور بزرگانِ دین کے مزارات سے ہے، ان سے گذارش ہے کہ وہ صاحبانِ مزارات، اولیاء کرام کی تعلیمات کو اپنائیں اور ان سے راہنمائی حاصل کر کے اپنی اور اپنے گھر والوں کی آخرت سنواریں اور اپنے مریدین و معتقدین اور عوام الناس کے افکار و اعمال کی بھی اصلاح فرمائیں۔ "کلکم راعٍ وکلکم مسئول عن رعیتہٖ" کے تحت ہر کسی کے حلقۂ اثر میں غیر شرعی اعمال کا قلع قمع اس کی دینی ذمہ داری ہے۔

☆☆☆☆

marfat.com

Marfat.com

# باب دہم : اولیاء سے استعانت

## استعانت اور قرآن :

مزارات کے حوالے سے سب سے بڑا اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ "وہاں شرک ہوتا ہے۔ سورۃ فاتحہ میں ہے ،وایاک نستعین۔ ہم تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ اور وہاں صاحبِ مزار سے مدد مانگی جاتی ہے یا توسل کیا جاتا ہے لہٰذا شرک ہے"۔

توسل کے جواز کے متعلق قرآن و حدیث کی روشنی میں ہم پہلے ہی تفصیلی گفتگو کر چکے ہیں اب استعانت کے متعلق اختصار سے چند دلائل پیش کرتے ہیں۔ تفصیل جاننے کیلئے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا رسالہ "برکات الامداد لاھلِ الاستمداد" مطالعہ فرمائیں۔

استعانت کی دو قسمیں ہیں، حقیقی اور مجازی۔

استعانت حقیقی یہ ہے کہ کسی کو قادر بالذات ،مالک مستقل اور حقیقی مددگار سمجھ کر مدد مانگنا۔ یہ اللہ تعالیٰ ہی کی شان کے لائق ہے۔ اگر کسی مخلوق کے متعلق یہ عقیدہ ہو کہ وہ عطائے الٰہی کے بغیر خود اپنی ذات سے مدد کرنے کی قدرت رکھتا ہے تو یہ شرک ہوگا اور کوئی مسلمان بھی انبیاء کرام اور اولیائے عظام کے متعلق ایسا عقیدہ نہیں رکھتا۔

استعانت مجازی یہ ہے کہ کسی مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی مدد کا مظہر، حصول فیض کا ذریعہ اور حاجت روائی کا وسیلہ جان کر اس سے مدد مانگی جائے، یہ قطعاً حق ہے اور قرآن و حدیث سے ثابت ہے۔

☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حواریوں سے مدد مانگی۔ (ال عمران :۵۲)

marfat.com
Marfat.com

☆ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بھائی کو مددگار بنانے کی دعا کی جو قبول ہوئی۔ (طٰہٰ: ۳۶)
☆ مومنوں کو صبر اور نماز سے مدد مانگنے کا حکم دیا گیا۔ (البقرہ: ۱۵۳)
☆ حضرت ذوالقرنین نے بھی لوگوں سے مدد مانگی۔ (الکھف: ۹۵)
☆ حضرت سلیمان علیہ السلام نے تخت بلقیس لانے کیلئے مدد مانگی۔ (النمل: ۳۸)
☆ نیک کاموں میں مسلمانوں کو مددگار بننے کا حکم دیا گیا۔ (المائدہ: ۲)
☆ اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے دین کے لئے مدد طلب فرمائی۔ (محمد: ۷)

ان آیات سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں سے مدد مانگنا انبیاء کرام علیہم السلام اور صالحین کا طریقہ ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہوا، "اے غیب کی خبریں بتانے والے! اللہ تمہیں کافی ہے اور یہ جتنے مسلمان تمہارے پیرو ہوئے"۔ (الانفال: ۶۴)

دوسری جگہ فرمایا، "بیشک اللہ ان کا مددگار ہے اور جبریل اور نیک ایمان والے اور اسکے بعد فرشتے مدد پر ہیں"۔ (التحریم: ۴، کنزالایمان)

ایک اور فرمانِ عالیشان ہے، "بیشک تمہارے مددگار تو صرف اللہ تعالیٰ اور اسکا رسول اور وہ مسلمان ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور رکوع کرتے ہیں"۔ (المائدہ: ۵۵)

ان آیات کریمہ سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ بھی مددگار ہے، ملائکہ بھی اور اولیاء و صالحین بھی۔ فرق یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا مددگار مشکل کشا ہونا بالذات اور مخلوق سے بے نیاز و غنی ہو کر ہے اور اسکی صفات ازلی، ابدی، اور لامحدود و لامتناہی ہیں، جبکہ بندوں کا مددگار و مشکل کشا اور داتا ہونا اللہ تعالیٰ کی عطا سے ہے اور بندوں کی

marfat.com
Marfat.com

صفات حادث، فانی اور اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہیں۔

## اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ :

اہلسنت کے پیشوا جنہیں دیوبندی حضرات بھی اپنا مقتدا مانتے ہیں، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ایاک نستعین کی تفسیر میں فرماتے ہیں،

"یہ سمجھنا چاہئے کہ مخلوق سے ایسی استعانت حرام ہے جس میں مخلوق ہی پر اعتماد ہو اور اسے اللہ تعالیٰ کی امداد کا مظہر نہ جانے۔ اگر توجہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف ہو اور مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی امداد کا مظہر جانے اور اللہ تعالیٰ کی حکمت اور کارخانۂ اسباب پر نظر کرتے ہوئے اس سے ظاہری طور پر مدد مانگے تو یہ راہ معرفت سے دور نہیں اور یہ استعانت شریعت میں جائز ہے۔

اس قسم کی استعانت انبیاء کرام اور اولیاء عظام نے بھی مخلوق سے کی ہے اور درحقیقت یہ استعانت غیر اللہ سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ ہی سے استعانت ہے"۔

(تفسیر عزیزی جلد اول ص ۸)

اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اس بارے میں رقم طراز ہیں،

"اس استعانت ہی کو دیکھیے کہ جس معنی پر غیر خدا سے شرک ہے یعنی قادر بالذات و مالک مستقل جان کر مدد مانگنا، ان معنوں میں ہی اگر بیماری کے علاج میں طبیب یا دوا سے مدد طلب کرے یا فقیری کی حاجت میں امیر یا بادشاہ کے پاس جائے یا انصاف کرانے کو کسی کچہری میں مقدمہ لڑائے بلکہ کسی سے روزمرہ کے معمولی کاموں میں مدد لے جو یقیناً تمام منکرینِ استعانت روزانہ اپنی عورتوں، بچوں اور نوکروں سے کرتے کراتے رہتے ہیں مثلاً یہ کہنا کہ فلاں چیز اٹھا دے یا کھانا پکا دے، سب قطعی

marfat.com
Marfat.com

شرک ہے کہ جب یہ جانا کہ اس کام کے کردینے پر خود انہیں اپنی ذات سے بے عطائے الٰہی قدرت ہے تو صریح کفر و شرک میں کیا شبہ رہا؟ اور جس معنی پر ان سب سے استعانت شرک نہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی مدد کا مظہر، واسطہ، وسیلہ اور سبب جان کر تو انہی معنوں میں انبیاء کرام واولیاء عظام سے مدد مانگنا کیونکر شرک ہوگا؟

(برکات الامداد ص ۲۸)

اس مسئلے پر غیر مقلدوں کے پیشوا نواب وحید الزماں لکھتے ہیں،

"جو شخص یہ سمجھتا ہے کہ جمال گوٹہ اَز خود دَست لاتا ہے یا آگ اَز خود جلاتی ہے وہ مشرک ہے اور جو یہ جانتا ہے کہ جمال گوٹہ کا دست لانے کا سبب بننا اور آگ کا جلانا اللہ تعالیٰ کے حکم اور اُسکے اِذن وارادے سے ہے تو وہ توحید پرست ہے مشرک نہیں"۔ (ہدیۃ المھدی ص ۱۷)

## استعانت بعد از وصال :

قرآن و حدیث کے واضح دلائل سن کر منکرین جب لاجواب ہو جاتے ہیں تو یہ کہہ دیتے ہیں، "زندوں سے استعانت کے ہم بھی قائل ہیں مگر مُردوں سے استعانت شرک ہے"۔

اس لغو اعتراض کے جواب میں اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

"جو شرک ہے وہ جس کے ساتھ کیا جائے گا شرک ہوگا اور ایک کے لئے شرک نہیں تو وہ کسی کے لئے شرک نہیں ہو سکتا۔ کیا اللہ کے شریک مردے نہیں ہو سکتے، زندے ہو سکتے ہیں؟ دور کے نہیں ہو سکتے، پاس کے ہو سکتے ہیں؟ انبیاء نہیں ہو سکتے، حکیم ہو سکتے ہیں؟ انسان نہیں ہو سکتے، فرشتے ہو سکتے ہیں؟ حاشا للہ!

marfat.com
Marfat.com

اللہ عزوجل کا شریک کوئی نہیں ہو سکتا"۔(برکات الامداد، ص ۲۸)

غیر مقلدوں کے پیشوا نواب وحید الزماں لکھتے ہیں،

"عجیب ترین بات یہ ہے کہ ہمارے کچھ (غیر مقلد) بھائیوں نے اس مسئلہ میں زندوں اور مردوں کا فرق کیا ہے اور گمان کیا ہے کہ وہ امور جو بندوں کی قدرت میں ہیں،اُن امور میں زندوں سے مدد مانگنا شرک نہیں جبکہ مردوں سے مدد مانگنا شرک ہے حالانکہ یہ واضح طور پر غلط ہے کیونکہ غیر اللہ ہونے میں زندہ اور مردہ برابر ہیں"۔(ہدیۃ المہدی، ص ۱۸)

دیوبندی مکتبہ فکر کے پیشوا مولوی اشرف علی تھانوی نے بھی یہی عقیدہ تسلیم کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں، "جو استعانت و استمداد باعتقاد علم وقدرت مستقل ہو وہ شرک ہے اور جو باعتقاد علم وقدرت غیر مستقل ہو اور وہ علم وقدرت کسی دلیل سے ثابت ہو جائے تو جائز ہے خواہ جس سے مدد مانگی جائے وہ زندہ ہو یا مردہ"۔

(امداد الفتاویٰ ج ۴ ص ۹۹)

بعض منکرین یہ اعتراض بھی کرتے ہیں کہ لوگ وفات یافتہ انبیاء و صالحین سے ایسی چیزیں مانگتے ہیں جن کی قدرت اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں،اس لئے یہ استعانت شرک ہے۔

مکہ مکرمہ کے جلیل القدر عالم ڈاکٹر سید محمد علوی مالکی مدظلہ العالی نے اس اعتراض کا جواب دیا ہے۔وہ فرماتے ہیں،

"مسلمانوں کے مسلک پر بدگمانی اور کج فہمی کے سوا اس بات کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔انبیاء و صالحین کو مسلمان وسیلہ و سبب مانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے جو مراد مانگی

marfat.com
Marfat.com

جارہی ہے یہ اسے پوری کرنے میں سبب بن جائیں، انکی دعاو شفاعت اور توجہ کے سبب اللہ تعالیٰ مراد پوری فرمادے۔ اور یہ صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ ایک نابینا صحابی نے بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر آپ کو وسیلہ بنایا اور اللہ تعالیٰ سے طلب و استغاثہ میں آپ وسیلہ بنے۔ اللہ تعالیٰ کے اذن سے وہ مراد پوری بھی ہوئی اور نبی کریم ﷺ نے اس نابینا صحابی سے یہ نہیں فرمایا کہ تم نے مجھ سے یہ طلب و توسل کر کے شرک کیا ہے۔

اسی طرح دوسرے خوارق عادات کی طلب مثلاً لاعلاج مرض سے بغیر دوا کے شفایابی، بغیر بادل کے بارش برسانا، بصارت واپس کر دینا، انگلیوں سے پانی کا فوارہ جاری کرنا، تھوڑے سے کھانے کو زیادہ بنا دینا وغیرہ وغیرہ، یہ ساری چیزیں عادۃً انسانی قدرت سے باہر ہیں لیکن رسول کریم ﷺ سے یہ چیزیں مانگی گئیں اور آپ کے توسل و توسط سے صحابہ کرام کو یہ چیزیں ملیں۔ کبھی آپ نے یہ نہیں فرمایا، "تم نے مجھ سے ایسی چیزیں مانگی ہیں جن پر صرف اللہ قادر ہے اس لئے تم مشرک ہو گئے۔ تمہارے لیے تجدید اسلام ضروری ہے"۔

کیا آج کے علمبرداران توحید (معاذ اللہ) حضور ﷺ سے بھی زیادہ توحید کی حقیقت سے واقف ہیں؟ عالم تو درکنار کوئی جاہل مسلمان بھی کبھی ایسی بات نہیں سوچ سکتا"۔

(اصلاح فکر و اعتقاد، ص ۲۳۴)

استعانت، اولیاء کی کرامت:

جیسے نبی سے معجزہ ظاہر ہوتا ہے ایسے ہی ولی سے کرامت ظاہر ہوتی ہے۔ علامہ

marfat.com

Marfat.com

سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "وہ تمام امور جو انبیاء کرام سے بطور معجزہ صادر ہوتے ہیں ان کا اولیاء کرام سے بطور کرامت صادر ہونا جائز ہے۔اس کا انکار صرف جاہل ہی کرے گا"۔(الحاوی الفتاویٰ ج۲ص ۱۵۰)

علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں، "اہلِ بدعت اور بد مذہبوں کا کرامات کا انکار کرنا کچھ عجیب نہیں ہے کیونکہ انہوں نے نہ تو اپنی کرامات دیکھی ہیں اور نہ ہی اپنے بڑوں کی"۔(شرح مقاصد،ج ۲ص ۲۰۴)

اہلسنت و جماعت کے پیشوا شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اہلسنت کے عقیدہ کی بہترین ترجمانی فرمائی ہے،وہ فرماتے ہیں،

"حجتہ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان ہے کہ جس کی زندگی میں اس سے مدد مانگی جاتی ہے اس سے بعد وفات بھی مدد مانگی جائے گی۔ایک عظیم بزرگ نے فرمایا، "میں نے چار مشائخ کو اپنی قبروں میں اس طرح تصرف کرتے ہوئے دیکھا جس طرح وہ اپنی زندگی میں تصرف کیا کرتے تھے یا اس سے بھی زیادہ۔وہ مشائخ شیخ معروف کرخی، سید عبدالقادر جیلانی، شیخ عقیل منجی اور شیخ حیات بن قیس حرانی ہیں(رحمہم اللہ تعالیٰ)"۔

اسکا یہ مطلب نہیں کہ صرف یہی چار بزرگ اپنی قبروں میں تصرف کرتے ہیں بلکہ جو کچھ انہوں نے دیکھا وہی بیان کر دیا۔

(آخر الذکر دو نام بہجۃ الاسرار میں مذکور ہیں)

سیدی احمد بن مرزوق رحمۃ اللہ علیہ جو دیارِ مغرب کے اکابر فقہاء علماء و مشائخ میں سے ہیں، فرماتے ہیں، ایک دن شیخ ابو العباس حضرمی رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ سے دریافت کیا،

marfat.com
Marfat.com

کہ زندہ کی امداد قوی ہے یا مردہ کی؟ میں نے کہا کچھ لوگ کہتے ہیں کہ زندہ کی امداد زیادہ قوی ہے مگر میں یہ کہتا ہوں کہ وفات یافتہ کی مدد زیادہ قوی ہے۔ شیخ نے فرمایا، "ہاں اس لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسکے پاس ہے"۔

اس بارے میں صوفیہ کرام سے اس قدر روایات منقول ہیں کہ شمار سے باہر ہیں پھر کتاب و سنت اور اقوال صالحین میں ایسی کوئی چیز نہیں جو اس عقیدہ کے منافی اور مخالف ہو۔

آیات و احادیث سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ روح باقی یعنی زندہ ہے اور اسے زائرین اور انکے حالات کا علم اور شعور ہوتا ہے۔ کاملین کی روحوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب اسی طرح ثابت ہے جس طرح زندگی میں تھا بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ اولیاء کرام کی کرامات برحق ہیں اور انہیں کائنات میں تصرف کی قوت و طاقت حاصل ہے۔ یہ سب کچھ انکی ارواح کرتی ہیں اور وہ باقی ہیں۔

حقیقی تصرف کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے اور سب کچھ اس کی قدرت کا کرشمہ ہے۔ اولیاء کرام اپنی زندگی میں اور وصال کے بعد بھی حق تعالیٰ کے جلال میں فانی و مستغرق ہیں"۔

(اشعۃ اللمعات باب زیارۃ القبور ج ۱ ص ۷۱۵)

☆☆☆☆

marfat.com
Marfat.com

# باب یازدہم : تصرفاتِ اولیاء

## تصرفاتِ اولیاء، قرآن کی روشنی میں :

مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے سورۃ النزعٰت کی ابتدائی آیات کے تحت تفسیر بیضاوی کے حوالے سے ایک مفہوم یہ بیان فرمایا ہے کہ "ان آیات کریمہ میں اللہ تعالیٰ، اولیاء کرام کی ارواح کا ذکر فرماتا ہے جب وہ اپنے مبارک جسموں سے انتقال فرماتی ہیں تو جسم سے جدا ہو کر عالم بالا کی طرف پرواز کرتی ہیں اور دریائے ملکوت میں غوطہ زنی کرتی ہوئی بارگاہ قدس کے مخصوص مقامات (حظائر القدس) تک جلد رسائی پاتی ہیں اور پھر وہ اپنی بزرگی و عظمت اور روحانی طاقت کے باعث کاروبار عالم کی تدبیر کرنے والوں میں سے ہو جاتی ہیں"۔
(الامن والعلیٰ، ص ۸۵)

اس آیت کی یہی تفسیر علامہ محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی بیان کی ہے اور یہ بھی فرمایا ہے، "اسی لیے کہا گیا ہے، جب تمہیں مشکلات پیش آئیں تو اولیاء اللہ کے مزارات پر جا کر مدد طلب کیا کرو یعنی اللہ تعالیٰ کے ان محبوب بندوں سے جو نفوس قدسیہ کے مالک ہیں اور وصال فرما گئے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جو شخص انکی زیارت کے لیے جاتا ہے انکی برکت سے اسے روحانی امداد حاصل ہوتی ہے اور بارگاہ الٰہی میں انکی حرمت و عزت کے وسیلے سے اکثر مشکلات و پیچیدگیاں دور ہو جاتی ہیں"۔ (تفسیر روح المعانی، پ ۳۰ ص ۲۴)

اس آیت کے تحت علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ، بعد وصال اولیاء کرام کا تصرف بڑھ جانے کے متعلق فرماتے ہیں،

marfat.com
Marfat.com

"بعض ولی ظاہری زندگی میں دیواروں پہاڑوں وغیرہ کے حجابات عبور کر کے حاجت مندوں کے پاس پہنچتے ہیں اور انکی مشکل کشائی و حاجت روائی کرتے ہیں اور یہ انکی کرامات سے ہے۔ ان کی روح کا یہ تصرف و اختیار اس خاکی بدن میں رہتے ہوئے ہے تو جب انکی روح اس جسم سے نکل جائے گی تو برزخ میں اسے تدبیر و تصرف کی یہ طاقت یقیناً حاصل رہے گی بلکہ اس سے بھی زیادہ ہوگی کیونکہ دنیاوی زندگی میں بدن (صفات الٰہی کا مظہر ہو جانے کے باوجود) کچھ نہ کچھ حجاب بنا رہتا ہے۔ کیا تم دیکھتے نہیں کہ بادل نہ ہوں تو سورج کی روشنی و حرارت کس قدر زیادہ ہوتی ہے لیکن معمولی بادل آجائے تو یہ حالت نہیں رہتی"۔ (تفسیر روح البیان، ج ۱۰ ص ۳۱۶)

ان جلیل القدر مفسرین کرام کے ارشادات سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اولیاء کرام کو بھی جسمانی و روحانی حیات عطا فرماتا ہے۔ انتقال کے بعد انکی صفات مثلاً علم وادراک، سمع وبصر مزید قوی ہو جاتی ہیں اور بعض مقربین تو کائنات میں تصرف و اختیار اور تدبیر کرنے والوں میں ہو جاتے ہیں۔

## تصرفاتِ اولیاء، حدیث کی روشنی میں :

اولیاء کرام کے تصرفات کی واضح دلیل یہ حدیث قدسی ہے جسے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح بخاری میں روایت کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، "جو میرے ولی سے عداوت رکھے، اسکے خلاف میرا اعلان جنگ ہے۔ میرے کسی بندے کا فرائض کے مقابلے میں دوسری عبادتوں کے ذریعے میرا قرب حاصل کرنا مجھے پسند نہیں۔ میرا بندہ نفلی عبادات کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے یہانتک کہ میں اسے اپنا محبوب بنا لیتا ہوں۔ جب

marfat.com
Marfat.com

میں اسے اپنا محبوب بنالیتا ہوں تو اسکے کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے، اور اسکی آنکھیں ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے، اور اسکے ہاتھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے، اور اسکے پاؤں ہو جاتا ہوں جس وہ چلتا ہے، اور اگر وہ مجھ سے کچھ مانگے تو اسکو ضرور عطا کرتا ہوں، اور اگر وہ میری پناہ مانگے تو اسے ضرور پناہ دیتا ہوں"۔
(صحیح بخاری، مشکوٰۃ باب ذکر اللہ والتقرب الیہ)

اس حدیث قدسی کی شرح میں امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔"جب اللہ کا نور جلال بندے کی سماعت بن جاتا ہے تو وہ بندہ دور و نزدیک سے یکساں سنتا ہے اور جب وہ نور اسکی بصارت ہو جاتا ہے تو بندہ دور و نزدیک سے یکساں دیکھتا ہے اور جب وہ نور جلال بندے کا ہاتھ بن جاتا ہے تو اسے مشکل وآسان اور دور و نزدیک ہر جگہ تصرف کی قدرت حاصل ہو جاتی ہے"۔(تفسیر کبیر، ج ۵ ص ۲۶۷)

اس حدیث پاک کا یہی مفہوم شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح فتوح الغیب میں، محدث علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں اور علامہ محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر روح المعانی جلد اول صفحہ ۱۱۴ پر بیان فرمایا ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ اکابرینِ دیوبند کے پیر و مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نے بھی ضیاء القلوب صفحہ ۳۰ پر یہی مفہوم تحریر کیا ہے۔

حضرت آصف بن برخیا کا پلک جھپکنے سے قبل تختِ بلقیس کو صنعاء (یمن) سے بیت المقدس میں حضرت سلیمان کے دربار میں حاضر کر دینا گویا اسی حدیث قدسی کی عملی شرح ہے۔(دیکھئے سورۃ النمل آیت ۴۰)

ابن قیم لکھتے ہیں، "یہ جاننا نہایت ضروری ہے کہ مختلف صفات کے اعتبار سے

marfat.com
Marfat.com

روحیں بھی مختلف ہیں۔ عظیم وکبیر روح میں جو طاقت ہوتی ہے وہ اس سے کم مرتبہ والی روح میں نہیں ہوتی، تم دنیا میں بھی روحوں کے احکام واحوال میں بہت بڑا فرق دیکھتے ہو۔ انکی کیفیات وقویٰ میں، انکی تیزی وسستی میں اور انکی امداد واعانت میں کتنا بڑا فرق محسوس کرتے ہو۔ وہ روح جو جسم کی قید سے آزاد ہو جائے اسے وہ تصرف وقوت، ہمت وحوصلہ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے فوری توجہ اور تعلق حاصل ہوتا ہے جو جسم میں مقید روح کو حاصل نہیں ہو سکتا۔ پس روح جب بدن میں مقید ہے اور اسکی طاقت وتصرف کا یہ حال ہے (جو کہ مذکورہ حدیث قدسی میں بیان ہوا ہے) تو اس وقت کے حال کا اندازہ کرو جب وہ قید وبند سے آزاد ہو جائے گی اور اس میں اسکی ساری قوتیں جمع ہو جائیں گی اور وہ روح اپنی اصل فطرت میں بلند ہمت ہو تو اس روح کی نرالی ہی شان ہو گی"۔ (کتاب الروح، ص ۱۸۱)

اس تمام گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندوں کو دنیا کی زندگی میں بھی طاقت وقدرت اور تصرف واختیار عطا فرمایا ہے اور جسم وروح کا تعلق جدا ہونے یعنی وصال کے بعد ان نفوس قدسیہ کی صفات ترقی پا کر مزید اعلیٰ درجہ پا لیتی ہیں اور اولیاء کرام کو مزید تصرف واختیار حاصل ہو جاتا ہے۔

## اکابر اولیاء کے تصرفات :

### 1- حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا تصرف :

سب سے پہلی گواہی منکرین کے گھر سے ملاحظہ فرمائیے، دیوبندی اور غیر مقلد حضرات کے پیشوا مولوی اسماعیل دہلوی لکھتے ہیں :۔

"حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے لیے شیخین (یعنی حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما) پر

marfat.com

Marfat.com

بھی ایک گونہ فضیلت ثابت ہے اور وہ فضیلت آپکے فرمانبرداروں کا زیادہ ہونا اور مقام ولایت بلکہ قطبیت اور غوثیت اور ابدالیت اور ان ہی جیسے باقی خدمات آپ کے زمانہ سے لیکر دنیا کے ختم ہونے تک آپ ہی کی وساطت سے ہوتا ہے اور بادشاہوں کی بادشاہت اور امیروں کی امارت میں آپ کو وہ دخل ہے جو عالمِ ملکوت کی سیر کرنے والوں پر مخفی نہیں"۔

(صراط مستقیم، ص ۹۸، مطبوعہ سعید اینڈ سنز مترجم حبیب الرحمٰن دیوبندی)

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ وصال کے بعد بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کا تصرف ساری دنیا میں جاری ہے اور قیامت تک جاری رہے گا۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ ہی کی وساطت سے ولایت کے تمام مراتب تقسیم کیے جاتے ہیں صرف یہی نہیں بلکہ بادشاہوں کی بادشاہت اور امیروں کی امارت میں بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے تصرفات کو بڑا دخل ہے۔

## 2-حیدرِ کرار و غوثِ اعظم رضی اللہ عنہما کا تصرف :

اہلسنت کے پیشوا جنہیں غیر مقلد اور دیوبندی بھی اپنا مقتدا جانتے ہیں، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

"آج اگر کسی شخص کو کسی خاص روح سے مناسبت پیدا ہو جائے اور وہ اکثر اوقات اس سے فیضان حاصل کرے تو در حقیقت وہ فیضان حاصل کرتا ہے اس بزرگ کے ذریعے نبی کریم ﷺ سے یا حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے یا حضرت غوث اعظم جیلانی رضی اللہ عنہ سے ،بس یہی مناسبت تمام ارواح میں ہے"۔

(حیات الموات ص ۱۵۵ بحوالہ ہمعات)

marfat.com
Marfat.com

اس اقتباس سے معلوم ہوا کہ اولیاء کرام کی ارواح سے فیض ملتا ہے اور ہر ولی کا فیض دراصل نبی کریم ﷺ یا حضرت علی کرم اللہ وجہہ یا حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے روحانی تصرفات کا نتیجہ ہے۔

3-حضرت علی رضی اللہ عنہ کا تصرف :

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

"اس فقیر نے شیخ ابو طاہر کردی سے خرقہ ولایت پہنا اور انہوں نے جواہر خمسہ کے اعمال کی اجازت دی۔ اسی جواہر خمسہ میں ہے کہ یہ دعا پانچ سو بار پڑھے، "حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پکار کہ وہ عجائبات کے مظہر ہیں، تو انہیں مصیبتوں میں اپنا مددگار پائے گا۔ ہر پریشانی اور غم، یا نبی ﷺ! آپ کی نبوت اور یا علی رضی اللہ عنہ آپ کی ولایت کے صدقے میں فوراً دور ہو جاتا ہے۔ یا علی یا علی یا علی"۔

(الانتباہ فی سلاسل اولیاء ص ۱۵۷؛ جواہر خمسہ ص ۴۵۳)

اس سے معلوم ہوا کہ ہر مشکل و پریشانی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ مددگار و مشکل کشا ہیں اس لیے انہیں پکارنا چاہیے۔ اگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مشکل کشا سمجھنا اور "یا علی" پکارنا شرک ہو تو پھر شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور انکے مشائخ سب مشرک قرار پائیں گے (معاذ اللہ)۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی انہی تعلیمات کی بناء پر عوام اہلسنت میں یہ عمل رائج ہو گیا ہے کہ نعرۂ ہائے تکبیر و رسالت کے بعد "نعرۂ حیدری...... یا علی" اور "نعرۂ غوثیہ...... یا غوثِ اعظم" لگایا جاتا ہے اسے شرک کہنے والوں کے مسلمہ پیشوا تھانوی صاحب نے بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مشکل کشا ہونا تسلیم کیا ہے۔ لکھتے ہیں،

marfat.com

Marfat.com

کھولدے دل میں در علم حقیقت میرے اب
ہادیٔ عالم علی مشکل کشا کے واسطے
(شجرہ چشتیہ صابریہ امدادیہ، مطبوعہ دیوبند ص ۲)

## 4- غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا تصرف:

قطب الاقطاب غوث الاعظم سیدنا عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "مجھے ایک کاغذ دیا گیا جو حدِ نگاہ تک بڑا تھا۔ اس میں میرے اصحاب اور قیامت تک آنے والے مریدوں کے نام لکھے تھے اور مجھ سے فرمایا گیا، "یہ سب ہم نے تمہیں دے ڈالے"۔ میرا ہاتھ میرے مرید پر ایسا ہے جیسے زمین پر آسمان، اور اگر میرا مرید عمدہ نہیں تو میں تو عمدہ ہوں"۔ (بہجۃ الاسرار، ص ۲۸۸)

"جو شخص مجھے مصیبت و تکلیف میں پکارے گا، اسکی مصیبت و تکلیف دور ہو گی اور جو کسی حاجت میں بارگاہ الٰہی میں میرا وسیلہ پیش کرے گا تو اسکی حاجت پوری ہو گی"۔ (ایضاً : ۲۹۵) "میں اپنے دوستوں اور مریدوں کا قیامت تک کفیل ہوں، جس کی سواری لڑکھڑا جائے، اسکا ہاتھ تھام لیتا ہوں"۔ (ایضاً : ۲۹۳)

سرکار غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ان ارشاداتِ عالیہ سے معلوم ہوا کہ وہ اپنے مریدوں کے احوال پر تصرف کرتے ہیں۔ نیز انکے وسیلے سے اللہ تعالیٰ مشکل کشائی اور حاجت روائی فرماتا ہے۔

## 5- خواجہ قطب الدین کا تصرف:

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد کے احوال میں لکھتے ہیں کہ انہوں فرمایا، "جب میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کی

marfat.com
Marfat.com

زیارت کے لیے گیا تو انکی روح ظاہر ہوئی اور فرمایا، تمہارے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا اسکا نام قطب الدین احمد رکھنا چونکہ میری بیوی بوڑھی ہو چکی تھیں اس لیے میں نے سوچا شاید اس سے مراد پوتا ہے۔ وہ اس خیال سے آگاہ ہو گئے اور فرمایا، میری مراد پوتا نہیں بلکہ بیٹا ہے۔ ایک مدت بعد دوسری شادی کی تو شاہ ولی اللہ پیدا ہوئے۔ اسوقت یہ واقعہ یاد نہیں تھا۔ جب یاد آیا تو دوسرا نام قطب الدین احمد رکھا"۔
(انفاس العارفین ص ۷۹)

اس عبارت سے خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کا تصرف اور علمِ غیب معلوم ہوا کہ ان کی روح شاہ عبدالرحیم محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ پر ظاہر ہوئی اور بیٹا پیدا ہونے کی بشارت دی۔ پھر انکے دلی خیال پر مطلع ہو کر انکی تصحیح بھی فرمائی نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ اولیاء کے مزارات کی زیارت جائز اور صالحین کا طریقہ ہے۔

6- حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا تصرف:

دیوبندی مکتبہ فکر کے پیشوا سید احمد بریلوی کے بھانجے اور خلیفہ مجاز محمد علی لکھتے ہیں، "آدھی رات کے وقت ہم مقام سرف میں پہنچے جہاں ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا مزار ہے۔ اتفاق سے اس دن میں بالکل بھوکا تھا جب صبح آنکھ کھلی تو بالکل بے دَم ہو چکا تھا۔ صرف ایک روٹی حاصل کرنے کے لیے ہر کسی کے پاس گیا مگر کہیں سے نہ ملی۔ مجبوراً زیارت کے لیے مزار شریف پر گیا اور فقیروں کی طرح ندا کی، اے دادی محترمہ آپ کا مہمان ہوں، کھانے کے لیے کچھ عنایت فرمایئے اور مجھے اپنے لطف کرم سے محروم نہ فرمائیں۔ پھر میں نے سلام کیا سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص پڑھ کر انکی روح کو ایصال ثواب کیا۔ میں نے آپ کی قبر

marfat.com
Marfat.com

انور پر اپنا سر رکھا ہوا تھا کہ رزاق مطلق کی طرف سے اچانک تازہ انگور کے دو خوشے میرے ہاتھ میں آگئے۔ عجیب ترین بات یہ تھی کہ سردیوں کا موسم تھا اور کسی بھی جگہ اسوقت تازہ انگور دستیاب نہ تھے نہایت حیرت ہوئی۔ کچھ انگور وہیں کھائے اور باقی باہر آکر ساتھیوں میں تقسیم کر دیے۔ اور کچھ اشعار کہے جن کا ترجمہ یہ ہے۔

"اگرچہ حضرت مریم علیہا السلام نے سردی کے موسم میں خدا کے فضل سے جنتی میوہ پالیا مگر انکی یہ کرامت فقط انکی زندگی میں تھی۔ انکے وصال کے بعد کسی سے یہ کرامت منقول نہیں۔ حضور ﷺ کی زوجہ کے وصال کو کتنی صدیاں گزر چکی ہیں مگر دیکھو کہ اسکے باوجود میں نے انکی کرامت کو پایا، اور سو قسم کی نعمت کا سرمایہ حاصل کیا"۔ (مخزن احمدی ص ۹۹، مطبوعہ آگرہ)

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ حاجت روائی کے لیے مزار پر جانا، فاتحہ خوانی کرنا، مشکل دور کرنے کے لیے صاحبِ مزار کو پکارنا سب جائز ہے ،جب کہ انہی امور کی بنا پر یہ حضرات اہلسنت کو مشرک و بدعتی کہتے ہیں۔ نیز حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے مزار کی برکت سے بے موسم کا پھل ملنا یقیناً یہ صاحبِ مزار کے تصرف کی دلیل ہے۔

7- غوث اعظم و خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہما کا تصرف :

مولوی اسماعیل دہلوی اپنے پیر سید احمد کی شان میں لکھتے ہیں ،" جناب حضرت غوث الثقلین اور جناب حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند کی روح مقدس آپکے متوجہ حال ہوئیں اور قریباً عرصہ ایک ماہ تک آپکے حق میں ہر دو روح مقدس کے مابین فی الجملہ تنازع رہا کیونکہ ہر ایک ان دونوں عالی مقام اماموں میں سے اس

marfat.com

Marfat.com

امر کا تقاضا کرتا تھا کہ آپ کو بتمامہ اپنی طرف جذب کرے تاآنکہ تنازع کا زمانہ گزرنے اور شرکت پر صلح کے واقع ہونے کے بعد ایک دن ہر دو مقدس روحیں آپ پر جلوہ گر ہوئیں اور قریباً ایک پہر کے عرصہ تک وہ دونوں امام آپکے نفس نفیس پر توجہ قوی اور پر زور اثر ڈالتے رہے، پس اسی ایک پہر میں ہر دو طریقہ کی نسبت آپکو نصیب ہوئی"۔ (صراط مستقیم ص ۲۴۲، مترجم حبیب الرحمٰن دیوبندی)

8- خواجہ بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کا تصرف:

مزید لکھا ہے، ایک دن آپ حضرت خواجہ خواجگان خواجہ قطب الاقطاب بختیار کاکی قدس سرہ العزیز کی مرقد منور کی طرف تشریف لے گئے اور انکی مرقد مبارک پر مراقب ہو کر بیٹھ گئے۔ اس اثنا میں انکی روح پر فتوح سے آپکو ملاقات حاصل ہوئی اول آنجناب یعنی حضرت قطب الاقطاب نے آپ پر نہایت قوی توجہ کی کہ اس توجہ کے سبب سے ابتداء حصول نسبتِ چشتیہ کا ثابت ہو گیا"۔

(صراط مستقیم ص ۲۴۲، مترجم حبیب الرحمٰن دیوبندی)

ان واقعات سے معلوم ہوا کہ اولیاء کرام کو برزخ میں بھی علم غیب ہوتا ہے ان کی مقدس روحیں سارے جہان میں تصرف کرتی ہیں اور طالبوں پر توجہ کر کے فیض پہنچاتی ہیں نیز یہ بھی ثابت ہوا کہ مزاراتِ اولیاء پر حاضری دینا، ان سے فیوض و برکات طلب کرنا اور انکے مزارات پر مراقبہ کرنا یہ سب امور جائز ہیں۔ سب سے اہم بات جو اس عبارت میں غیر مقلدین اور دیوبندی مسلک کے مسلمہ امام نے تحریر کی، وہ ہے پیران پیر دستگیر قدس سرہ کو غوث الثقلین کہنا۔ غوث الثقلین کے معنی ہیں "جن وانس کے فریاد رس"۔ یعنی مولوی اسماعیل دہلوی نے بھی مان لیا کہ

marfat.com
Marfat.com

جب کوئی فریاد کرے تو حضرت غوث پاک اسکی فریاد کو پہنچ کر مدد فرماتے ہیں۔

9-امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کا تصرف :

شیخ علی بن ہیتی فرماتے ہیں، جب ہم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کے مزار پر گئے تو امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے اپنے مزار سے نکل کر آپ سے معانقہ کیا اور آپ کو خلعت عطا کر کے فرمایا، "اے عبدالقادر! لوگ علم شریعت و طریقت میں تیرے محتاج ہونگے"۔

10- حضرت معروف کرخی رضی اللہ عنہ کا تصرف :

پھر ہم حضرت معروف کرخی رضی اللہ عنہ کے مزار پر گئے۔ وہاں شیخ سیدنا عبدالقادر رضی اللہ عنہ نے فرمایا" آپ پر سلام ہو اے شیخ معروف! ہم آپ سے دو درجہ بڑھ گئے ہیں"۔ انہوں نے قبر میں سے جواب دیا، "اے اپنے زمانہ والوں کے سردار، تم پر بھی سلام ہو"۔ (قلائد الجواہر ص ۱۴۱)

اس اقتباس سے معلوم ہوا کہ اولیاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ اپنے مزارات میں زندہ ہیں۔ جب چاہیں مزار اقدس سے جسم کے ساتھ باہر تشریف لا سکتے ہیں اور چاہیں تو قبر ہی سے ایسے گفتگو فرمائیں کہ لوگ آواز سنیں۔ بارگاہِ الٰہی سے انہیں تصرف و اختیار حاصل ہوتا ہے۔

11- سید محمد شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ کا تصرف :

سید محمد شمس الدین حنفی شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق دیوبندی حضرات کے پیشوا اشرفعلی تھانوی لکھتے ہیں، "آپ ان بزرگوں میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے عالم وجود میں ظاہر فرما کر عالمِ تکوین میں تصرف عطا فرمایا۔ مغیبات سے گویا کیا،

marfat.com
Marfat.com

خرق عادات اور قلب ماہیات دیا"۔ (جمال اولیاء، ص ۱۵۸)

## 12- سید محمد شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ کا تصرف :

امام عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "آپ اپنے حجرہ میں وضو فرما رہے تھے کہ اچانک ایک جوتی ہوا میں پھینک دی جو غائب ہو گئی۔ دوسری اپنے خادم کو عطا فرمائی کہ اسے رکھ لو۔ ایک عرصہ بعد ملک شام سے ایک شخص وہ جوتی اور کثیر تحفے لے کر آیا اور عرض کی، اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔ جب چور میرے سینے پر قتل کے ارادے سے بیٹھا تو میں نے اپنے دل میں کہا، یا سیدی محمد حنفی! اس وقت یہ جوتی غیب سے آکر اسے لگی اور وہ غش کھا کر الٹا ہو گیا اور مجھے نجات ملی"۔ (طبقات الکبریٰ، ج ۲ ص ۹۴)

یہی بزرگ وصال سے قبل فرمانے لگے، "جسے کوئی حاجت ہو وہ میری قبر پر حاضر ہو کر مانگے میں اسکی حاجت پوری کروں گا۔ مجھ میں اور تم میں یہی ہاتھ بھر مٹی تو حائل ہو گی اور جس مرد کو اتنی سی مٹی اپنے اصحاب سے حجاب میں کر دے وہ مرد کس بات کا ہے؟"۔ (ایضاً)

اس سے یہ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اولیاء کرام کو علم غیب دیا ہے اور سارے جہان میں تصرف کی قدرت عطا فرمائی ہے۔ اسی لیے سیدی محمد حنفی شاذلی رحمۃ اللہ علیہ نے مصر میں وضو کرتے ہوئے ملک شام میں اپنے معتقد کو مصیبت میں گرفتار دیکھ لیا اور اسکی دل میں کی گئی فریاد پر مطلع ہو کر اسکی مدد فرمائی۔ آپ کے ارشاد گرامی سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اولیاء کاملین اپنے مزارات پر آنے والوں کی حاجت روائی فرماتے ہیں اور قبر کی مٹی انکے تصرفات کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔

marfat.com
Marfat.com

13- شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کا تصرف:

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، میرے والد نے فرمایا، میں اکبر آباد میں ایک جگہ سے گزر رہا تھا اور بڑے ذوق سے شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک رباعی پڑھ رہا تھا،

جز یاد دوست ہر چہ کنی عمر ضائع است جز سر عشق ہر چہ بخوانی بطالت است
سعدی بشوئے لوح دل از نقش غیر حق علمیکہ راہ حق نہ نماید جہالت است

"دوست کی یاد کے سوا جو کچھ کرے سب بیکار ہے، عشق کے اسرار کے سوا جو کچھ پڑھے بیکار ہے۔ سعدی! غیر حق کو دل کی تختی سے دھودے، جو علم اللہ تعالیٰ کا راستہ نہ دکھائے وہ جہالت ہے"۔

تین مصرعے پڑھے لیکن چوتھا مصرعہ ذہن سے نکل گیا۔ کوشش کے باوجود یاد نہ آیا تو دل میں بے چینی اور اضطراب پیدا ہوا۔ اچانک ایک نورانی صورت بزرگ ظاہر ہوئے اور چوتھا مصرعہ بتادیا۔ میں نے شکریہ ادا کیا کہ آپ نے مجھے پریشانی سے نجات دی اور پھر پان پیش کیا۔ انہوں نے مسکرا کر فرمایا، کیا یہ یاد دلانے کی اجرت ہے؟ عرض کی، نہیں یہ ہدیہ ہے۔ فرمایا، میں پان نہیں کھاتا۔ پھر فرمایا، مجھے جلدی جانا چاہیے۔ پھر قدم اٹھا کر راستے کے آخر میں رکھا تو میں سمجھ گیا کہ کوئی مجسم روح ہے۔ میں نے آواز دی، حضرت! اپنا نام تو بتادیجیے تاکہ فاتحہ پڑھ سکوں۔ فرمایا، فقیر کو شیخ سعدی کہتے ہیں۔ (انفاس العارفین ص ۸۰)

اس سے معلوم ہوا کہ اولیاء کرام کو وصال کے بعد بھی علمِ غیب حاصل ہے اور دنیا میں تصرف کرنے کی طاقت بھی۔ اسی لیے شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے مزار میں خبر

marfat.com
Marfat.com

ہو گئی کہ شاہ عبدالرحیم صاحب کو چوتھا مصرع یاد نہیں آرہا تو انہوں نے تشریف لا کر انہیں پریشانی اور الجھن سے نجات دلائی۔

## 14- خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کا تصرف :

اولیاء کرام کے بعد وصال تصرف فرمانے سے متعلق دیوبندی مکتبہ فکر کے پیشوا مولوی اشرف علی تھانوی کی کتاب سے یہ اقتباس ملاحظہ فرمائیں۔

"ہندوستان میں تو سلطنت چشتیوں کی حضرت (خواجہ غریب نواز) کی وجہ سے ہے۔ ایک انگریز نے ہندوستان سے انگلستان میں جا کر کہا تھا کہ ہندوستان کے تمام سفر میں ایک بات عجائبات میں سے دیکھی وہ یہ کہ "ایک مردہ اجمیر کی سرزمین میں پڑا ہوا تمام ہندوستان پر حکومت کر رہا ہے"۔ فرمایا، لوگوں کے قلوب میں حضرت خواجہ صاحب کی بڑی عظمت ہے حتی کہ ہندوؤں تک کے قلوب میں عظمت ہے۔ اجمیر میں تو اکثر ہندو حضرت کے نام کی قسم کھاتے ہیں"۔

(الافاضات الیومیہ، ج ا ص ۳۰۹)

## 15- داتا گنج بخش رضی اللہ عنہ کا تصرف :

تھانوی صاحب جب لاہور آئے تو داتا دربار حاضری دی۔ جاتے ہوئے کہنے لگے، "بہت بڑے شخص ہیں۔ عجیب رعب ہے، وفات کے بعد بھی سلطنت کر رہے ہیں"۔ (سفر نامہ لاہور و لکھنؤ ص ۵۰ مطبوعہ المکتبہ الاشرفیہ لاہور)

ان عبارات میں مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی نے خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی اجمیری اور حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہما کے تصرفات کا واضح طور پر اقرار کیا ہے اور اسے بعد وصال حکومت کرنے سے تعبیر کیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اولیاء کرام میں سے بعض خواص نے اپنے آپ کو بنی نوع انسان کی ہدایت و رہنمائی کے لیے وقف کیا ہوا ہے وہ وصال کے بعد بھی دنیا میں تصرف کرتے رہتے ہیں اگرچہ وہ متوجہ الی اللہ ہونے میں مستغرق ہوتے ہیں لیکن کامل وسعت ادراک کی وجہ سے دنیا میں تصرف کرنے سے کوئی چیز مانع نہیں ہوتی"۔ (تفسیر عزیزی پ ۳۰، ص ۱۲۳)

اب حرفِ آخر کے طور پر علامہ نابلسی رحمۃ اللہ علیہ کی تحریر پڑھ لیجئے۔

"یہ لوگ فریب میں مبتلا ہیں جنہیں ابھی تک یقین نہیں آیا کہ اللہ تعالیٰ اولیاء کرام کو محبوب رکھتا ہے اور انکی زندگی میں انکے ذریعے وہ تمام امور پیدا فرماتا ہے جو مقدر ہو چکے کہ اولیاء کرام ان کا ارادہ کریں گے بشرطیکہ وہ امور خلافِ شرع نہ ہوں اور انکے وصال کے بعد اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ غیر معمولی چیزیں پیدا ہوتی ہیں جن کا ارادہ اولیاء کرام کی روحیں کرتی ہیں"۔ (کشف النور ص ۲۸)

مذکورہ بالا واقعات میں سے اکثر غیر مقلد اور دیوبندی حضرات کے اکابرین کے تحریر کردہ یا تسلیم کردہ ہیں اور اس عقیدے پر واضح دلیل ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اولیاء کرام کو بعد وصال تصرف و اختیار عطا فرمایا ہے اور وہ لوگوں کی حاجت روائی فرماتے ہیں۔ انصاف پسند منکرین و معترضین سے امید ہے کہ وہ اپنے باطل نظریات سے رجوع کر کے تصرفاتِ اولیاء کے قائل ہو جائیں گے۔

ہیں کواکب کچھ :

بعض لوگ استمداد و تصرفات اولیاء کا انکار اس بناء پر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی غیب نہیں جانتا، اسکے سوا کوئی مددگار و حاجت روا نہیں اور کوئی صاحب

marfat.com
Marfat.com

تصرف واختیار نہیں۔ لہٰذا کسی نبی یا ولی کے لیے ایسا عقیدہ رکھنا کفر وشرک ہے وغیرہ۔ (معاذ اللہ) یہ ایک دردناک المیہ ہے کہ توحید پرست ہونے کے دعویدار دیوبندی ہوں یا غیر مقلد اہلحدیث، دونوں طبقوں نے یہی "کفر وشرک" پر مبنی عقائد "اپنے مولوی صاحبان" کی عظمت بتانے کے لیے انکے حق میں بے چون وچرا تسلیم کیے ہیں۔ پہلا واقعہ ملاحظہ فرمائیں::

1- قاری طیب مہتمم دارالعلوم دیوبند کہتے ہیں کہ "ایک بار دارالعلوم دیوبند کے مدرسین میں جھگڑا ہو گیا، پھر صدر مدرس مولوی محمود الحسن بھی اس ہنگامے میں شریک ہو گئے۔ ایک دن علی الصبح بعد فجر مولوی رفیع الدین صاحب نے مولوی محمود الحسن کو اپنے حجرے میں بلایا۔ موسم سخت سردی کا تھا۔ مولوی رفیع الدین بولے، پہلے یہ میرا روئی کا لبادہ دیکھ لو۔" لبادہ دیکھا تو تر تھا اور خوب بھیگ رہا تھا۔ فرمایا کہ واقعہ یہ ہے کہ ابھی ابھی مولانا نانوتوی جسد عنصری کے ساتھ میرے پاس تشریف لائے تھے جس سے میں ایک دم پسینہ پسینہ ہو گیا اور میرا لبادہ تربتر ہو گیا۔ اور یہ فرمایا کہ محمود حسن کو کہہ دو کہ وہ اس جھگڑے میں نہ پڑے۔ پس میں نے یہ کہنے کے لیے بلایا ہے"۔ (ارواح ثلاثہ مصدقہ اشرفعلی تھانوی ص۲۶۱)

اس واقعہ پر مولوی اشرفعلی تھانوی نے حاشیہ میں لکھا،

"یہ واقعہ روح کا تمثل تھا اور اسکی دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ جسد مثالی تھا مگر مشابہ جسد عنصری کے۔ دوسری صورت یہ کہ روح نے خود عناصر میں تصرف کر کے جسد عنصری تیار کر لیا ہو"۔ (ایضاً)

اس واقعہ پر علامہ ارشد القادری مد ظلہ العالی نے اپنی لاجواب کتاب "زلزلہ" میں جو

marfat.com
Marfat.com

تبصرہ فرمایا ہے وہ قارئین کی نذر ہے۔

"اس واقعہ کے ساتھ کتنے مشرکانہ عقیدے لپٹے ہوئے ہیں :-

پہلا عقیدہ تو مولوی قاسم صاحب نانوتوی کے حق میں علم غیب کا ہے کیونکہ ان حضرات کے تئیں اگر انہیں علم غیب نہیں تھا تو عالم برزخ میں انہیں کیونکر خبر ہوگئی کہ مدرسہ دیوبند میں مدرسین کے درمیان سخت ہنگامہ ہوگیا ہے یہانتک کہ مدرسہ کے صدر مدرس مولوی محمود الحسن صاحب بھی اسمیں شامل ہوگئے ہیں، چل کر انہیں منع کر دیا جائے۔

اور پھر انکی روح کی قوتِ تصرف کا کیا کہنا کہ تھانوی صاحب کے ارشاد کے مطابق اس جہان خاکی میں دوبارہ آنے کے لیے اس نے خود ہی آگ، پانی اور ہوا، مٹی کا ایک جسم تیار کیا اور خود ہی اسمیں داخل ہو کر زندگی کے آثار اور نقل و حرکت کی قوتِ ارادی سے مسلح ہوئی اور لحد سے نکل کر سیدھے دیوبند کے مدرسہ میں چلی آئی۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ مولوی قاسم صاحب نانوتوی کی روح کے لیے ان خدائی اختیارات کو بلا چون و چرا مولوی رفیع الدین صاحب نے بھی تسلیم کر لیا، مولوی محمود الحسن صاحب بھی اس پر آنکھ بند کر کے ایمان لے آئے اور تھانوی صاحب کا کیا کہنا کہ انہوں نے تو جسم انسانی کا خالق ہی اسے ٹھہرا دیا اور اب قاری طیب صاحب اسکی تشہیر فرما رہے ہیں۔

ان حالات میں ایک صحیح الدماغ آدمی یہ سوچے بغیر نہیں رہ سکتا کہ روح کے جو تصرفات و اختیارات اور غیبی علم و ادراک کی جو قوتیں سرور کائنات ﷺ اور انکے مقربین کے حق میں تسلیم کرنا یہ حضرات کفر و شرک سمجھتے ہیں وہی "اپنے مولانا"

marfat.com
Marfat.com

کے حق میں تسلیم کرنا کیونکر اسلام وایمان بن گیا ہے؟
کیا یہ صورت حال اس حقیقت کو واضح نہیں کرتی کہ ان حضرات کے یہاں کفر و شرک کی تمام بحثیں صرف اس لیے ہیں کہ انبیاء و اولیاء کی حرمتوں کے خلاف جنگ کرنے کے لیے انہیں ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جائے ورنہ خالص عقیدۂ توحید کا جذبہ اسکے پس منظر میں کار فرما ہوتا تو شرک کے سوال پر اپنے اور بیگانے کے درمیان قطعاً کوئی تفریق روا نہ رکھی جاتی"۔

(زلزلہ ص ۲۳، ۲۴، مطبوعہ مکتبہ رضویہ کراچی)

2- مولوی اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں، مولوی معین الدین جو مولانا یعقوب صاحب کے بڑے صاحبزادے تھے وہ حضرت مولانا کی ایک کرامت (جو بعد وفات واضح ہوئی) بیان فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہمارے نانوتہ میں جاڑا بخار کی بہت کثرت ہوئی سو جو شخص مولانا کی قبر سے مٹی لے جا کر باندھ لیتا اسے ہی آرام ہو جاتا پس اس کثرت سے مٹی لے گئے کہ جب بھی قبر پر مٹی ڈالواؤں تب ہی ختم۔ کئی مرتبہ ڈال چکا۔ پریشان ہو کر ایک دفعہ مولانا کی قبر پر جا کر کہا (یہ صاحبزادے بہت تیز مزاج تھے)، "آپ کی تو کرامت ہو گئی اور ہماری مصیبت ہو گئی۔ یاد رکھو کہ اگر اب کے کوئی اچھا ہوا تو ہم مٹی نہ ڈالیں گے ایسے ہی پڑے رہیو۔ لوگ جوتا پہنے تمہارے اوپر ایسے ہی چلیں گے"۔ بس اس دن سے پھر کسی کو آرام نہ ہوا۔ جیسے شہرت آرام کی ہوئی تھی ویسے ہی یہ شہرت ہو گئی کہ اب آرام نہیں ہوتا۔ پھر لوگوں نے مٹی لے جانا بند کر دیا۔ (ارواح ثلاثہ ص ۳۳۹)

اس سے معلوم ہوا کہ انتقال کے بعد بھی مولوی صاحب لوگوں کو نفع نقصان

marfat.com
Marfat.com

پہنچانے پر قادر تھے کیونکہ انہوں نے ازخود اپنے تصرف سے لوگوں کو نفع دینے کا سلسلہ شروع کیا اور جب انکا بیٹا مٹی ڈالتے ڈالتے تنگ آگیا اور اس نے دھمکی دی کہ ''لوگ جوتا پہنے تمہارے اوپر چلیں گے'' تو مولوی صاحب نے اپنے تصرف سے لوگوں کو نفع پہنچانا بند کر دیا۔ ع ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہیے ؟

-3 مولوی رشید احمد گنگوہی کے انتقال کے بعد انکے تصرفات کے بارے میں لکھا، ''آپ دنیا سے تشریف لے گئے مگر آپ کے تصرفات عالم میں برابر کام کر رہے ہیں''۔ (تذکرہ الرشید، ج ۲ ص ۱۵۱)

دیوبندی جماعت کا اپنے وفات یافتہ بزرگوں کے بارے میں تو یہ عقیدہ ہے کہ وہ زندہ ہیں، علم غیب رکھتے ہیں، مشکل میں دستگیری کرتے ہیں اور ہر طرح کے تصرف کی قدرت رکھتے ہیں اور یہی عقائد وہ اہل سنت کے اولیاء کرام کے متعلق بھی صرف اسوقت تسلیم کرتے ہیں جب اپنے کسی ''مولوی صاحب'' کی عظمت اور شان بتانی ہو جیسا کہ اولیائے کرام کے تصرفات کے ذیل میں نمبر ۶، نمبر ۷، نمبر ۸، نمبر ۱۴ اور نمبر ۱۵ تحریر کیے گئے ہیں۔ جبکہ انبیاء کرام و اولیاء عظام کی ارواح سے استعانت اور توسل کے مسئلے میں ان کا اصل عقیدہ کیا ہے؟ یہ انکے مذہب کی بنیادی کتاب سے ملاحظہ کیجئے۔

مولوی اسماعیل دہلوی نے لکھا، ''مرادیں پوری کرنا، حاجتیں بر لانی، بلائیں ٹالنی، مشکل میں دستگیری کرنی، برے وقت میں پہنچنا یہ سب اللہ ہی کی شان ہے۔ اور کسی انبیاء و اولیاء کی، پیر و شہید کی، بھوت و پری کی یہ شان نہیں۔ جو کسی کو ایسا ثابت کرے اور اس سے مرادیں مانگے اور اس توقع پر نذر و نیاز کرے اور اسکی منتیں مانے

marfat.com
Marfat.com

اور مصیبت کے وقت اسکو پکارے وہ مشرک ہو جاتا ہے........ پھر خواہ یوں سمجھے کہ ان کاموں کی طاقت ان کو خود بخود ہے خواہ یوں سمجھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ایسی قدرت بخشی ہے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے"۔ (تقویۃ الایمان ص ۱۰)

دیوبند کے مفتی مولوی رشید گنگوہی کا فتویٰ بھی ملاحظہ کیجیے، "یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ (ﷺ) کو علم غیب تھا، صریح شرک ہے"۔ (فتاویٰ رشیدیہ ج ۲ ص ۱۱۴)

علامہ ارشد القادری مدظلہ العالی رقمطراز ہیں،

"عقیدہ توحید کے خلاف یہ کتنی بڑی سازش ہے کہ ایک طرف وہ (علمائے دیوبند) جن باتوں کو قرآن وحدیث کے حوالے سے انبیاء واولیاء کے حق میں شرک اور مخالف توحید قرار دیتے ہیں دوسری طرف وہ انہی باتوں کو اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں عین اسلام قرار دیتے ہیں"۔ (زلزلہ ص ۱۰)

فاضلِ دیوبند مولوی عامر عثمانی (مدیر ماہنامہ تجلی، دیوبند) نے "زلزلہ" پڑھ کر اس حقیقت کا اعتراف کیا کہ:

"حق یہی ہے کہ متعدد علمائے دیوبند پر تضاد پسندی کا جو الزام اس کتاب میں دلیل و شہادت کے ساتھ عائد کیا گیا ہے وہ اٹل ہے........ بات تلخ ہے مگر سو فیصدی درست کہ دیوبندی مکتب فکر کے خمیر میں بھی اندھی تقلید اور مسلکی تعصبات کی اچھی خاصی مقدار گندھی ہوئی ہے........ اپنی کسی غلطی کو تسلیم کرنا تو ہمارے آج کے بزرگان دیوبند نے سیکھا ہی نہیں۔ انہوں نے صرف یہ سیکھا ہے کہ اپنی کہے جاؤ اور کسی کی مت سنو......"۔ (ماہنامہ تجلی دیوبند، دسمبر ۱۹۷۶ء)

؎ مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری!

marfat.com
Marfat.com

نظر آتے ہیں کچھ :

غیر مقلد اہلحدیث حضرات بھی ان معاملات میں دیوبندیوں سے کسی طور پیچھے نہیں ہیں۔ غیر مقلد مولوی عبدالمجید خادم سوہدروی نے ایک رسالہ بعنوان "کرامات اہلحدیث" تحریر کیا ہے۔اس میں سے چند اقتباسات ملاحظہ ہوں۔

1- "ایک بار قلعہ میہاں سنگھ میں ایک حجام آپ (یعنی مولوی غلام رسول قلعوی) کی حجامت بنا رہا تھا کہ اس نے یہ شکایت کی، حضور میرا بیٹا کئی سال سے باہر گیا ہوا ہے جسکا ہمیں کچھ پتا نہیں کہ کہاں ہے زندہ ہے یا مر گیا۔ بس ایک ہی بیٹا تھا اسکی فکر میں ہم تو مرے جا رہے ہیں۔ آپ تھوڑی دیر خاموش رہے پھر فرمایا، "میاں وہ تو گھر بیٹھا ہے اور روٹی کھا رہا ہے۔ جاؤ بیشک جا کر دیکھ لو"۔ حجام گھر گیا تو سچ مچ بیٹا آیا ہوا تھا اور کھانا کھا رہا تھا۔ بیٹے سے ماجرا پوچھا تو اس نے کہا، ابھی ابھی سکھر سندھ میں تھا، معلوم نہیں مجھے کیا ہوا اور کیونکر طرفۃ العین (پلک جھپکنے) میں یہاں پہنچ گیا"۔ (کراماتِ اہلحدیث ص ۱۲، مطبوعہ اسلامی کتب خانہ سیالکوٹ)

اس سے واقعہ سے مولوی غلام رسول صاحب کے علم غیب اور تصرف کا پتہ چلا، مولوی صاحب نے کئی سال سے لاپتہ لڑکے کا نہ صرف پتہ چلا لیا بلکہ پلک جھپکنے میں اپنے تصرف سے اسے سکھر سے قلعہ میہاں سنگھ (گوجرانوالہ) ایک لمحہ میں پہنچادیا پھر حجام کو یہ غیبی خبر بھی دیدی کہ وہ گھر بیٹھا کھانا کھا رہا ہے۔

اہل سنت کو قبر پرستی کا الزام دینے والوں کا یہ روپ بھی ملاحظہ کیجیے۔ لکھا ہے،

2- "۱۹۱۰ء میں جب حضرت ضیاء معصوم صاحب مرشد امیر حبیب اللہ خان شاہ کابل پٹیالہ تشریف لائے تو انھوں نے سرہند جانے کے لیے قاضی سلیمان

marfat.com

Marfat.com

منصور پوری کو ساتھ لے لیا۔ حضرت ضیاء معصوم جب روضہ حضرت مجدد الف ثانی پر مراقبہ کے لئے بیٹھے تو قاضی صاحب نے دل میں کہا کہ شاید ان بزرگوں نے آپس میں کوئی راز کی بات کہنی ہو، ان سے الگ ہو جانا چاہیے۔ ابھی آپ اپنے دل میں یہ خیال لے کر اٹھے ہی تھے کہ حضرت مجدد الف ثانی نے آپ کو ہاتھ سے پکڑ کر لیا اور فرمایا کہ بیٹھے رہو ہم کوئی بات تجھ سے راز نہیں رکھنا چاہتے۔ قاضی صاحب نے بعض دوستوں سے ذکر کیا اور فرمایا کہ "یہ واقعہ مراقبہ یا مکاشفہ کا نہیں بلکہ بیداری کا ہے"۔ (ایضاً ص ۱۰)

اس واقعہ سے مندرجہ ذیل امور معلوم ہوئے۔

۱۔ اولیاء کے مزارات کی حاضری کے لیے ضیاء معصوم صاحب نے کابل سے جبکہ قاضی صاحب نے پٹیالہ سے سرہند شریف تک کا سفر کیا۔

۲۔ ضیاء معصوم صاحب نے حضرت مجدد الف ثانی کے مزار پر مراقبہ کیا۔

۳۔ قاضی صاحب نے جو بات دل میں سوچی، صاحبِ مزار نے اسے جان لیا۔

۴۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مزار سے جسم مبارک کے ساتھ باہر آئے اور قاضی صاحب کا ہاتھ پکڑ لیا۔

۵۔ قاضی صاحب نے اس بات کی تصدیق کی کہ "یہ واقعہ مراقبہ یا مکاشفہ کا نہیں بلکہ بیداری کا ہے"۔

گویا غیر مقلد اہلحدیث فرقے کے نزدیک مزارات پر حاضری کے لیے سفر کر کے جانا بھی جائز ہے۔ اولیاء کرام کے مزارات پر مراقبہ بھی جائز ہے۔ انکے نزدیک صاحبِ مزار نہ صرف زندہ ہوتا ہے بلکہ حاضری دینے والا جو بات دل میں سوچے وہ

marfat.com
Marfat.com

اسے بھی جان لیتا ہے یعنی اسے غیب کا علم ہوتا ہے۔ صاحبِ مزار کا جسم کے ساتھ مزار سے باہر آکر تصرف کرنا بھی جائز ہے۔ یہ سب کچھ صرف اس لیے مان لیا گیا کہ اپنے "عالم" کی کرامت ثابت کرنی تھی۔

غور کیجئے اپنے گھر کے "بزرگوں" کے لیے تو علم غیب و تصرف اور "مزار میں زندگی" کے عقائد فراخدلی سے تسلیم کیے گئے لیکن انبیاء کرام و اولیاء کرام کے متعلق انہی عقائد کو وہ شرک قرار دیتے ہیں۔ چند حوالے ملاحظہ فرمائیں۔

"جو کسی کے متعلق یہ تصور کرے کہ جو بات میرے منہ سے نکلتی ہے وہ سب سن لیتا ہے اور جو خیال وہم میرے دل میں گزرتا ہے وہ سب سے واقف ہے سو ان باتوں سے مشرک ہو جاتا ہے..... خواہ یہ عقیدہ انبیاء واولیاء سے رکھے خواہ پیر وشہید سے"۔ (تقویۃ الایمان ص ۹ مطبوعہ دہلی)

"کسی کی قبر پر دور دور سے (سفر کا) قصد کرنا اور سفر کا رنج اٹھا کر وہاں پہنچنا..... یہ سب شرک کی باتیں ہیں"۔ (صفحہ ۴۰)

"جو کسی کی پچی قبر پر..... ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو جاوے (یعنی مراقبہ کرے)..... اس پر شرک ثابت ہوتا ہے"۔ (صفحہ ۱۰)

"غیب کی بات اللہ ہی جانتا ہے، رسول کو کیا خبر"۔ (صفحہ ۵۶)

"جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی کا چیز کا مختار نہیں"۔ (صفحہ ۴۱)

اسی کتاب میں حضور ﷺ پر یہ بہتان باندھا،

"میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں" (صفحہ ۵۹)

3- "کراماتِ اہلحدیث" میں صفحہ ۲۲ پر قاضی سلیمان کے متعلق لکھا ہے کہ

marfat.com

Marfat.com

"آپ کو کشف کے ذریعے اپنی موت کا علم ہو چکا تھا"۔

4- صفحہ ۲۳ پر یہ تحریر ہے کہ "جب آپ حج کو جا رہے تھے تو فرمایا کہ عبدالعزیز کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا اسکا نام معزالدین رکھنا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا"۔

معلوم ہوا کہ قاضی صاحب کو اپنی موت کا بھی علم تھا اور وہ یہ بھی جانتے تھے کہ ماں کے پیٹ میں کیا ہے ؟ اور یہ باتیں علوم خمسہ میں سے ہیں۔ اب تصویر کا یہ رخ بھی دیکھیے۔ تقویۃ الایمان میں تحریر ہے، "کسی انبیاء اولیاء امام و شہیدوں کے جناب میں ہرگز یہ عقیدہ نہ رکھے کہ وہ غیب کی بات جانتے ہیں بلکہ حضرت پیغمبرؐ کے بھی جناب میں یہ عقیدہ نہ رکھے"۔ (صفحہ ۲۵)

غیر مقلد اور دیوبندی حضرات مذکورہ اقتباسات پڑھ کر ٹھنڈے دل سے غور فرمائیں اور انبیاء کرام و اولیاء کرام کے علم غیب و تصرف کے قائل ہو جائیں اور ان سے استمداد و توسل کو جائز مان کر اپنے نظریات سے تائب ہوں بصورتِ دیگر انکے جن اکابرین نے بھی ان امور کو اپنے لیے یا اپنے مولوی صاحبان کے لیے تسلیم کیا ہے ان سب پر کفر و شرک کا فتویٰ صادر فرمائیں ورنہ ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہونگے کہ یہی لوگ سورۃ التوبہ کی آیت ۳۱ کے مصداق ہیں جس میں ارشاد باری تعالیٰ ہے،

"وہ لوگ جنہوں نے اپنے عالموں اور درویشوں کو اللہ کے سوا اپنا رب بنالیا ہے"۔
یعنی ایک بات کوئی دوسرا کہے تو وہ کافر و مشرک اور وہی بات انکے علماء کہیں تو وہ پکے مومن و موحد۔ العیاذ باللہ تعالیٰ

☆☆☆☆

marfat.com
Marfat.com

# باب دوازدہم : مزاراتِ اولیاء کی برکتیں

## اربابِ بصیرت کی گواہی :

یہ ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے کہ جو شخص جس شعبے یا جس فن میں مہارت رکھتا ہو اس شعبے یا فن میں اسکی رائے زیادہ اہم، وزنی اور فیصلہ کن ہوتی ہے۔ بحر طریقت کے غواص اور میدان تصوف کے شہسوار یعنی اولیاء کرام اور صالحین وہ نفوس قدسیہ ہیں جن کی شان رسول کریم ﷺ نے یہ ارشاد فرمائی،

"مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے"۔(ترمذی)

یہ مقدس نفوس عالمِ ملکوت اور عالمِ برزخ کے اسرار و رموز سے آگاہ ہوتے ہیں اس لیے اولیاء کرام کے فیوض وبرکات اور قدرت و تصرفات کو ان سے بہتر کوئی نہیں جانتا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

"مشائخ صوفیہ اور بعض فقہاء کرام نے اولیاء کرام سے مدد حاصل کرنے کو جائز اور ثابت قرار دیا ہے۔ اور یہ عقیدہ اہلِ کشف اور انکے کاملین کے ہاں محقق اور طے شدہ عقیدہ ہے۔ یہانتک کہ بہت سے حضرات کو اولیاء کی ارواح سے فیوض وبرکات حاصل ہوئے ہیں"۔(اشعۃ اللمعات جلد اول باب زیارۃ القبور)

امامِ ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

"میں نے ایک مسئلہ حل کرنے کی بڑی کوشش کی مگر کامیابی نہ ہوئی۔ یونہی ایک عرصہ گزر گیا اور مسئلہ حل نہ ہونے کے باعث طبیعت پر گرانی طاری ہوگئی۔ اتفاقاً ایک عزیز کے مزار مبارک کے پاس سے گزر ہوا، میں نے اس معاملہ میں اسے بھی اپنا مددگار بنایا، اس دوران عنایتِ الٰہی بھی شاملِ حال ہوئی اور معاملے کی حقیقت کو

marfat.com
Marfat.com

مجھ پر اچھی طرح واضح کر دیا اور حضور ﷺ کی روحانیت نے مہربانی فرمائی اور حاضر ہو کر غمگین دل کو تسلی دی"۔ (مکتوبات جلد اول ص ۳۵۸)

امام ابن الحاج رحمۃ اللہ علیہ بھی مزاراتِ اولیاء سے توسل پر ائمہ دین کے عمل اور اہل فن کے مشاہدہ کو بطور دلیل پیش کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں،

"اہلِ اعتبار اور اربابِ بصیرت کے نزدیک ثابت ہے کہ اولیاء کرام کے مزارات کی زیارت پسندیدہ عمل ہے کیونکہ اس سے عبرت کے ساتھ برکت بھی حاصل ہوتی ہے۔ اولیاء کرام کی برکتوں کا سلسلہ زندگی کی طرح انکے وصال کے بعد بھی جاری رہتا ہے۔ چنانچہ انکے مزارات کے پاس دعا کرنا اور انکو وسیلہ بنانا ہمارے ائمہ دین اور علماء محققین کا معمول ہے"۔ (المدخل ج ۱ ص ۲۴۹)

مزید فرماتے ہیں، "یہ بات شریعت میں ثابت اور معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ان نفوس قدسیہ کو بڑی اہمیت حاصل ہے اور یہ حقیقت مشہور ہے۔ مشرق و مغرب کے علماء و اکابرین مزاراتِ اولیاء کی زیارت سے فیوض و برکات حاصل کرتے رہے ہیں اور حسی و معنوی طور پر اسکی برکت پاتے رہے ہیں"۔ (ایضاً)

امام الوہابیہ ابن تیمیہ نے انبیاء و اولیاء سے توسل کے انکار کے باوجود انکے مزارات کا بابرکت ہونا تسلیم کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں،

"اسی طرح انبیاء و صالحین کی قبروں کے نزدیک ظاہر ہونے والی کرامات بھی ہیں۔ مثلاً ان قبروں کے نزدیک انوارِ الٰہیہ اور ملائکہ کا نزول ہوتا ہے، شیاطین و بہائم ان سے دور رہتے ہیں، ان کے اردگرد کی آگ بجھ جاتی ہے، وہ اپنے پڑوس میں مدفون لوگوں کی شفاعت کرتے ہیں اسلیے ان کے قریب دفن ہونا بہتر ہے، وہاں جا کر

marfat.com
Marfat.com

سکونِ قلب اور اطمینان حاصل ہوتا ہے، ان کی شان میں گستاخی پر عذاب نازل ہوتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب باتیں برحق اور بالکل صحیح ہیں مگر ان کا ہماری بحث سے تعلق نہیں۔

اللہ تعالیٰ انبیاء کرام اور صالحین کی قبروں پر جو رحمتیں اور برکتیں نازل فرماتا ہے اور اسکی بارگاہ میں انہیں جو شرف و کرامت حاصل ہے وہ اکثر لوگوں کے وہم و گمان سے بھی زیادہ ہے لیکن یہاں ان کی تفصیل بتانے کا موقع نہیں"۔

**(اقتضاء الصراط المستقیم ص ۳۸۴)**

اب ہم اولیاء کرام اور ائمہ دین، رحمہم اللہ تعالیٰ کے تجربات و مشاہدات اور معمولات تحریر کرتے ہیں۔

**۱۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا مزار:**

۵۰ھ میں اسلامی لشکر قسطنطنیہ پر حملے کے لیے روانہ ہوا۔ جس میں اکابر صحابہ کرام کے ساتھ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ آپ وہاں بیمار ہوئے اور وصال فرماگئے۔ آپ کی وصیت کے مطابق آپ کو دشمن کی سرحد کے قریب قلعہ کے دامن میں دفن کیا گیا۔ آپکے مزار مبارک کے فیوض و برکات جلد ہی ظاہر ہونا شروع ہوگئے اور لوگوں کو معلوم ہو گیا کہ آپکے مزار مبارک پر جو دعا کی جائے ضرور قبول ہوتی ہے۔

چنانچہ حافظ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ (م: ۴۶۳ھ) فرماتے ہیں،

"حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی قبر قلعہ کی فصیل کے قریب ہے اور سب لوگوں کو معلوم ہے، لوگ وہاں آکر بارش کے لیے دعا کرتے ہیں تو بارش ہو جاتی

marfat.com

Marfat.com

ہے"۔(استیعاب ج۱ ص ۴۰۴)

**۲۔ حضرت اُمّ حرام رضی اللہ عنہا کا مزار :**

۲۷ھ میں اسلامی لشکر نے قبرص پر حملہ کیا، حضرت اُمّ حرام رضی اللہ عنہا اپنے شوہر کے ہمراہ اس لشکر میں شامل تھیں۔ آقا کریم ﷺ نے انہیں پہلے ہی یہ غیب کی خبر دے دی تھی کہ تم اس بحری جہاد میں شریک ہو گی۔ چنانچہ قبرص فتح ہونے کے بعد آپ وہاں گھوڑے سے گر کر وفات پا گئیں اور قبرص ہی میں دفن کی گئیں۔ آپکے مزار مبارک کے فیوض و برکات کے باعث لوگ وہاں زیارت کے لیے آنے لگے۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ (م : ۷۷۴ھ) فرماتے ہیں،" عوام میں آپ کی قبر "قبر المراۃ الصالحہ "یعنی "صالحہ خاتون کی قبر" کے نام سے مشہور ہو گئی اور لوگ وہاں جا کر جو دعا کرتے وہ قبول ہوتی"۔(البدایہ والنہایہ ج ۷ ص ۱۵۳)

**۳۔ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کا مزار :**

امام ابن حجر مکی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (م ۹۷۳ھ) حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے مزار مبارک کی برکتیں بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں،

"ہمیشہ سے علماء کرام اور حاجت مندوں کا یہ طریقہ رہا ہے کہ وہ آپ کے مزار مبارک کی زیارت کے لیے آتے ہیں اور اپنی حاجت روائی کے لیے آپ کو وسیلہ بناتے ہیں اور منہ مانگی مراد پاتے ہیں"۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے برکت حاصل کرتا ہوں اور ان کی قبر مبارک کی زیارت کرتا ہوں۔ جب مجھے کوئی حاجت پیش آتی ہے

marfat.com

Marfat.com

تو دو رکعت نماز پڑھ کر ان کے مزار پر جاتا ہوں اور بارگاہِ الٰہی میں دعا کرتا ہوں تو میری حاجت فوراً پوری ہو جاتی ہے"۔(الخیرات الحسان ج۱ ص ۳۸)

یہی بات علامہ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ (م ۴۶۳ھ) نے بھی بیان فرمائی ہے۔ (تاریخ خطیب بغدادی ج۱ ص ۱۲۳) امام شافعی رحمہ اللہ (م ۲۰۴ھ) کا یہ ارشاد علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۲۵۳ھ) نے بھی تحریر فرمایا ہے۔(ردالمختار ج۱ ص ۳۸)

گویا یہ عظیم ائمہ دین و محدثین یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ بزرگوں کے مزارات کی زیارت کرنے سے برکتیں حاصل ہوتی ہیں، انکے وسیلے سے حاجت فوراً پوری ہو جاتی ہے۔ امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کے ارشاد سے یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ صرف امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا معمول نہیں تھا بلکہ ہمیشہ سے علماء کرام اور حاجت مندوں کا یہی طریقہ رہا ہے۔

۴۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار :

علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۵۰ھ) فرماتے ہیں کہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے توسل کیا تو انکے صاحبزادے نے تعجب کیا اس پر امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ ایسے ہیں جیسے لوگوں کے لیے سورج اور بدن کے لیے صحت و تندرستی۔(شواہد الحق، ص ۱۴۴)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۵۲ھ) فرماتے ہیں، "آپ کا مزار مبارک قرافہ (مصر) میں ہے۔ لوگ اسکی زیارت کے لیے آتے ہیں اور اسکی برکت حاصل کرتے ہیں"۔(مقدمہ اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ)

معلوم ہوا کہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (م ۲۴۱ھ) بھی دعا میں وسیلہ پیش کرنے

marfat.com
Marfat.com

کے قائل تھے اور دوسری عبارت سے معلوم ہوا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک کی برکتوں سے بھی لوگ فیضیاب ہوتے ہیں۔

### ۵۔امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا مزار :

محدث علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۱۴ھ) فرماتے ہیں، " امام احمد بن حنبل شیبانی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار مبارک بغداد میں مشہور و معروف ہے۔ لوگ آپکے مزار شریف کی زیارت کرتے ہیں اور اس سے برکتیں حاصل کرتے ہیں۔ آپکے وصال کے دو سو تیس سال بعد کسی بزرگ نے کشف سے دیکھا کہ آپ کا کفن بھی صحیح سالم ہے، پرانا نہیں ہوا اور آپ کا جسم مبارک بھی بالکل صحیح حالت میں ہے"۔
(مرقاۃ شرح مشکوۃ ج ا ص ۲۲)

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک کی زیارت کرنا اور اس سے برکتیں حاصل کرنا مسلمانوں کا معمول ہے اور محدث علی قاری رحمۃ اللہ کا بھی یہ عقیدہ ہے کہ مزارات پر حاضری اور ان سے تبرک حاصل کرنا جائز ہے۔

### ۶۔امام موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ کا مزار :

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ " امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ امام موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ کا مزار دعا کی قبولیت کے لیے تجربہ شدہ تریاق ہے"۔(اشعۃ اللمعات جلد اول باب زیارۃ القبور ص ۷۱۵)

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اس فرمان سے یہ بات معلوم ہوئی کہ آپ بزرگانِ دین کے مزارات پر کثرت سے جایا کرتے۔ جب آپ کی کثیر دعائیں قبول ہو گئیں تو آپ نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ یہ جگہ دعا کی قبولیت کے لیے اکسیر ہے پھر آپ نے لوگوں کو

marfat.com
Marfat.com

اس حقیقت سے آگاہ کیا تا کہ وہ بھی اس مزار مبارک کی برکتوں سے فیض پائیں۔

۷۔ امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ کا مزار :

محدث ابو حاتم رحمہ اللہ (م ۳۲۷ھ) امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک کی برکتوں کے متعلق فرماتے ہیں، "شہر طوس میں قیام کے دوران مجھے جب بھی کوئی مشکل یا پریشانی پیش آئی، میں نے امام علی رضا رحمہ اللہ کے مزار پر حاضری دی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ مشکل یا پریشانی دور ہو جائے۔ میری وہ دعا ضرور قبول ہوئی۔ یہ ایسی حقیقت ہے جسے میں نے بار بار آزمایا"۔ (کتاب الثقات)

گویا محدث ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے بار بار امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک پر دعا کر کے دیکھا اور ہر بار اپنی دعا کو مقبول دیکھ کر یہ نظریہ قائم کیا کہ یہ مزار دعا کی قبولیت کے لیے اکسیر مجرب ہے۔

۸۔ حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار :

عارفِ ربانی امام ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ (م ۴۶۵ھ) فرماتے ہیں، "حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ (م ۲۰۱ھ) بزرگ ترین مشائخ میں سے تھے، آپ کی ہر دعا قبول ہوتی تھی۔ آپکے مزار مبارک کے توسل سے لوگ شفا پاتے ہیں۔ اہل بغداد کہتے ہیں کہ حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر تریاق مجرب ہے"۔ (رسالہ قشیریہ، ص ۱۲۷)

محدث ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی تحریر کیا ہے کہ "حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر اکسیر مجرب ہے"۔ (صفۃ الصفوۃ ج ۲ ص ۱۸۳)

معلوم ہوا کہ جلیل القدر ائمہ کرام کا یہی عقیدہ ہے کہ حضرت معروف کرخی رحمہ اللہ

marfat.com
Marfat.com

کے مزار مبارک پر جو دعا کی جائے، وہ مقبول ہوتی ہے اور یہ بات آزمودہ ہے۔

**۹۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا مزار:**

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۸۵۲ھ) فرماتے ہیں، ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو دفن کرنے کے بعد جب انکی قبر پر مٹی ڈالی گئی تو کافی مدت تک اس سے مشک کی خوشبو آتی رہی اور عرصہ دراز تک لوگ دور دور سے آکر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی قبر کی مٹی کو بطور تبرک لے جاتے رہے''۔ (ھدی الساری ج ۲ ص ۲۶۶)

امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۹۲۳ھ) نے تحریر کیا ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے دو سو سال بعد سمرقند میں قحط سالی ہو گئی۔ لوگوں نے کئی بار بارش کے لیے دعائیں مانگیں مگر بارش نہ ہوئی۔ پھر ایک صالح بزرگ نے قاضی شہر کو کہا کہ لوگوں کو لے کر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر جاؤ اور وہاں اللہ تعالی سے دعا مانگو، امید ہے اللہ تعالیٰ بارش عطا فرمائے گا۔ چنانچہ ایسے ہی کیا گیا۔ لوگوں نے جب امام بخاری کی قبر پر جا کر گریہ وزاری کی اور آپکے وسیلے سے دعا مانگی اور آپ سے قبولیت دعا کی سفارش کی درخواست کی تو اس قدر بارش ہوئی کہ لوگ بارش کی کثرت کے باعث سات دن تک سمرقند نہ پہنچ سکے۔ (ارشاد الساری ج ۱ ص ۳۹)

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ (م ۲۵۶ھ) کے مزار کی برکت کے متعلق ایک ایسا ہی واقعہ محدث علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی بیان فرمایا ہے۔ (مرقاۃ ج ۱ ص ۱۶)

**۱۰۔ حضرت ابو العباس قاسم کا مزار:**

قطبِ ربانی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابو العباس قاسم بن مہدی سیاری رحمۃ اللہ علیہ کے احوال میں فرماتے ہیں کہ:

marfat.com
Marfat.com

"ان کا مزار مبارک "مرو" میں ہے۔ آج بھی حاجت مند لوگ وہاں جاتے ہیں، منتیں مانتے ہیں اور مرادیں پاتے ہیں۔ مقاصد کے حل کے لیے آپ کی قبر پر جانا مجرب ہے"۔(کشف المحجوب، ص ۲۳۵)

اس سے قطب المشائخ سیدنا داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ معلوم ہوا کہ انکے نزدیک بھی مزارات پر حاضری دینا، منت ماننا اور صاحب مزار سے توسل بالکل جائز ہے۔ نیز بزرگوں کے وسیلے سے مرادیں پوری ہوتی ہیں لہٰذا حاجت روائی اور مقاصد کے حصول کے لیے مزارات پر جانا اکسیر ہے۔

۱۱۔ شیخ محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار:

دلائل الخیرات شریف کے مولف شیخ محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں منقول ہے کہ:

"آپ کے وصال کے ستتر(۷۷) سال بعد سوس ملک بربر میں آپ کی قبر کو کھولا گیا تو جسم اقدس کو بالکل صحیح حالت میں پایا، گویا ابھی دفن کیے گئے ہوں۔ سر اور داڑھی مبارک کے بالوں میں خط ہوانے کا نشان ایسا ہی تازہ تھا جیسا انتقال کے وقت تھا۔ کسی شخص نے آپ کے چہرہ مبارک پر انگلی رکھی تو اسکے نیچے سے خون ہٹ گیا اور جب انگلی اٹھائی تو خون لوٹ آیا، جیسے کسی زندہ شخص میں ہوتا ہے۔ آپ کا مزار مراکش میں ہے۔ مزار مبارک پر عظمت و انوار کی بارش برستی ہے اور ہر وقت لوگوں کا جم غفیر رہتا ہے۔ زائرین وہاں بکثرت دلائل الخیرات پڑھتے ہیں اور یہ بات ثابت شدہ ہے کہ محبوب کبریا ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھتے رہنے کی وجہ سے آپ کی قبر سے کستوری کی خوشبو آتی ہے"۔(مطالع المسرات ص ۴)

marfat.com
Marfat.com

۱۲۔ داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کا مزار :

ہمارے ملک پاکستان میں بیشمار اولیاء اللہ کے مزارات ہیں ان میں سب سے نمایاں مقام حضرت داتا گنج بخش قدس سرہ العزیز (م ۴۶۵ھ) کے مزار مبارک کو حاصل ہے جہاں انوار و تجلیات کی بارش برستی ہے، برکتوں کا خزانہ تقسیم ہوتا ہے اور زائرین پر رحمتیں نچھاور کی جاتی ہیں۔ حاجت مند آتے ہیں اور خالی جھولیاں بھر کر لے جاتے ہیں۔ بیقرار اور غمزدہ آتے ہیں، قرار اور سکون کی دولت پاتے ہیں۔ سچ ہے "من کان للہ کان اللہ له" یعنی "جو اللہ کا ہو جائے اللہ اس کا ہو جاتا ہے"۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے اس محبوب بندے کو وہ تصرف و اختیار عطا فرما دیتا ہے کہ بعد وصال اسکی فیض رسانی اور روحانی توجہ پہلے سے بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔

سلطان الہند خواجہ معین الدین چشتی اجمیری قدس سرہ نے حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر اکتسابِ فیض کے لیے مراقبہ کیا اور پھر صاحبِ مزار سے جو کچھ پایا، اسے ایک شعر میں سمو دیا جو زبان زدِ خاص و عام ہے۔

گنج بخش فیض عالم مظہرِ نورِ خدا　　ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما

شاعر مشرق ڈاکٹر محمد اقبال نے کیا خوب کہا ہے کہ :

سید ہجویر مخدومِ امم　　مرقد او پیر سنجر را حرم

خاکِ پنجاب از دمِ او زندہ گشت　　صبح ما از مہر اُو تابندہ گشت

اگرچہ بیشمار اولیاء کاملین کے مزارات ایسے ہیں جن سے مخلوق فیض پاتی ہے لیکن آقائے دو جہاں علیہ السلام کی تاریخ میلاد بارہ ربیع الاول کی مناسبت سے اس باب میں ہم نے بارہ مزاراتِ مبارکہ کا منبع فیوض و برکات ہونا جلیل القدر ائمہ دین کے تجربات

marfat.com
Marfat.com

و مشاہدات اور معمولات سے ثابت کیا۔ یہ اکابرینِ امت کا عقیدہ و عمل رہا ہے کہ وہ بزرگانِ دین کے مزارات پر حاضر ہوتے، انکے وسیلے سے دعائیں مانگتے اور ان کی برکتوں سے فیضیاب ہوتے۔ اللہ تعالیٰ منکرین و معترضین کو بھی راہِ ہدایت اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## مزار پر دعا کا طریقہ :

امامِ اہلِ سنت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

جب کوئی کسی ولی کے مزار پر جائے تو مزار شریف پر پاؤں کی طرف سے حاضر ہو اور چار ہاتھ کے فاصلے سے کھڑا ہو کر باادب سلام عرض کرے۔ السلام علیک یا سیدی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ پھر تین بار درود شریف، ایک بار سورۃ فاتحہ، ایک بار آیۃ الکرسی، سات بار سورۃ اخلاص اور پھر تین بار درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے، "یا اللہ! اس تلاوت پر اتنا ثواب دے جو تیرے کرم کے لائق ہے نہ کہ اتنا جو میرے عمل کے قابل ہے۔ اور اسے میری طرف سے اس مقبول بندے اور تمام مسلمانوں کو پہنچا۔ پھر اپنی جو جائز شرعی حاجت ہو اسکے لیے صاحبِ مزار کے وسیلے سے دعا کرے۔ پھر اسی طرح سلام کرکے واپس آئے۔

(فتاوی رضویہ ج ۴ ص ۲۱۲، بتصرف)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ اولیاء سے مدد مانگنے کے بارے میں فرماتے ہیں،

"مدد مانگنے کی یہی صورت ہے کہ حاجت مند اپنی حاجت کو اللہ تعالیٰ سے اس نیک بندے کی روحانیت کے وسیلے سے طلب کرے جو بارگاہِ الٰہی میں مقرب و مکرم ہے۔ اور یوں کہے، "اے اللہ! اس بندے کی برکت سے جس پر تو نے انعام واکرام

marfat.com
Marfat.com

فرمایا ہے، میری حاجت پوری فرما۔یا اس مقرب بندے کو پکارے کہ اے اللہ کے ولی! اے خدا کے مقرب بندے! میرے لیے شفاعت کیجئے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ میرے مقصد کو پورا فرمائے"۔

ان دونوں صورتوں میں وہ نیک و مقرب بندہ صرف درمیان میں وسیلہ ہے۔ حقیقی قدرت والا اور دینے والا اور جس سے سوال کیا گیا ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی ہے۔اس میں شرک کا شائبہ بھی نہیں ہے جیسا کہ منکر نے وہم کیا ہے۔یہ اسی طرح توسل کرنا ہے جیسے نیک لوگوں اور اولیاء اللہ کو زندگی میں وسیلہ بنایا جاتا ہے اور یہ بالاتفاق جائز ہے تو وفات کے بعد یہی بات ناجائز کیوں ہو گئی؟ اولیائے کاملین کی ارواح میں، ظاہری زندگی اور وصال کے بعد صرف اتنا فرق ہے کہ وصال کے بعد انہیں اور زیادہ کمال حاصل ہو جاتا ہے"۔(فتاویٰ عزیزیہ ج ۲ ص ۱۰۲)

بعض لوگ انبیاء و صالحین سے توسل کا انکار پر یہ حدیث بطور دلیل پیش کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ "ہر شخص کو چاہیئے کہ اپنی ساری حاجتیں اللہ تعالیٰ سے مانگے یہانتک کہ نمک بھی اسی سے مانگے اور جوتی کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ بھی اسی سے مانگے"۔(ترمذی)

اس حدیث پاک کا مفہوم بالکل واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی حقیقی حاجت روا اور مشکل کشا ہے اور سب چھوٹی بڑی حاجتیں اسی سے مانگنی چاہئیں۔الحمد اللہ! اہل سنت کا یہی عقیدہ ہے۔ہم ہر حاجت اللہ تعالیٰ ہی سے مانگتے ہیں۔انبیاء کرام اور اولیاء کرام و صالحین تو سبب اور وسیلہ ہیں۔جو لوگ استمدادِ اولیاء اور توسل کے منکر ہیں، کیا وہ دنیاوی اسباب اور لوگوں سے مختلف حاجات میں مدد نہیں مانگتے؟ جب اس حدیث

marfat.com
Marfat.com

پاک میں زندہ یا فوت شدہ کا ذکر نہیں کیا گیا تو زندوں سے مدد مانگنا کیونکر جائز ہوگا؟
اس موضوع پر پہلے ہی تفصیلی گفتگو ہو چکی ہے۔
اسی طرح منکرین ایک اور حدیث پاک سے بھی استدلال کرتے ہیں۔ رسول کریم ﷺ کا ارشاد ہے، "سوال کرو تو اللہ تعالیٰ ہی سے سوال کرو"۔
اس حدیث کے تحت علامہ سید محمد علوی مکی مالکی فرماتے ہیں، "اس حدیث سے یہ سمجھنا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے سوال کرنا جائز نہیں، محض ایک غلط فہمی ہے۔ اسلیے کہ انبیاء و صالحین کو بارگاہِ الٰہی میں وسیلہ بنانے سے اللہ تعالیٰ کی خیر و برکت نازل ہوتی ہے اور انہیں وسیلہ بنانے والے کا صرف یہ مقصد ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ انکے وسیلے سے خیر و برکت عطا فرمائے یا شر و فساد کو دور رکھے۔ گویا توسل کرنے والا وہ سبب اختیار کرتا ہے جسے اللہ نے بندوں کی تکمیل کا ذریعہ بنایا ہے، اور انکے وسیلے سے اللہ تعالیٰ مرادیں پوری فرماتا ہے۔ دراصل یہ سوال کرنا اور مانگنا سبب سے نہیں بلکہ خالقِ اسباب سے ہے۔
کوئی اگر یہ کہے کہ یا رسول اللہ ﷺ! میں چاہتا ہوں کہ میری بصارت واپس آجائے یا مجھ سے بلا دور ہو جائے۔ تو اسکا مطلب یہی ہے کہ وہ ان چیزوں کو رسول کریم ﷺ کی شفاعت کے واسطہ سے اللہ تعالیٰ ہی سے مانگ رہا ہے۔ مثلاً کوئی شخص کہے، میرے لیے دعا فرمائیے یا میرے لیے شفاعت کیجئے۔ تو ان دونوں میں کوئی فرق نہیں البتہ دوسرا جملہ پہلے جملے کے مقابلے میں سائل کی مراد زیادہ واضح کر رہا ہے۔
اسی طرح توسل کرنے والے کا یہ کلام اور زیادہ واضح ہے، "اے اللہ! میں تیرے نبی (یا ولی) کے صدقہ میں تجھ سے سوال کر رہا ہوں کہ فلاں آسانی پیدا فرما جو

marfat.com
Marfat.com

میرے لیے نفع بخش ہو یا جس سے میں شر دور کروں"۔
اب ان ساری صورتوں میں سائل صرف اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے بارے میں سوال کر رہا ہے۔ اس تفصیل سے واضح ہو گیا کہ مذکورہ حدیث سے توسل کی ممانعت پر استدلال کرنا غلط اور بے بنیاد ہے"۔(اصلاحِ فکر واعتقاد ص ۲۴۹)

## اہلِ بدعت کا فتنہ :

نبی کریم ﷺ نے دعا مانگی، "اے اللہ! ہمیں ہمارے شام میں برکت دے، اے اللہ! ہمیں ہمارے یمن میں برکت دے"۔ بعض لوگوں نے عرض کی، نجد کے لیے بھی دعا فرمائیں۔ آقا و مولیٰ ﷺ نے پھر شام اور یمن کے لیے دعا فرمائی۔ لوگوں نے پھر نجد کے لیے دعا کی درخواست کی مگر آپ نے پھر شام اور یمن کے لیے دعا فرمائی۔ تیسری بار لوگوں کے عرض کرنے پر فرمایا،
"وہاں زلزلے اور فتنے ہونگے اور وہاں سے شیطان کا سینگ یعنی شیطانی گروہ نکلے گا"۔ ( صحیح بخاری جلد سوم کتاب الفتن)
غیب بتانے والے آقا و مولیٰ ﷺ کی پیشین گوئی کے مطابق بارھویں صدی ہجری میں نجد میں شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی نے ایک نئے دین کی بنیاد رکھی اور اپنے سوا تمام مسلمانوں کو کافر قرار دے دیا۔
اس وقت علمائے حق میں سے اسکے سگے بھائی شیخ سلیمان بن عبدالوہاب رحمہ اللہ نے اسکا سخت رد کیا۔ وہ اپنی کتاب میں رقم طراز ہیں،
"رسولِ معظم ﷺ کے بعد نجد میں جو پہلا فتنہ ہوا وہ شیخ نجدی کا فتنہ ہے جس نے مسلمانوں کے درمیان صدیوں سے رائج معمولات کو کفر اور مسلمانوں کو کافر بنا دیا

marfat.com
Marfat.com

ہے بلکہ شیخ نجدی نے ان لوگوں کو بھی کافر بنا دیا جو ان مسلمانوں کو کافر نہ کہے۔ حالانکہ مکہ، مدینہ اور یمن کے علاقوں میں صدیوں سے یہ معمولات رائج ہیں بلکہ ہم کو تحقیق سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ اولیاء اللہ کا وسیلہ، انکے مزارات سے توسل واستمداد اور اولیاء اللہ کو پکارنا، یہ تمام امور دنیا میں سب سے زیادہ یمن اور حرمین شریفین میں کیے جاتے ہیں"۔ (الصواعق الالہیہ ص ۴۳)

مزید فرماتے ہیں، "(اے شیخ نجدی!) تمہارے مذہب کے باطل ہونے پر یہ حدیث بھی دلیل ہے کہ سرکارِ دوعالم ﷺ نے فرمایا، "اللہ تعالیٰ کی قسم! مجھے اس بات کا خوف نہیں کہ تم میرے بعد شرک کرنے لگو گے لیکن مجھے اس بات کا اندیشہ ہے کہ تم مال ودنیا کی محبت میں مستغرق ہو جاؤ گے اور دنیا کے حصول کے لیے آپس میں لڑنے لگو گے"۔ (بخاری جلد اول کتاب الجنائز)

اس حدیث کے تحت شیخ سلیمان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "یہ حدیث تمہارے مذہب کے خلاف ہے کیونکہ تمہارا عقیدہ یہ ہے کہ تمام امت مشرک ہو گئی اور تمام اسلامی ممالک بت پرستی سے بھر گئے اور تمام اسلامی دنیا میں کسی جگہ اسلام کی کوئی رمق باقی ہے تو وہ نجد میں ہے۔ یہاں تک کہ تمہارے خیال میں روم، یمن اور مغرب کے تمام علاقے (حرمین شریفین وغیرہ) شرک وبت پرستی سے بھرے ہوئے ہیں اور تم کہتے ہو کہ جو ان لوگوں کو کافر نہ کہے وہ خود بھی کافر ہے۔ پس تمہارے مطابق تمام بلادِ اسلام کے مسلمان کافر ومشرک ہیں جبکہ جو نیا دین تم لائے ہو اسکی عمر صرف دس سال ہے"۔ (الصواعق الالہیہ ص ۴۵)

گویا شیخ نجدی نے گیارہ سو سال تک کے تمام مسلمانوں کو کافر ومشرک قرار دے دیا

marfat.com
Marfat.com

حالانکہ مذکورہ حدیث کی رو سے نبی کریم ﷺ کی امت شرک سے محفوظ رہے گی۔

امتِ مسلمہ میں انبیاء واولیاء کرام سے توسل واستمداد کا انکار سب سے پہلے ابن تیمیہ نے کیا۔ پروفیسر علامہ نور بخش توکلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

”وہابیہ کے مورثِ اعلیٰ ابن تیمیہ نے تو کھلے الفاظ میں فتویٰ دے دیا کہ حضور سید المرسلین ﷺ کے روضہ شریف کی زیارت کے قصد (ارادہ) سے سفر کرنا معصیت (گناہ کا سفر) ہے جس میں نماز قصر نہیں کرنی چاہیئے۔ (معاذ اللہ) گویا ابن تیمیہ کے نزدیک زائرین کے علاوہ فرشتے بھی جو ہر روز صبح وشام اتر کر روضہ شریف پر حاضر ہوتے اور درود شریف پڑھتے ہیں اسی معصیت میں مبتلا ہیں۔ یہ حضور اکرم ﷺ کی جناب میں کمال درجے کی گستاخی ہے“۔ (سیرت رسول عربی ص ۵۵۵)

اسوقت کے علمائے حق نے ابن تیمیہ کی گرفت کی اور اسے قید کر دیا گیا۔ ۷۲۸ھ میں وہ قید ہی میں فوت ہوا۔ اسکے مرنے پر یہ فتنہ دب گیا۔ یہانتک کہ بارھویں صدی میں وہابیت ونجدیت کے روپ میں اس فتنے نے دوبارہ جنم لیا۔ اس درمیانی عرصے میں اِکا دُکا بدعتی اپنے گمراہ عقائد پھیلانے کی خفیہ کوششیں کرتے رہے جو بار آور ثابت نہ ہو سکیں کیونکہ علمائے حق ہر دور میں ابطالِ باطل کا فریضہ کماحقہ ادا کرتے رہے۔

علامہ شہاب الدین خفاجی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۶۹ھ) اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں،

”اولیاء اللہ کے مزارات کی زیارت کرنے اور انہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ بنانے پر مسلمانوں کا اتفاق ہے۔ اگرچہ ہمارے زمانے میں بعض ملحد بے دین لوگ اس کے منکر ہوئے۔ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف ان کے فساد کی فریاد ہے“۔

marfat.com
Marfat.com

(الامن والعلی ص ۸۶ حوالہ تفسیر عنایۃ القاضی)

## حرفِ آخر :

ان تمام دلائل وبراہین سے ثابت ہو گیا کہ ہر دور میں انبیاء کرام اور اولیاء عظام سے توسل واستمداد پر ملت مسلمہ کا اجماع رہا ہے۔ ان عقائد کو جلیل القدر ائمہ دین، مفسرین، محدثین اور فقہاء کرام (رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) نے اپنی اپنی کتب و فتاویٰ میں تحریر فرمایا ہے۔ جن میں سے اکثر حوالے اس کتاب میں پیش کیے گئے۔

اب آخر میں امام المحدثین شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۵۲ھ) کی تحریر ملاحظہ فرمائیں۔ ؎ شاید کہ ترے دل میں اتر جائے یہی بات!

آپ فرماتے ہیں، "آخر مانگنے والے استمداد سے کون سا ایسا معنی مراد لیتے ہیں کہ یہ فرقہ اس کا منکر ہے؟ ہمارے نزدیک تو یہی ہے کہ دعا مانگنے والا مقرب بندے کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے یا اس مقرب بندے کو پکارتا ہے کہ اے اللہ کے بندے! اے اللہ کے ولی! میرے لیے شفاعت کیجیے اور اللہ تعالیٰ سے دعا فرمایئے کہ میری مراد پوری ہو اور مجھے میرا مطلوب مل جائے۔

اگر یہ معنی شرک ہے جیسا کہ منکر گمان کرتا ہے تو چاہیے تھا کہ زندگی میں بھی صالحین سے توسل اور دعا مانگنا منع ہوتا جبکہ یہ بالاتفاق مستحب و مستحسن اور دین میں رائج ہے۔ اگر منکر یہ کہیں کہ وصال کے بعد اولیاء اپنے مرتبہ سے معزول ہو جاتے ہیں اور زندگی میں جو فضیلت و کرامت انہیں حاصل تھی وہ باقی نہیں رہتی تو اس پر کیا دلیل ہے؟............

ارواحِ کاملین سے استمداد اور استفادہ کے بارے میں اہلِ کشف سے جو واقعات

marfat.com
Marfat.com

مردی ہیں. وہ گنتی سے باہر ہیں، انکے رسائل اور کتابوں میں مذکور اور انکے درمیان مشہور ہیں۔ یہاں انکے ذکر کی ضرورت نہیں اور شاید متعصب منکر کے لیے انکے کلمات مفید بھی نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس بد عقیدگی سے محفوظ رکھے"۔

پھر مزید دلائل دے کر فرماتے ہیں،

"ہم نے اس موضوع پر طویل کلام کیا منکروں کی ناک خاک آلود کرنے کے لیے کیونکہ ہمارے زمانے میں چند لوگ ایسے پیدا ہو گئے ہیں جو اولیاء اللہ سے مدد مانگنے کے منکر ہیں۔ وہ اولیاء اللہ کی بارگاہ میں توجہ کرنے والوں کو مشرک اور بت پرست سمجھتے ہیں اور جو منہ میں آئے بک دیتے ہیں"۔

**(اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ، جلد ۳ ص ۴۰۱، ملخصا)**

اللھم ارنا الحق حقاً وارزقنا اتباعه وارنا الباطل باطلاً وارزقنا اجتنابه

"اے اللہ! ہمیں حق کا حق ہونا دکھادے اور اسکی اتباع کرنے کی توفیق دے
اور ہمیں باطل کا باطل ہونا دکھادے اور اس سے بچنے کی توفیق عطا فرما"

آمین یا رب العالمین بحرمة سید المرسلین علیه وعلیٰ اله افضل الصلوٰة والتسلیم

واخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمین

marfat.com
Marfat.com

پیر طریقت رہبر شریعت

علامہ سید شاہ تراب الحق قادری دامت برکاتہم العالیہ

کی جمعہ کی تقاریر 30-12 (ساڑھے بارہ بجے)

انٹرنیٹ پر براہ راست سماعت فرمائیں

www.ahlesunnat.net

جبکہ

دینی مسائل کے حل ای میل پر دریافت فرمائیں

E-mail: sitemaster@ahlesunnat.net

حضرت علامہ علامہ سید شاہ تراب الحق قادری دامت برکاتہم العالیہ

کی آواز میں ایک ہزار سے زائد شرعی سوالات، جوابات پر مشتمل CD

مصلح الدین لائبریری، میمن مسجد مصلح الدین گارڈن کراچی

سے رعایتی قیمت پر حاصل فرمائیں۔

marfat.com
Marfat.com

مُفکرِ اسلام، پیرِ طریقت علامہ سید شاہ تراب الحق قادری مدظلہ العالی
کی ایمان افروز اور روح پرور تصانیف

| | |
|---|---|
| ضیاء الحدیث | مسنون دُعائیں |
| دعوت تنظیم | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بچوں سے محبت |
| تفسیر سورۃ فاتحہ | مبارک راتیں |
| اسلامی عقائد (اردو) | جمال مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم |
| اسلامی عقائد (انگریزی) | فلاح دارین |
| خواتین اور دینی مسائل | عظمت مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم |
| کتاب الصلوٰۃ | تصوف و طریقت |

Design by: Media Grafiks Ph:021-2639245